الْغَفَّارُ بَعَثَ مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْحَقِّ نَبِيًّا صَفِيًّا
بَرِيًّا مِّنَ الْعَاهَاتِ كُلِّهَا فَبَلَّغَ مَآ اُنْزِلَ بِهٖ سِرَاجًا زَاهِرًا
وَّنُوْرًا سَاطِعًا وَّبُرْهَانًا لَّامِعًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلٰى
اٰلِهٖ اَجْمَعِيْنَ ثُمَّ اِنَّ هٰذِهِ الْاُمُوْرَ كُلَّهَا بِيَدِ اللّٰهِ يُصَرِّفُهَا
فِيْ طَرَآئِقِهَا وَيُمْضِيْهَا فِيْ حَقَآئِقِهَا لَا مُقَدِّمَ لِمَا اَخَّرَ وَلَا مُؤَخِّرَ
لِمَا قَدَّمَ وَلَا يَجْتَمِعُ اثْنَانِ اِلَّا بِقَضَآئِهٖ وَقَدَرِهٖ وَلِكُلِّ
قَضَآءٍ قَدَرٌ وَّلِكُلِّ قَدَرٍ اَجَلٌ لِّكُلِّ اَجَلٍ كِتَابٌ يَمْحُو اللّٰهُ مَا يَشَآءُ وَ
يُثْبِتُ وَعِنْدَهٗ اُمُّ الْكِتٰبِ كَانَ مِنْ قَضَآءِ اللّٰهِ وَقَدَرِهٖ
اَنْ فُلَانَ بْنَ فُلَانٍ بْنِ فُلَانٍ يَخْطُبُ كَرِيْمَتَكُمْ فُلَانَةَ
بِنْتَ فُلَانٍ وَّقَدْ اَسْكَنَكُمْ رَاغِبًا فِيْكُمْ خَاطِبًا كَرِيْمَتَكُمْ وَ
قَدْ بَذَلَ لَهُمْ مِّنَ الصَّدَاقِ مَا وَثَقَ عَلَيْهِ الْاِتِّفَاقُ فَزَوِّجُوْا
خَاطِبَكُمْ وَاَنْكِحُوْا رَاغِبَكُمْ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى وَاَنْكِحُوا الْاَيَامٰى
مِنْكُمْ وَالصّٰلِحِيْنَ مِنْ عِبَادِكُمْ وَاِمَآئِكُمْ اِنْ يَّكُوْنُوْا فُقَرَآءَ

اور اپنے عملون کی برائیون سے ہم اللہ کی ہی پناہ لیتے ہین پس جسکو اللہ ہدایت کرے اُسے
کوئی گمراہ کرنیوالا نہین اور جسکو اللہ گمراہ کرے اُسے کوئی ہدایت کرنیوالا نہین اور
مین گواہی دیتا ہون کہ بجز اللہ کے کوئی معبود برحق نہین اور مین گواہی دیتا ہون
کہ محمد صلعم اسکے بندہ ہین اور اسکے رسول ہین اے لوگو اپنے پروردگار سے ڈرو جسنے تمکو ایک جان سے
پیدا کیا اور اُسی سے اُسکا جوڑا بنایا اور اُن دونون سے بہت سے مرد اور عورتین پھیلائین اور
ڈرو اللہ سے جسکے نام سے مانگتے ہو اور (ڈرو) قرابت سے تحقیق اللہ تمپر نگہبان ہے اے ایمان
والو اللہ سے ڈرو اور مضبوط بات کہو تمہارے واسطے تمہارے عمل سنوار یگا اور تمہارے لیے
تمہارے گناہ بخشیگا اور جو کوئی اللہ اور اسکے رسول کی فرمانبرداری کریگا پس تحقیق وہ
بڑی مراد کو پہونچا اور مستحب ہے کہ ان آیتون کے ساتھ اللہ تعالی کے (اس) قول کو بھی ملائے
اور اپنے بیبی رانڈون کو نکاح کرو اور اپنے غلامون اور لونڈیون مین سے نیکوکارون کو اگر وہ
فقیر ہونگے تو اللہ تعالی اپنے فضل سے انکو غنی کردیگا اور اللہ کشایش والا جاننے والا ہے جسکو
چاہتا ہے بغیر حساب کے رزق دیتا ہے اور اگر اس خطبہ کے سوا کوئی اور خطبہ پڑھے تو جائز ہے
جیسے کہ یون کہے سب تعریف اللہ کو ہے جو اپنی نعمتون سے اکیلا ہے اپنی بخشش سے دینے والا ہے
وہ اللہ جو اپنے نامون سے ظاہر ہوا اور اپنی بزرگی مین اکیلا ہے اسکی صفت کرنیوالے اسکی صفت
نہین کرسکتے اور اسکی تعریف کرنیوالے اسکی پوری تعریف نہین کرسکتے بجز اللہ کے کوئی
معبود برحق نہین جو اکیلا اور بے پروا اور معبود ہے اسکی مثل کوئی چیز نہین اور وہ سننے
والا دیکھنے والا ہے اللہ غالب بخشنے والا برکت والا ہے اسنے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو حق کے ساتھ
نبی تمام عیبون سے پاک صاف بھیجا ہے پس جو کچھ دیکر آپ بھیجے گئے تھے وہ آپنے پہونچا دیا اور
وہ چراغ روشن اور نور بلند اور چمکتی ہوئی دلیل ہے اللہ تعالی آپ پر اور آپ کی تمام
آل پر درود بھیجے پھر تحقیق یہ کام سب کے سب اللہ کے ہاتھ مین ہین انکو اُنکے رستون
مین پھیرتا ہے اور انکو انکی مناسب جگہون مین چلاتا ہے جسکو وہ پیچھے کرے اُسے کوئی
آگے کرنیوالا نہین اور جسکو وہ آگے کرے اُسے کوئی پیچھے کرنیوالا نہین اور بجز اسکی قضا
و قدر کے دو جمع نہین ہوسکتے اور ہر قضا کے لیے تقدیر ہے اور ہر تقدیر کے لیے ایک وقت مقرر ہے
اور ہر وقت کے لیے کتاب ہے اللہ جو چاہتا ہے مٹاتا ہے اور ثابت رکھتا ہے اور لوح محفوظ اسیکے پاس ہے اور اسی
کی قضا و قدر مین تھا کہ فلان شخص فلان کا بیٹا تمہاری فلانی فلان کی نیک لڑکی کی درخواست کرتا ہے
اور وہ تم مین رغبت کرتا ہوا تمہاری نیک لڑکی کا خطبہ کرتا ہوا تمہارے پاس آیا ہے اور اسنے اسکے
لیے اتنا مہر جسپر اتفاق ہوا ہے خرچ کردیا ہے پس تم اپنے خطبہ کرنے والے کو اور اپنے
رغبت کرنیوالے کو نکاح کردو اللہ تعالی نے فرمایا اور اپنے مین سے رانڈون کو نکاح کرو
اور اپنے غلامون اور لونڈیون مین سے نیکوکارون کو نکاح کرو۔ اگر وہ فقیر ہونگے

يُغْنِهِمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ فَاِذَا فَرَغَ مِنَ الْخُطْبَةِ
عَقَدَ النِّكَاحَ عَلٰى مَا قَدَّمْنَا ذِكْرَهٗ

تو اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے انہین غنی کردیگا اور اللہ کشایش والا جاننے والا ہی اور جب
خطبہ سے فارغ ہو تو نکاح باندہے جسطرح ہمنے آگے اسکا بیان کیا۔

بَابٌ فِي الْاَمْرِ بِالْمَعْرُوْفِ وَالنَّهْيِ عَنِ الْمُنْكَرِ

باب اچھی بات کا حکم کرنے اور بری بات سے روکنے کی بیان مین

وَقَدْ ذَكَرَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ الْاٰمِرِيْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَالنَّاهِيْنَ عَنِ
الْمُنْكَرِ وَمَدَحَهُمْ فِيْ كِتَابِهٖ قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ اَلْاٰمِرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ
وَالنَّاهُوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَالْحَافِظُوْنَ لِحُدُوْدِ اللّٰهِ وَقَالَ اللّٰهُ
تَعَالٰى كُنْتُمْ خَيْرَ اُمَّةٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ
وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَتُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى وَ
الْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنٰتُ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ يَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ
وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَرُوِيَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
اَنَّهٗ قَالَ لَتَاْمُرُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ وَلَتَنْهَوُنَّ عَنِ الْمُنْكَرِ اَوْ
لَيُسَلِّطَنَّ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ شِرَارَكُمْ عَلٰى خِيَارِكُمْ فَيَدْعُوْا
خِيَارُكُمْ فَلَا يُسْتَجَابُ لَهُمْ وَرُوِيَ سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ
عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُرُوْا
بِالْمَعْرُوْفِ وَانْهَوْا عَنِ الْمُنْكَرِ قَبْلَ اَنْ تَدْعُوْا فَلَا يُسْتَجَابُ لَكُمْ
وَقَبْلَ اَنْ تَسْتَغْفِرُوْا فَلَا يُغْفَرُ لَكُمْ اَلَا اِنَّ الْاَمْرَ بِالْمَعْرُوْفِ
وَالنَّهْيَ عَنِ الْمُنْكَرِ لَا يُدْنِيَانِ مِنْ اَجَلٍ وَلَا يُنْقِصَانِ مِنْ رِزْقٍ وَ
اِنَّ الْاَحْبَارَ مِنَ الْيَهُوْدِ وَالرُّهْبَانَ مِنَ النَّصَارٰى لَمَّا
تَرَكُوا الْاَمْرَ بِالْمَعْرُوْفِ وَالنَّهْيَ عَنِ الْمُنْكَرِ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ عَلٰى
اَلْسِنَةِ اَنْبِيَآئِهِمْ ثُمَّ عَمَّهُمْ بِالْبَلَآءِ وَالْاَمْرُ بِالْمَعْرُوْفِ وَ
النَّهْيُ عَنِ الْمُنْكَرِ وَاجِبَانِ عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ حُرٍّ مُتَكَلِّفٍ عَالِمٍ
بِذٰلِكَ بِشَرْطِ الْقُدْرَةِ عَلٰى وَجْهٍ لَا يُؤَدِّيْ اِلٰى فَسَادٍ عَظِيْمٍ
وَضَرَرٍ فِيْ نَفْسِهٖ وَمَالِهٖ وَاَهْلِهٖ وَلَا فَرْقَ بَيْنَ اَنْ يَّكُوْنَ
اِمَامًا اَوْ عَالِمًا اَوْ قَاضِيًا اَوْ وَاحِدًا مِنَ الرَّعِيَّةِ وَاِنَّمَا شَرَطْنَا
اَلْعِلْمَ بِالْمُنْكَرِ وَالْقَطْعَ بِهٖ لِمَا فِيْ ذٰلِكَ مِنْ خَوْفِ الْوُقُوْعِ
فِي الْاِثْمِ اِذْ لَا يَاْمَنُ الْمُنْكِرُ اَنْ يَّكُوْنَ الْاَمْرُ بِخِلَافِ مَا
ظَنَّ وَقَدْ قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اجْتَنِبُوْا
كَثِيْرًا مِّنَ الظَّنِّ اِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ اِثْمٌ وَلَا يَجِبُ عَلَيْهِ
تَجَسُّسٌ مُلْتَمِسًا لِاَنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى نَهٰى عَنْ ذٰلِكَ فَقَالَ

اور اللہ عزوجل اچھی بات کے حکم کرنیوالون اور بری بات سے روکنیوالون کا بیان فرمایا
اور اپنی کتاب مین تعریف کی ہی اللہ عزوجل نے فرمایا وہ اچھی بات کا حکم کرنیوالے
ہین اور بری بات سے روکنیوالے ہین اور اللہ کی حدون کو نگاہ رکھنے والے ہین
اور اللہ کے ساتھ ایمان لاتے ہین اللہ تعالیٰ نے فرمایا اور مومن مرد اور مومن عورتین
بعض اُنکے بعض کے دوست ہین اچھی بات کا حکم کرتے ہین اور بری بات سے منع
کرتے ہین اور نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے روی آپنے فرمایا البتہ تم اچھی بات کا
حکم کروگے اور بری بات سے منع کروگے یا البتہ اللہ عزوجل تمہارے بروں کو
تمہارے نیکون پر مسلط کردیگا پس تمہارے نیک لوگ دعا کرینگے اور انکی دعا
قبول نہ کی جاویگی اور سالم بن عبداللہ بن عمر نے اپنے باپ سے روایت کی
انہون نے کہا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم اچھی بات کا حکم کرو
اور بری بات سے منع کرو پہلے اسکے کہ تم دعا کرو اور تمہاری دعا قبول
نہ کی جاوے اور پہلے اسکے کہ تم بخشش مانگو اور تمہارے لیے بخشش نہ کی جاوے
خبردار اچھی بات کا حکم کرنا اور بری بات سے روکنا روزی کو دور نہین کرتا
اور عمر کو کم نہین کرتا خبردار جب یہودیون سے علماء نے اور نصاریٰ مین سے
زاہدون نے اچھی بات کا حکم کرنا اور بری بات سے روکنا چھوڑ دیا تو اللہ
تعالیٰ نے اُنکے پیغمبرون کی زبانون کے ذریعہ سے انکو لعنت کردی پھر وہ سب
سب بلاؤن مین گرفتار کیے گئے اچھی بات کا حکم کرنا اور بری بات سے منع کرنا ہر
ایک مسلمان آزاد عاقل بالغ اُسکے جاننے والے پر واجب ہے لیکن شرط
قدرت کے ایسی وجہ پر کہ بڑے فساد کی حد تک اور اُسکے جان اور مال اور عیال
کی تکلیف کی حد تک نہ پہونچاوے اور اسمین کچھ فرق نہین کہ وہ امام ہو یا
عالم ہو یا قاضی ہو یا کوئی شخص رعیت مین سے ہو اور ہمنے بری بات کے علم
ہونے اور اُسپر یقین ہونے کی اسلیے شرط لگائی ہی کہ اسمین گناہ مین واقع
ہونے کا خوف ہی کیونکہ منع کرنے والا اس بات سے بے خوف نہین کہ وہ کلام
اسکے گمان کے برخلاف ہو حالانکہ اللہ تعالےٰ نے فرمایا ہی اے ایمان والو بہت
گمان کرنے سے بچو بیشک بعض گمان گناہ ہی اور جو چیز اُس سے پوشیدہ ہی اسکا ظاہر کرنا
اُسپر واجب نہین کیونکہ اللہ تعالےٰ نے اس سے منع فرمایا ہی اور فرمایا اللہ نے

وَلَا تَجَسَّسُوا إِنَّمَا الْوَاجِبُ عَلَيْهِ إِنْكَارُ مَا ظَهَرَ وَفِي بَحْثِ مَا سُتِرَ كَشْفُ السِّتْرِ وَذَلِكَ مَمْنُوعٌ عَنْهُ **فَصْلٌ** وَإِنَّمَا شَرَطْنَا الْقُدْرَةَ عَلَى ذَلِكَ لِمَا رُوِيَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ مَا مِنْ قَوْمٍ يَكُونُ فِيهِمْ رَجُلٌ يَعْمَلُ الْمَعَاصِيَ وَيَقْدِرُونَ أَنْ يُغَيِّرُوا عَلَيْهِ فَلَا يُغَيِّرُوا عَلَيْهِ إِلَّا أَنْ عَمَّهُمُ اللهُ بِعَذَابٍ قَبْلَ أَنْ يَتُوبُوا فَقَدْ شَرَطَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْقُدْرَةَ فِي ذَلِكَ وَكَذَا إِذَا كَانَتِ الْغَلَبَةُ لِأَهْلِ الْفَسَادِ وَعَدَمُ السُّلْطَانِ وَمُعَاوَنَةُ أَهْلِ الْخَيْرِ وَأَمَّا إِذَا كَانَ الْإِنْكَارُ تَعْزِيرًا بِالنَّفْسِ فَحُقُوقُ ضَرْبِهِ وَمَالِهِ فَلَا يَجِبُ عَلَيْهِ ذَلِكَ لِقَوْلِهِ عَزَّ وَجَلَّ وَلَا تُلْقُوا بِأَيْدِيكُمْ إِلَى التَّهْلُكَةِ وَقَوْلِهِ عَزَّ وَجَلَّ وَلَا تَقْتُلُوا أَنْفُسَكُمْ وَقَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَنْبَغِي لِلْمُؤْمِنِ أَنْ يُذِلَّ نَفْسَهُ قِيلَ يَا رَسُولَ اللهِ كَيْفَ يُذِلُّ نَفْسَهُ قَالَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَتَعَرَّضُ لِمَا لَا يُطِيقُهُ وَقَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا رَأَيْتُمْ أَمْرًا لَا تَسْتَطِيعُونَ تَغْيِيرَهُ فَاصْبِرُوا حَتَّى يَكُونَ اللهُ تَعَالَى هُوَ الَّذِي يُغَيِّرُ فَإِذَا ثَبَتَ أَنَّهُ لَا يَجِبُ عَلَيْهِ الْإِنْكَارُ فَهَلْ يَحْرُمُ إِنْكَارُهُ إِذَا غَلَبَ عَلَى ظَنِّهِ الْخَوْفُ عَلَى نَفْسِهِ فَعِنْدَنَا يَحْرُمُ ذَلِكَ وَهُوَ الْأَفْضَلُ إِذَا كَانَ مِنْ أَهْلِ الْعَزِيمَةِ وَالصَّبْرِ فَهُوَ كَالْجِهَادِ فِي سَبِيلِ اللهِ مَعَ الْكُفَّارِ وَقَدْ قَالَ اللهُ تَعَالَى فِي قِصَّةِ لُقْمَانَ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَأْمُرْ بِالْمَعْرُوفِ وَانْهَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَاصْبِرْ عَلَى مَا أَصَابَكَ وَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِأَبِي هُرَيْرَةَ يَا أَبَا هُرَيْرَةَ مُرْ بِالْمَعْرُوفِ وَانْهَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَاصْبِرْ عَلَى مَا أَصَابَكَ وَلَا سِيَّمَا إِذَا كَانَ ذَلِكَ عِنْدَ سُلْطَانٍ جَائِرٍ أَوْ لِإِظْهَارِ كَلِمَةِ الْإِيمَانِ عِنْدَ ظُهُورِ كَلِمَةِ الْكُفْرِ لِأَنَّ الْفُقَهَاءَ اتَّفَقُوا عَلَى ذَلِكَ وَإِنَّمَا الْخِلَافُ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمْ فِي غَيْرِ هَذَيْنِ الْمَوْضِعَيْنِ **فَصْلٌ** فَإِذَا ثَبَتَ وُجُوبُ الْإِنْكَارِ فَالْمُنْكِرُونَ ثَلَاثَةُ أَقْسَامٍ فَمِنْهُمْ مَنْ يَكُونُ إِنْكَارُهُمْ بِالْيَدِ وَهُمُ الْأَئِمَّةُ وَالسَّلَاطِينُ وَالْقِسْمُ الثَّانِي إِنْكَارُهُمْ

اور تم جستجو نہ کرو اور اُسپر صرف اُسی چیز کا انکار کرنا واجب ہے جو ظاہر ہو اور پوشیدہ بات مین بحث کرنا پردہ کھولنا ہی اور اس سے (شریعت مین) ممانعت کی گئی ہے

فصل اور ہمنے اس امر پر قدرت کی شرط صرف اس واسطے لگائی ہے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی مروی ہی آپنے فرمایا جو ایسی قوم ہو کہ اُسمین کوئی آدمی گناہ کرتا ہو اور وہ اُسکو گناہ سے پھیر دینے پر قادر ہون اور اسے نہ پھیرین تو اللہ تعالیٰ اُن سب کو عذاب مین گرفتار کرتا ہی پہلے اسکے کہ توبہ کرین تو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ہی اُسمین قدرت کی شرط کی اور یہ اُس وقت ہی جب نیک لوگون کا غلبہ اور بادشاہ کا عدل اور بھلائی والون کی مدد ہو اور جب منع کرنا باعث تعزیر نفس ہو اور اُسکے اور اسکے مال کے لیے باعث تکلیف ہو تو پھر اُسپر منع کرنا واجب نہین کیونکہ اللہ عزوجل نے فرمایا ہی اپنے ہاتھون کو ہلاکت مین نہ ڈالو اور اللہ عزوجل نے فرمایا اور اپنی جانون کو قتل نہ کرو اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مومن کو اپنی جان کا ذلیل کرنا درست نہین عرض کیا گیا یا رسول اللہ مومن کسطرح اپنی جان کو ذلیل کرتا ہے حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس کام کی اُسے طاقت نہ ہو اُسمین دخل نہ دیوے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم کسی ایسے کام کو دیکھو جسکے پھیر دینے کی تم طاقت نہین رکھتے تو صبر کرو یہانتک کہ اللہ ہی اُسے پھیر دے ثابت ہو گیا کہ (بوقت تعزیر نفس اور ہلاکت جان و مال) اُسپر منع کرنا واجب نہین تو کیا اُس وقت بھی منع کرنا درست ہے یا نہین جب اپنی جان کی ہلاکت کے خوف کا اُسے ظن غالب ہو پس ہمارے نزدیک یہ جائز ہی اور یہی افضل ہے جبکہ اہل قصد و صبر مین سے ہو پس یہ کام ایسا ہوگا جیسا کہ کافرون سے جہاد۔ اور اللہ تعالیٰ نے لقمان علیہ السلام کے قصے مین فرمایا اور اچھی بات کا حکم کر اور بری بات سے منع کر اور جو تجھے تکلیف پہونچے اُسپر صبر کر اور نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے فرمایا اے ابو ہریرہ اچھی بات کا حکم کر اور بری بات سے منع کر اور جو تجھے تکلیف پہونچے اُسپر صبر کر خصوصاً جبکہ ظالم بادشاہ کو یا اُسے یا بوقت ظاہر ہونے کلمہ کفر کے ایمان کا کلمہ ظاہر کرنے کے لیے ہو کیونکہ فقہا نے اسپر اتفاق کیا ہی اور ہم مین اور اُن مین اختلاف ان دونون جگہون کے سوا اور جگہون مین ہے **فصل** پس جب انکار کا واجب ہونا ثابت ہو گیا پس انکار کرنے والے تین قسم ہین۔ ایک وہ قسم ہے جن کا انکار ہاتھ (یعنے مارنے پیٹنے) سے ہو وہ امام اور بادشاہ ہین دوسری وہ قسم ہے جن کا انکار زبان سے ہو۔

بِاللِّسَانِ دُوْنَ الْيَدِ وَهُمُ الْعُلَمَاءُ وَالْقِسْمُ الثَّالِثُ اِنْكَارُهُمْ
بِالْقَلْبِ وَهُمُ الْعَامَّةُ وَقَدْ جَاءَ فِيْ هٰذَا الْمَعْنٰى حَدِيْثٌ وَّ
هُوَ مَا رَوَى اَبُوْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيُّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ اِذَا رَاٰى اَحَدٌ مِّنْكُمْ مُنْكَرًا فَلْيُغَيِّرْهُ بِيَدِهٖ فَاِنْ
لَّمْ يَسْتَطِعْ فَبِلِسَانِهٖ فَاِنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ فَبِقَلْبِهٖ وَذٰلِكَ اَضْعَفُ
الْاِيْمَانِ يَعْنِيْ اَضْعَفُ فِعْلِ الْاِيْمَانِ وَقَدْ رُوِيَ عَنْ
بَعْضِ الصَّحَابَةِ اَنَّهٗ قَالَ اِذَا رَاٰى اَحَدٌ مِّنْكُمْ مُنْكَرًا لَّا
يَسْتَطِيْعُ النَّكِيْرَ عَلَيْهِ فَلْيَقُلْ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ اَللّٰهُمَّ اِنَّ هٰذَا
مُنْكَرٌ فَاِذَا قَالَ ذٰلِكَ كَانَ لَهٗ ثَوَابُ مَنْ اَمَرَ بِالْمَعْرُوْفِ وَ
نَهٰى عَنِ الْمُنْكَرِ **فَصْلٌ** وَاِنْ غَلَبَ عَلٰى ظَنِّهٖ عَدَمُ
زَوَالِ الْمُنْكَرِ وَبَقَاؤُهٗ عَلٰى ذٰلِكَ فَهَلْ يَجِبُ عَلَيْهِ الْاِنْكَارُ
اَمْ لَا عَلٰى رِوَايَتَيْنِ عَنِ الْاِمَامِ اَحْمَدَ اِحْدٰهُمَا يَجِبُ
لِاَنَّ فِيْهِ تَرْغِيْمًا وَّتَزْجِيْرًا وَّتَرْقِيْقًا لِّقَلْبِهٖ وَيُلْحَقُهُ التَّوْفِيْقُ
وَالْهِدَايَةُ بِبَرَكَةِ صِدْقِهٖ فَيَرْجِعُ عَمَّا هُوَ عَلَيْهِ وَالظَّنُّ
لَا يَمْنَعُ مِنْ جَوَازِ اِنْكَارِهٖ وَالرِّوَايَةُ الْاُخْرٰى لَا يَجِبُ عَلَيْهِ
اِنْكَارُهٗ حَتّٰى يَغْلِبَ عَلٰى ظَنِّهٖ زَوَالُهٗ لِاَنَّ الْقَصْدَ بِالْاِنْكَارِ
زَوَالُ الْمُنْكَرِ فَاِذَا قَوِيَ فِي الظَّنِّ بَقَاؤُهٗ كَانَ تَرْكُهُ اَوْلٰى
فَصْلٌ وَيُشْتَرَطُ فِي الْاٰمِرِ بِالْمَعْرُوْفِ وَالنَّاهِيْ عَنِ
الْمُنْكَرِ خَمْسُ شَرَائِطَ اَوَّلُهَا اَنْ يَّكُوْنَ عَالِمًا بِمَا يَاْمُرُ وَ
يَنْهٰى وَالثَّانِيْ اَنْ يَّكُوْنَ قَصْدُهٗ وَجْهَ اللّٰهِ وَاِعْزَازَ دِيْنِ
اللّٰهِ وَاِعْلَاءَ كَلِمَةِ اللّٰهِ وَاَمِرَةٌ دُوْنَ الرِّيَاءِ وَالسُّمْعَةِ وَ
الْحَمِيَّةِ لِنَفْسِهٖ فَاِنَّمَا يَنْصُرُ وَيُوَقِّيْ وَيَزُوْلُ بِهِ الْمُنْكَرُ
اِذَا كَانَ صَادِقًا مُّخْلِصًا قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى اِنْ تَنْصُرُوا اللّٰهَ
يَنْصُرْكُمْ وَيُثَبِّتْ اَقْدَامَكُمْ وَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى اِنَّ اللّٰهَ
مَعَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا وَّالَّذِيْنَ هُمْ مُّحْسِنُوْنَ فَاِذَا اتَّقَى
الشِّرْكَ وَتَرَكَ نَظَرَ الْخَلْقِ فِيْ اِنْكَارِهٖ وَاَحْسَنَ الْعَمَلَ
بِاِخْلَاصٍ فَوْقَ ذٰلِكَ كَانَ الظَّفَرُ لَهٗ وَاِنْ كَانَ غَيْرَ ذٰلِكَ
كَانَ لَهُ الْخِذْلَانُ وَالصَّغَارُ وَالذِّلَّةُ وَالْمَهَانَةُ
وَبَقَاءُ الْمُنْكَرِ عَلٰى حَالِهٖ بَلْ رُبَّمَا زَادَتْهُ وَنَقَاهُ وَضَرَّا

سوا ہاتھ کے اور وہ علماء ہین اور تیسرا قسم انکا منع کرنا ہے دل سے اور وہ لوگ عام ہین
اور اسی مطلب مین ایک حدیث مروی ہی اور وہ یہ ہی جو ابو سعید خدری نے نبی صلی
اللہ علیہ وسلم سے روایت کی آپنے فرمایا جب تم مین سے کوئی بری بات دیکھے تو
اُسے اپنے ہاتھ سے بدل دے اور اگر اُسے یہ بھی طاقت نہین تو اپنے دل سے (اُسکو
برا سمجھے) اور یہ بہت ضعیف ایمان ہی یعنے یہ کام ایمان کا بہت ضعیف ہے
اور بعض صحابہ سے مروی ہے انہون نے کہا جب تم مین سے کوئی ایسی بات
دیکھے جس سے منع کرنے کی اُسے طاقت نہ ہو تو چاہیئے کہ تین دفعہ یہ کہے یا
اللہ بیشک برائی ہی جب وہ یہ کہیگا تو اُسے اُس شخص کا سا ثواب ہوگا جس
نے اچھی بات کا حکم کیا اور بری بات سے منع کیا **فصل** اور اگر اُسے اُس
برائی کے دور نہونے کا اور اُس شخص کے اُسی برائی پر قائم رہنے کا غالب
ظن ہو تو کیا منع کرنا اُسپر واجب ہے یا نہین اسمین امام احمد سے دو
روایتین ہین اُن مین سے ایک یہ ہے کہ منع کرنا واجب ہے کیونکہ ممکن ہے کہ
وہ باز آجاوے اور ہٹ جاوے اور اُسکا دل نرم ہوجاوے اور اُسے (نیک کام کی)
توفیق اور اس شخص کے صدق کی برکت سے ہدایت ہوجاوے اور جو برائی کرتا
ہی اُس سے باز آجاوے اور صرف ظن کرنا اُسکے منع کرنے کے جواز کو نہین روکتا
اور دوسری روایت یہ ہے کہ اُسپر اُسکا منع کرنا واجب نہین جب تک اُس
برائی کے دور ہوجانے مین اسکا ظن غالب ہو کیونکہ منع کرنے سے مقصود برائی کا دور
کرنا ہی جب ظن مین برائی کا باقی رہنا قوی ہو تو اُسکا ترک کرنا بہتر ہے **فصل**
اور اچھی بات کے حکم کرنے اور بری بات سے منع کرنیمین پانچ شرطین ہین انمین سے
اول یہ ہے کہ وہ جس کام کا حکم دیتا ہی اور جس کام سے منع کرتا ہی اُسے جانتا ہو دوسری
یہ ہی کہ مقصود اللہ کی ذات اور اللہ کے دین کی عزت اور اللہ کے کلمہ کو بلند کرنا ہو اور
اسکا حکم کرنا دکھانے اور سننے اور اپنے نفس کی حمیت کی غرض سے نہ ہو تو ایسا
شخص بیشک مدد کیا جاتا ہی اور توفیق دیا جاتا ہی اور اسکے ذریعہ سے برائی دور ہوجاتی
ہی جب وہ سچا مخلص ہو اللہ تعالی نے فرمایا اگر تم اللہ کے دین کی مدد کروگے تو اللہ تمہاری مدد کریگا اور
تمہارے قدمونکو ثابت رکھیگا اور اللہ تعالی نے فرمایا بیشک اللہ اُن لوگونکے ساتھ ہی جو پرہیزگار ہین
اور اُن لوگونکے ساتھ ہی جو احسان کرتے ہین پس جب وہ خود شرک سے بچے اور اُس سے منع کرنیمین
خلقت کو دیکھنا اُسے مقصود نہ ہو اور سمین اپنا عمل اچھا اخلاص سے کرے تو اسکے لیے
فتح مندی ہوگی اور اگر اسکے سوا کچھ اور غرض ہو تو اسکے لیے بے توفیقی اور بے عزتی اور ذلت اور
برائی بحالہ باقی رہیگی بلکہ وہ برائی زیادہ ہوگی اور اُس کا غلبہ ہوگا —

اَهْلِ الْمَعَاصِیْ وَاتِّفَاقُ شَیَاطِیْنِ الْاِنْسِ وَالْجِنِّ عَلٰی مُخَالَفَةِ
اللّٰهِ تَعَالٰی وَتَرْكِ طَاعَتِهٖ وَارْتِكَابِ الْمُحَرَّمَاتِ وَالثَّالِثُ
اَنْ یَّكُوْنَ اَمْرُهٗ وَنَهْیُهٗ بِاللِّیْنِ وَالتُّؤَدَةِ لَا بِالْعَظَاظَةِ
وَالْغِلْظَةِ بَلْ بِالرِّفْقِ وَالنُّصْحِ وَالشَّفَقَةِ عَلٰی اَخِیْهِ كَیْفَ
وَافَقَ عَدُوَّهُ الشَّیْطَانَ اللَّعِیْنَ الَّذِیْ قَدِ اسْتَوْلٰی
عَلٰی عَقْلِهٖ وَزَیَّنَ لَهٗ مَعْصِیَةَ رَبِّهٖ وَمُخَالَفَةَ اَمْرِهٖ یُرِیْدُ
بِذٰلِكَ اِهْلَاكَهٗ وَاِدْخَالَهُ النَّارَ كَمَا قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی
اِنَّمَا یَدْعُوْا حِزْبَهٗ لِیَكُوْنُوْا مِنْ اَصْحٰبِ السَّعِیْرِ وَقَالَ اللّٰهُ
تَعَالٰی لِنَبِیِّهٖ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَبِمَا رَحْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ
لِنْتَ لَهُمْ وَلَوْ كُنْتَ فَظًّا غَلِیْظَ الْقَلْبِ لَانْفَضُّوْا
مِنْ حَوْلِكَ وَقَالَ تَعَالٰی لِمُوْسٰی وَهٰرُوْنَ حِیْنَ بَعَثَهُمَا
اِلٰی فِرْعَوْنَ فَقُوْلَا لَهٗ قَوْلًا لَّیِّنًا لَّعَلَّهٗ یَتَذَكَّرُ اَوْ یَخْشٰی
وَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْ حَدِیْثِ اُسَامَةَ لَا
یَنْبَغِیْ لِاَحَدٍ اَنْ یَّاْمُرَ بِالْمَعْرُوْفِ وَیَنْهٰی عَنِ الْمُنْكَرِ حَتّٰی
یَكُوْنَ فِیْهِ ثَلٰثُ خِصَالٍ عَالِمًا بِمَا یَاْمُرُ عَالِمًا بِمَا یَنْهٰی رَفِیْقًا
فِیْمَا یَاْمُرُ رَفِیْقًا فِیْمَا یَنْهٰی الرَّابِعُ اَنْ یَّكُوْنَ صَبُوْرًا حَلِیْمًا
حَمُوْلًا مُتَوَاضِعًا زَائِلَ الْهَوٰی قَوِیَّ الْقَلْبِ لَیِّنَ
الْجَانِبِ طَبِیْبًا یُدَاوِیْ مَرِیْضًا حَكِیْمًا یُدَاوِیْ مَجْنُوْنًا
اِمَامًا هَادِیًا قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی وَجَعَلْنَا مِنْهُمْ اَئِمَّةً یَّهْدُوْنَ
بِاَمْرِنَا لَمَّا صَبَرُوْا وَعَلٰی اِحْتِمَالِ الْاَذٰی مِنْ قَوْمِهِمْ عَلٰی نُصْرَةِ
دِیْنِ اللّٰهِ وَاِعْزَازِهٖ وَالْقِیَامِ مَعَهٗ فَجَعَلَهُمْ اَئِمَّةَ هُدًى
لِاِبْتِغَاءِ الدِّیْنِ قَادَةَ الْمُؤْمِنِیْنَ وَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی فِیْ قِصَّةِ
لُقْمٰنَ وَاْمُرْ بِالْمَعْرُوْفِ وَانْهَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَاصْبِرْ عَلٰی مَا
اَصَابَكَ اِنَّ ذٰلِكَ مِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ وَالْخَامِسُ اَنْ یَّكُوْنَ
عَامِلًا بِمَا یَاْمُرُ مُتَنَزِّهًا عَمَّا یَنْهٰی عَنْهُ وَغَیْرَ مُتَلَطِّخٍ بِهٖ
لِئَلَّا یَكُوْنَ لَهُمْ تَسَلُّطٌ عَلَیْهِ فَیَكُوْنُ عِنْدَ اللّٰهِ مَذْمُوْمًا
مَلُوْمًا قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی اَتَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبِرِّ وَتَنْسَوْنَ
اَنْفُسَكُمْ وَاَنْتُمْ تَتْلُوْنَ الْكِتٰبَ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ وَقَالَ
النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْ حَدِیْثِ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ

اور گناہگاروں کا گناہوں کے بیچہ بہاگنا ثابت ہوگا اور آدمیوں اور جنوں میں سے
شیطانوں کا اللہ تعالی کی مخالفت پر اور اسکی فرمانبرداری کے چھوڑ دینے پر اور حرامون
کے کرنے پر اتفاق ہوگا اور تیسری یہ ہے کہ اُسکا حکم کرنا اور منع کرنا نرمی اور آہستگی
سے ہو بدخوئی اور سختی سے نہ ہو بلکہ نرمی اور نصیحت اور اپنے بہائی پر شفقت سے ہو کہ
کسطرح وہ اپنے اُس دشمن شیطان مردود سے موافق ہوا ہے جسنے اُسکے عقل پر غلبہ کیا
ہے اور اسکے لیے اُسکے پروردگار کی نافرمانی اور اُسکے حکم کی مخالفت کو زینت دی اور
اس سبب سے اسکا ہلاک کرنا اور اسے دوزخ میں داخل کرنا چاہتا ہے جیسا کہ اللہ
تعالی فرماتا ہے سو اسکے نہیں کہ وہ بلاتا ہے اپنے گروہ کو تاکہ وہ دوزخ کے رہنے والوں
میں سے ہو جاویں اور اللہ تعالی نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو فرمایا اللہ تعالی کی رحمت سے
تو انکے لیے نرم دل ہوا اور اگر تو بدخو سخت دل ہوتا تو البتہ تیرے گرد سے وہ بہاگ
جاتے اور جب اللہ تعالی نے موسٰی اور ہارون کو فرعون کی طرف بھیجا تو انکو فرمایا
پس اُسکے لیے نرم بات کہیو شاید کہ وہ نصیحت پکڑے یا ڈرے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم
نے اسامہ رض کی حدیث میں فرمایا اچھی بات کا حکم کرنا اور بری بات سے منع کرنا
کسی شخص کو درست نہیں جب تک اسمیں تین خصلتیں (مفصلہ ذیل) نہ پائی
جائیں (۱) جس بات کا حکم کرتا ہے اسے جانتا ہو (۲) جس بات سے منع کرتا ہے
اُسے بھی جانتا ہو (۳) حکم دینے اور منع کرنے میں نرمی کرے (۴) چوتھی یہ ہے کہ
صابر بردبار تواضع کرنیوالا نفسانی خواہشوں کو دور کرنیوالا مضبوط دل نرم طرف
والا طبیب بیمار کی دوا کرے حکیم ہو دیوانہ کا علاج کرے امام ہدایت کرنیوالا ہو۔
اللہ تعالی نے فرمایا اور ہمنے انمیں سے پیشوا بنائے جو ہمارے حکم سے ہدایت کرتے تھے
جبکہ انہوں نے اللہ کے دین کی مدد کرنی اور اسکے قوی کرنے اور اُسکے ساتھ قائم رہنے
پر اپنی قوم سے تکلیف کی برداشت کرنے پر صبر کیا پس ہمنے انکو پیشوا ہدایت
کرنیوالے دین کے طیبوں مومنوں کے سردار بنا دیا اور اللہ تعالی نے حضرت لقمان کے قصہ میں فرمایا
تو اچھی بات کا حکم کر اور بری بات سے منع کر اور جو تجھے تکلیف پہونچے اُسپر صبر کر یہ
بڑی ہمت کے کاموں میں سے ہے اور پانچویں یہ ہے کہ جس بات کا حکم دیتا ہو اُسپر خود بھی
عمل کرنیوالا ہو اور جس بات سے منع کرتا ہو اُس سے خود بھی پاک ہو اور اسمیں آلودہ
نہ ہو تاکہ انکو اُسپر غلبہ نہ ہو پس اللہ تعالے کے نزدیک مذمت کیا گیا ہو۔ اللہ تعالی
نے فرمایا کیا تم لوگوں کو بھلائی کا حکم کرتے ہو اور اپنے نفسوں کو بھول جاتے ہو
حالانکہ تم کتاب اللہ پڑھتے ہو کیا پس نہیں سمجھتے ہو اور نبی صلے اللہ
علیہ وسلم نے انس بن مالک رض کی حدیث میں فرمایا۔

وقال ابو
بل فقال لها
والارض ائتيا
طوعا او كرها
قالتا اتينا
والعبادة
قتله وهو
قال الله تعالى
فلا تنهه الهوى
فيضلك عن
سبيل الله و
قال عجوه و
قال
عن ابي
قال

رَأَيْتُ لَيْلَةَ أُسْرِيَ بِي رِجَالًا تُقْرَضُ شِفَاهُهُمْ بِالْمَقَارِيضِ
فَقُلْتُ مَنْ هَؤُلَاءِ يَا جِبْرَئِيلُ قَالَ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ
هَؤُلَاءِ خُطَبَاءُ أُمَّتِكَ الَّذِينَ يَأْمُرُونَ النَّاسَ وَيَنْسَوْنَ
أَنْفُسَهُمْ وَهُمْ يَتْلُونَ الْكِتٰبَ قَالَ الشَّاعِرُ لَا تَنْهَ عَنْ خُلُقٍ
وَتَأْتِيَ مِثْلَهُ ✻ عَارٌ عَلَيْكَ إِذَا أَتَيْتَ عَظِيمٌ ۔ وَقَالَ
قَتَادَةُ رَحِمَهُ ذُكِرَ لَنَا أَنَّ فِي التَّوْرٰيةِ مَكْتُوبًا أَنَّ ابْنَ آدَمَ
يُنْكِرُنِي وَيَنْسَانِي وَيَدْعُوا إِلَيَّ وَيَفِرُّ مِنِّي وَبَاطِلٌ مَا
تَرْهَبُونَ وَأَرَادَ بِذٰلِكَ عَزَّ وَجَلَّ مَنْ يَأْمُرُ بِالْمَعْرُوفِ
وَيَنْهٰى عَنِ الْمُنْكَرِ وَيَتْرُكُ نَفْسَهُ هُوَ جَلَّ وَعَلَى أَعْلَمُ بِذٰلِكَ
فَصْلٌ وَالْأَوْلٰى لَهُ إِنِ اسْتَطَاعَ أَنْ يَأْمُرَهُ وَيَنْهَاهُ
فِي خَلْوَةٍ لِيَكُونَ ذٰلِكَ أَبْلَغَ وَأَمْكَنَ فِي الْمَوْعِظَةِ وَ
الزَّجْرِ وَالنَّصِيحَةِ لَهُ وَأَقْرَبَ إِلَى الْقَبُولِ وَالْإِقْلَاعِ وَقَدْ
قَالَ أَبُو الدَّرْدَاءِ مَنْ وَعَظَ أَخَاهُ بِالْعَلَانِيَةِ فَقَدْ شَانَهُ
وَمَنْ وَعَظَ سِرًّا فَقَدْ زَانَهُ فَإِنْ فَعَلَ ذٰلِكَ وَلَمْ يَنْفَعْهُ
أَظْهَرَ ذٰلِكَ وَاسْتَعَانَ عَلَيْهِ بِأَهْلِ الْخَيْرِ وَإِنْ لَمْ
يَنْفَعْ فِيهِ حِمَايَةُ السُّلْطَانِ وَيَنْبَغِي أَنْ لَا يَتْرُكَ إِنْكَارَ
الْمُنْكَرِ أَبَدًا لِأَنَّ اللّٰهَ تَعَالَى ذَمَّ قَوْمًا تَرَكُوا ذٰلِكَ وَ
تَغَافَلُوا عَنْهُ قَالَ عَزَّ وَجَلَّ كَانُوا لَا يَتَنَاهَوْنَ عَنْ مُنْكَرٍ
فَعَلُوهُ لَبِئْسَ مَا كَانُوا يَفْعَلُونَ وَقَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ
لَوْلَا يَنْهٰهُمُ الرَّبَّانِيُّونَ وَالْأَحْبَارُ عَنْ قَوْلِهِمُ الْإِثْمَ
وَأَكْلِهِمُ السُّحْتَ لَبِئْسَ مَا كَانُوا يَصْنَعُونَ يَعْنِي عُلَمَاءَهُمْ
عُلَمَاؤُهُمْ وَفُقَهَاؤُهُمْ وَقُرَّاؤُهُمْ عَنِ الْقَوْلِ الْفَاحِشِ
أَكْلِ الْحَرَامِ وَفِعْلِ الْمَعَاصِي وَقِيلَ إِنَّ اللّٰهَ أَوْحَى
إِلَى يُوشَعَ بْنِ نُونٍ إِنِّي مُهْلِكٌ مِنْ قَوْمِكَ أَرْبَعِينَ
أَلْفًا مِنْ خِيَارِهِمْ وَسِتِّينَ أَلْفًا مِنْ شِرَارِهِمْ قَالَ يَا رَبِّ
هٰؤُلَاءِ الْأَشْرَارُ فَمَا بَالُ الْأَخْيَارِ قَالَ تَعَالَى إِنَّهُمْ
لَمْ يَغْضَبُوا لِغَضَبِي وَأَكَلُوهُمْ وَشَارَبُوهُمْ **فَصْلٌ**
وَقَدْ ذَكَرْنَا أَنَّ الشَّرْطَ الْخَامِسَ أَنْ يَكُونَ عَامِلًا
بِمَا يَأْمُرُ مُتَنَزِّهًا عَمَّا يَنْهٰى عَنْهُ إِلَّا أَنَّ شُيُوخَنَا ذَكَرُوا

میںنے جس رات مجھے سیر کرایا گیا ایسے مردوں کو دیکھا کہ انکے ہونٹ قینچیوں سے کاٹے جاتے
ہیں تو میںنے پوچھا ای جبریل یہ کون لوگ ہیں جبریل علیہ الصلوۃ والسلام کہا یہ
آپ کی امت کے خطیب ہیں جو لوگوں کو حکم کیا کرتے ہیں اور اپنی جانوں کو بھول جاتا
کرتے ہیں حالانکہ وہ کتاب اللہ کو پڑھتے ہیں ایک شاعر نے کہا کسی ایسی خصلت سے
دوسری کو منع نہ کر جسے تو خود کرتا ہو (کیونکہ) جب تو یہ کام کرے تو تجھپر بڑی شرم
ہے قتادہ نے کہا توریت میں لکھا ہوا ہے (اللہ فرماتا ہے) آدم کا بیٹا مجھکو یاد
کراتا ہے اور آپ مجھکو بھول جاتا ہے اور میری طرف بلاتا ہے اور آپ
بھاگتا ہے مجھ سے اور باطل ہے جو تم ڈراتے ہو اور ارادہ کیا اس سے اللہ عزوجل
نے اس شخص کا جو حکم کرتا ہے بھلائی کا اور منع کرتا ہے برائی سے۔ اور اپنے نفس کو
چھوڑ دیتا ہے اور اللہ بزرگ اور بلند اسکو خوب جاننے والا ہے **فصل** اور انسان کے
لیے بہتر ہے کہ اگر اسے طاقت ہو تنہائی میں دوسرے کو (نیکی کا) حکم کرے یا (برائی سے)
منع کرے تاکہ وعظ کرنے اور تنبیہ کرنے اور اسے نصیحت کرنے میں یہ زیادہ مؤثر اور مضبوط
ہو اور قبول کرنے اور باز رہنے میں زیادہ قریب ہو اور ابو درداء نے کہا جس نے اپنے بھائی کو
علانیہ نصیحت کی تو بے شک اسنے اسے عیب لگایا اور جس نے پوشیدہ نصیحت کی تو بیشک اسنے اسکو
زینت دی اگر اسنے ایسا ہی کیا اور وعظ نے اسے کچھ فائدہ نہ دیا تو پہلے طور پر نصیحت
کرے اور اسمیں نیک لوگوں سے مدد لے اگر یہ بات بھی فائدہ نہ دے تو بادشاہ کو آدمیوں سے مدد لے اور جب
ہو کہ برائی سے منع کرنا کبھی نہ چھوڑے کیونکہ اللہ تعالی نے اس قوم کی مذمت کی جنہوں نے اسکو
چھوڑ دیا اور اس سے غفلت کی اللہ تعالی نے فرمایا وہ ایکدوسرے کو برے کام سے جو وہ کرتے
ہیں منع نہ کرتے البتہ برا ہے جو کچھ کرتے ہیں۔ اور اللہ عزوجل نے فرمایا انکو درویشوں اور
عالموں نے انکے جھوٹ بولنے اور حرام کھانے سے کیوں منع نہ کیا البتہ برا ہے جو کچھ کرتے ہیں یعنی
انکے علماء اور فقہاء اور قاریوں نے جو ہائی کی بات اور حرام کھانے اور گناہوں
کے کرنے سے انکو کیوں منع نہ کیا اور بعض نے کہا ہے کہ اللہ تعالی نے حضرت یوشع
بن نون کی طرف وحی کی کہ تیری قوم میں سے چالیس ہزار نیکوں کا اور ساٹھ
ہزار بروں کو ہلاک کرنے کا میرا ارادہ ہے انہوں نے عرض کیا اے پروردگار
یہ تو بروں میں پس نیکوں کا کیا حال ہے (یعنے انکے ہلاک کرنے کی کیا وجہ ہے)
اللہ تعالی نے فرمایا اسلیے کہ انہوں نے میرے غصے سے غصہ نہیں کیا اور ان
(بدکاروں) کے ساتھ کھاتے پیتے ہیں **فصل** اور ہمنے ذکر کیا ہے کہ پانچویں
شرط ہے کہ جس بات کا حکم کرتا ہے خود اسپر عمل کرنے والا ہو اور جس بات سے منع
کرتا ہے وہ خود اس سے پاک ہو۔ لیکن ہمارے شیخوں نے بیان کیا۔

اَنَّ الْاَمْرَ بِالْمَعْرُوْفِ وَالنَّهْیَ عَنِ الْمُنْکَرِ وَاجِبٌ عَلَی الْفَاسِقِ
کَوُجُوْبِہٖ عَلَی الْعَدْلِ فَاَشَرْنَا اِلَیْکَ لِمَا تَقَدَّمَ مِنْ عُمُوْمِ
الْاٰیَاتِ وَالْاَخْبَارِ مِنْ غَیْرِ فَرْقٍ وَقَدْ حَمَلَ بَعْضُ السَّلَفِ
قَوْلَہٗ تَعَالٰی وَمِنَ النَّاسِ مَنْ یَّشْرِیْ نَفْسَہُ ابْتِغَآءَ
مَرْضَاتِ اللّٰہِ عَلَی الْاَمْرِ بِالْمَعْرُوْفِ وَالنَّہْیِ عَنِ الْمُنْکَرِ وَرُوِیَ
اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ سَمِعَ اِنْسَانًا یَقْرَءُ
ھٰذِہِ الْاٰیَۃَ فَقَالَ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ قَامَ رَجُلٌ
یَاْمُرُ بِالْمَعْرُوْفِ وَیَنْھٰی عَنِ الْمُنْکَرِ فَقُتِلَ وَعَنْ اَبِیْ اُمَامَۃَ
قَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اَفْضَلُ الْجِھَادِ
کَلِمَۃُ حَقٍّ عِنْدَ اِمَامٍ جَائِرٍ وَعَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ قَالَ
قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَفْضَلُ الشُّھَدَآءِ یَوْمَ
الْقِیٰمَۃِ حَمْزَۃُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ وَرَجُلٌ قَامَ اِلٰی اِمَامٍ جَائِرٍ
فَاَمَرَہٗ وَنَھَاہُ فَقُتِلَ وَقَدْ ذَکَرَ اللّٰہُ تَعَالَی الَّذِیْ یَنْھٰی
عَنِ الْمُنْکَرِ وَتَاْخُذُہُ الْعِزَّۃُ فَلَا یَمْتَنِعُ فَقَالَ عَزَّ وَجَلَّ وَ
اِذَا قِیْلَ لَہُ اتَّقِ اللّٰہَ اَخَذَتْہُ الْعِزَّۃُ بِالْاِثْمِ الْاٰیَۃَ وَ
قَالَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ اِنَّ مِنْ اَکْبَرِ الذُّنُوْبِ عِنْدَ اللّٰہِ عَزَّ وَجَلَّ
اَنْ یُّقَالَ لِلْعَبْدِ اتَّقِ اللّٰہَ فَیَقُوْلُ عَلَیْکَ بِنَفْسِکَ وَ
جَمِیْعُ ذٰلِکَ عَامٌّ فِیْ حَقِّ صَالِحٍ وَطَالِحٍ وَرَوٰی اَبُوْ ھُرَیْرَۃَ
اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ مُرُوْا بِالْمَعْرُوْفِ وَ
اِنْ لَّمْ تَعْمَلُوْا وَانْھَوْا عَنِ الْمُنْکَرِ وَاِنْ لَّمْ تَنْتَھُوْا عَنْہُ وَ
اَنَّہٗ لَا یَخْلُوْ اَحَدٌ مِّنْ مَّعْصِیَۃٍ اِمَّا ظَاھِرًا وَاِمَّا بَاطِنًا
فَاِنْ قُلْتَ لَا یُنْکِرُ لَا الْمُتَنَزِّہُ عَنْہُ تَعَنُّتًا لِاَنَّ الْاَمْرَ بِالْمَعْرُوْفِ
وَالنَّھْیَ عَنِ الْمُنْکَرِ فَیُنَدْرِسُ الْاَمْرُ بِالْمَعْرُوْفِ وَالنَّھْیُ
عَنِ الْمُنْکَرِ وَیَضْمَحِلُّ **فَصْلٌ** وَالَّذِیْ یُؤْمَرُ بِہٖ وَ
یُنْکَرُ عَلٰی ضَرْبَیْنِ فَکُلُّ مَا وَافَقَ الْکِتَابَ وَالسُّنَّۃَ وَ
الْعَقْلَ فَھُوَ مَعْرُوْفٌ وَکُلُّ مَا خَالَفَ فَھُوَ مُنْکَرٌ ثُمَّ
ذٰلِکَ یَنْقَسِمُ قِسْمَیْنِ اَحَدُھُمَا ظَاھِرٌ یَعْرِفُہُ الْعَوَامُّ
وَالْخَوَاصُّ وَھُوَ کَوُجُوْبِ الصَّلَوَاتِ الْخَمْسِ وَصَوْمِ
رَمَضَانَ وَالزَّکٰوۃِ وَالْحَجِّ وَغَیْرِ ذٰلِکَ وَمِنَ الْمُنْکَرِ کَشُرْبِ

کہ بھلائی کا حکم کرنا اور برائی سے منع کرنا فاسق پر بھی ایسا ہی واجب ہے جیسے عادل
پر پس ہمنے اسی کیطرف اشارہ کیا ہے کیونکہ آیات اور احادیث (سابقہ) بلا تفریق
عام ہیں اور بعض سلف نے باریتعالی کے اس قول کو یعنی بعض لوگون مین سے وہ ہے جو
اپنی جان کو اللہ تعالی کی رضامندی کے لیے بیچتا ہے اچھی بات کے حکم کرنے اور
بری بات سے منع کرنے پر محمول کیا ہے اور مروی ہے کہ حضرت عمر بن خطاب نے ایک شخص کو
یہہ آیت کے پڑھتے ہوئے سنا پس کہا تحقیق ہم اللہ کے واسطے ہین اور بیشک ہم
اُسی کی طرف لوٹنے والے ہین (پھر کہا) ایک آدمی کھڑا ہوا جو بھلائی کا حکم کرتا
تہا اور برائی سے منع کرتا تہا پس قتل کیا گیا۔ اور ابو امامہ سے مروی ہے کہ رسول
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بادشاہ کے پاس سچی بات کا کہنا بہتر جہاد ہے
جابر بن عبد اللہ سے مروی ہے، انہون نے کہا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا
قیامت کے دن سب شہیدون سے بہتر حمزہ بن عبد المطلب ہے اور وہ شخص جو
ظالم بادشاہ کے پاس کھڑا ہوا اور اُسے اچھی بات کا حکم کیا اور بری بات سے
منع کیا پس اُسنے اُسے قتل کر دیا اور اللہ تعالے نے اُس شخص کا ذکر کیا جو برائی
سے منع کیا جاتا ہے اور اُسے اُسکی عزت دنیاوی مقید کر دیتی ہے اور وہ باز
نہین رہتا پس اللہ تعالی نے فرمایا جب اُسے کہا جاتا ہے کہ اللہ سے ڈر تو اسکو اُسکی عزت دنیا
گناہ مین پکڑتی ہے آخر آیۃ تک اور ابن مسعود نے کہا اللہ عزوجل کے نزدیک بڑے گناہون مین
یہ ہے کہ کسی بندے کو کہا جاوے کہ اللہ تعالی سے ڈر اور وہ اسکو جواب مین کہے کہ تو پہلے اپنے نفس کو
درست کر اور یہ سب کا سب بندے حق مین عام ہے اور ابو ہریرہ نے روایت کی کہ نبی
صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم بھلائی کا حکم کرو اگرچہ تم اُسپر عمل نہ کرو اور برائی سے
منع کرو اگرچہ تم اُس سے باز نہ رہو اور بیشک کوئی شخص گناہ سے خالی نہین رہتا
خواہ ظاہر مین کرے یا باطن مین اگر ہم کہین کہ بجز اُس شخص کے جو خود برائی
سے پاک ہو کوئی دوسرے کو برائی سے منع نہ کرے تو بھلائی کا حکم کرنا اور برائی سے
منع کرنا مشکل ہو جاویگا پس اچھی بات کا حکم کرنا اور بری بات سے منع
کرنا جاتا رہیگا اور مٹ جاویگا **فصل** وہ بات جس کا حکم کیا جاوے اور جس
سے منع کیا جاوے دو قسم ہے پس جو بات کہ کتاب اللہ اور سنت رسول اللہ اور عقل سلیم
کے موافق ہو وہ اچھی بات ہے اور جو بات (اشیاء مذکورہ بالا کی) مخالف ہو وہ
بری ہے پھر یہ دو قسم پر منقسم ہے اُن مین سے ایک تو ظاہر ہے اسے عام اور خاص
سب لوگ پہچانتے ہین اور وہ جیسے پانچ وقت کی نماز کا واجب ہونا اور ماہ
رمضان کے روزے اور زکوۃ اور حج وغیرہ اور بری بات جیسے

الزِّنَا وَشُرْبِ الْخَمْرِ وَالسَّرِقَةِ وَقَطْعِ الطَّرِيقِ وَالرِّبَا وَالْغَصْبِ
وَغَيْرِ ذٰلِكَ فَهٰذَا الْقِسْمُ يَجِبُ إِنْكَارُهُ عَلَى الْعَوَامِّ كَمَا يَجِبُ
عَلَى الْخَوَاصِّ مِنَ الْعُلَمَاءِ وَالْقِسْمُ الثَّانِي مَا لَا يَعْرِفُهُ إِلَّا
الْخَوَاصُّ مِثْلُ اعْتِقَادِهِ مَا يَجُوزُ عَلَى الْبَارِي وَمَا لَا يَجُوزُ
فَهٰذَا إِنْكَارُهُ بِالْعُلَمَاءِ فَإِنْ أَخْبَرَ أَحَدٌ مِنَ الْعُلَمَاءِ بِذٰلِكَ لِوَاحِدٍ
مِنَ الْعَوَامِّ جَازَ لَهُ ذٰلِكَ وَوَجَبَ عَلَى الْعَامِّيِّ الْإِنْكَارُ عِنْدَ الْقُدْرَةِ
عَلَى مَا بَيَّنَّا وَلَا يَجُوزُ قَبْلَ ذٰلِكَ وَأَمَّا إِذَا كَانَ الشَّيْءُ مِمَّا
اخْتَلَفَ الْفُقَهَاءُ فِيهِ وَسَاغَ فِيهِ الِاجْتِهَادُ كَشُرْبِ عَامِّيٍّ النَّبِيذَ
مُقَلِّدًا لِأَبِي حَنِيفَةَ وَتَزَوُّجِ امْرَأَةٍ بِلَا وَلِيٍّ عَلَى مَا عُرِفَ مِنْ
مَذْهَبِهِ لَمْ يَكُنْ لِأَحَدٍ مِمَّنْ هُوَ عَلَى مَذْهَبِ الْإِمَامِ أَحْمَدَ
وَالشَّافِعِيِّ الْإِنْكَارُ عَلَيْهِ لِأَنَّ الْإِمَامَ أَحْمَدَ قَالَ فِي رِوَايَةِ
الْمَرْوَزِيِّ لَا يَنْبَغِي لِلْفَقِيهِ أَنْ يَحْمِلَ النَّاسَ عَلَى مَذْهَبِهِ وَلَا
يَشُدَّ عَلَيْهِمْ وَإِذَا ثَبَتَ هٰذَا فَالْإِنْكَارُ إِنَّمَا يَتَعَيَّنُ فِي
خَرْقِ الْإِجْمَاعِ دُونَ الْمُخْتَلَفِ فِيهِ وَقَدْ نُقِلَ عَنِ الْإِمَامِ أَحْمَدَ
مَا يَدُلُّ عَلَى جَوَازِ الْإِنْكَارِ فِي الْمُخْتَلَفِ فِيهِ وَهُوَ مَا قَالَ فِي رِوَايَةِ
الْمَيْمُونِيِّ فِي رَجُلٍ يَمُرُّ بِالْقَوْمِ وَهُمْ يَلْعَبُونَ بِالشَّطْرَنْجِ يَنْهَاهُمْ
وَيَعِظُهُمْ وَمَعْلُومٌ أَنَّ ذٰلِكَ جَائِزٌ عِنْدَ أَصْحَابِ الشَّافِعِيِّ

فَصْلٌ وَيَنْبَغِي لِكُلِّ مُؤْمِنٍ أَنْ يَعْمَلَ بِهٰذِهِ الْآدَابِ
فِي سَائِرِ أَحْوَالِهِ وَلَا يَتْرُكُ الْعَمَلَ بِهَا وَقَدْ رُوِيَ عَنْ أَمِيرِ
الْمُؤْمِنِينَ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أَنَّهُ قَالَ تَأَدَّبُوا ثُمَّ تَعَلَّمُوا وَقَالَ
أَبُو عَبْدِ اللّٰهِ الْبَلْخِيُّ الْأَدَبُ لِلْعِلْمِ أَكْثَرُ مِنَ الْعِلْمِ وَقَالَ
عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُبَارَكٍ إِذَا وُصِفَ لِي رَجُلٌ لَهُ عِلْمُ الْأَوَّلِينَ
وَالْآخِرِينَ لَا آسَفُ عَلَى فَوْتِ لِقَائِهِ وَإِذَا سَمِعْتُ
رَجُلًا لَهُ أَدَبُ النَّفْسِ أَتَمَنَّى لِقَاءَهُ وَآسَفُ عَلَى فَوْتِ لِقَائِهِ
وَيُقَالُ مَثَلُهُ كَمَثَلِ بَلْدَةٍ لَهَا خَمْسَةُ حُصُونٍ الْأَوَّلُ
مِنْ ذَهَبٍ وَالثَّانِي مِنْ فِضَّةٍ وَالثَّالِثُ مِنْ حَدِيدٍ
وَالرَّابِعُ مِنَ الْآجُرِّ وَالْخَامِسُ مِنَ اللَّبِنِ فَمَا دَامَ أَهْلُ
الْحُصُونِ مُتَعَاهِدِينَ الَّذِي هُوَ مِنَ اللَّبِنِ لَا يَطْمَعُ الْعَدُوُّ
فِي الثَّانِي فَإِذَا أَهْمَلُوا ذٰلِكَ طَمِعُوا فِي الْحِصْنِ الثَّانِي

زنا کا اور شراب کے پینے کا اور چوری کرنے کا اور رہزنی کرنے کا اور بیاج لینے
اور دینے کا اور لوٹنے وغیرہ کا ہے پس یہ قسم واجب ہے انکا منع کرنا
عوام پر جیسے واجب ہے خاصوں پر علما میں سے اور قسم دوسرا وہ ہے جسکو نہ
پہچانیں سوا خواصوں کے جیسے اعتقاد کرنا اس چیز کا کہ جائز ہے اللہ تعالیٰ پر
اور اس چیز کا کہ نہیں جائز ہے اللہ تعالیٰ پر پس یہ خاص ہے انکا منع کرنا علما سے
پس اگر خبر کرے کوئی علما میں سے اسکے ساتھ کسی کو عوام میں سے تو جائز ہے
عالم کو اور واجب ہے عامی پر منع کرنا قدرت کے وقت جیسا ہمنے بیان کیا
اور نہیں جائز ہے اس سے پہلے ولیکن جب وہ چیز ان چیزوں میں سے ہو جنمیں
اختلاف کیا ہے فقہا نے اور گنجایش ہے اسمیں اجتہاد کو جیسے پینا عامی کا نبیذ تقلید کرکے
ابو حنیفہؒ کی اور نکاح کرنا عورت کا بغیر ولی کے جیسا مشہور ہے ان کے مذہب میں اور
نہیں پہنچتا کسی کو ان میں سے جو امام احمدؒ اور شافعیؒ کے مذہب پر ہوں انکار کرنا
اسپر کیونکہ امام احمدؒ نے کہا ہے مروزی کی روایت میں نہیں جائز فقیہ کو یہ کہ
اوٹھاوے لوگوں کو اپنے مذہب پر اور نہ سختی کرے اوپر اور جب یہ ثابت ہوا پس منع
کرنا سوا اسکے نہیں کہ مقرر ہے اجماع کے پھاڑنے میں سوا اس مسئلہ کے جسمیں اختلاف کیا گیا
ہو اور تحقیق منقول ہے امام احمد سے جو دلالت کرتا ہے منع کرنے کے جواز پر مختلف فیہ مسئلہ
میں اور وہ یہ ہے کہ کہا میمون کی روایت میں اس مرد کے بارے میں جو گزرے ایک قوم پر
سو اور وہ کھیلتے ہوں شطرنج سے وہ انکو منع کرے اور ان کو نصیحت کرے اور معلوم ہے
کہ تحقیق یہ جائز ہے نزدیک اصحاب شافعیؒ کے فصل اور واجب ہے ہر مومن کو یہ کہ عمل کرے ان
آداب پر تمام اپنے احوال میں اور نہ ترک کرے اسپر عمل کرنا اور تحقیق روایت کی گئی ہے
حضرت امیر المومنین عمر بن الخطابؓ سے کہ کہا ادب حاصل کرو پھر پڑھو اور کہا ابو عبد اللہ
بلخی نے علم کا ادب علم سے بہت زیادہ ہے اور کہا عبد اللہ بن مبارک نے جب مجھ سے
بیان کیا جاتا ہے کوئی مرد جسکو علم ہو پہلوں اور پچھلوں کا تو میں افسوس نہیں کرتا
اسکی ملاقات کے فوت ہونے پر اور جب میں سنتا ہوں ایسے مرد کو جسکو نفس کا ادب
ہو تو میں آرزو کرتا ہوں اسکی ملاقات کی اور افسوس کرتا ہوں اسکی ملاقات فوت
ہونے پر اور کہا جاتا ہے کہ اسکی مثل مثال ہے جیسے شہر جسکے لیے پانچ قلعے ہوں پہلا سونے کا
اور دوسرا چاندی کا اور تیسرا لوہے کا اور چوتھا پکی اینٹوں کا اور پانچواں کچی اینٹوں کا پس
جبتک کہیں قلعہ والے نگہبانی کرنے والے اس قلعہ کی جو کچی اینٹوں سے ہے تو نہ
طمع کریگا دشمن دوسرے قلعہ میں پھر جب وہ چھوڑینگے اس قلعہ کو تو طمع کرینگے
دشمن دوسرے قلعے کا۔

ثُمَّ فِي الثَّالِثِ حَتّٰى تَخْرَبَ الْحُصُوْنَ كُلُّهَا وَكَانَ لَنَا لَا يُمَانٌ
فِي خَمْسَةٍ مِّنَ الْحُصُوْنِ اَوَّلُهَا الْيَقِيْنُ ثُمَّ الْاِخْلَاصُ ثُمَّ اَدَاءُ
الْفَرَائِضِ ثُمَّ اِتْمَامُ السُّنَنِ ثُمَّ حِفْظُ الْاٰدَابِ فَمَا دَامَ الْعَبْدُ
يَحْفَظُ الْاٰدَابَ وَيَتَعَاهَدُهَا فَالشَّيْطَانُ لَا يَطْمَعُ ..
فِيْهِ فَاِذَا تَرَكَ الْاَدَبَ طَمَعَ الشَّيْطَانُ فِي السُّنَنِ ثُمَّ فِي الْفَرَائِضِ
ثُمَّ فِي الْاِخْلَاصِ ثُمَّ فِي الْيَقِيْنِ فَيَنْبَغِيْ لِلْاِنْسَانِ اَنْ يَّحْفَظَ
الْاٰدَابَ فِيْ جَمِيْعِ اُمُوْرِهٖ مِنَ الْوُضُوْءِ وَالصَّلٰوةِ وَالْبَيْعِ
وَالشِّرَاءِ وَغَيْرِ ذٰلِكَ هٰذَا اٰخِرُ مَا اَخَّرْنَا وَاَرَدْنَا وَلَخَّصْنَا
مِنْ اٰدَابِ الشَّرِيْعَةِ فَبِامْتِثَالِ الْاَمْرِ فِي الْعِبَادَاتِ الْخَمْسِ
الْمُقَدَّمِ ذِكْرُهَا يَصِيْرُ مُسْلِمًا وَبِالتَّاَدُّبِ بِهٰذِهِ الْاٰدَابِ
يَكُوْنُ تَابِعًا لِلسُّنَّةِ وَمُقْتَفِيًا لِلْاَثَرِ وَيَحْصُلُ لَهٗ بِذٰلِكَ
مَعْرِفَةٌ مَّا وَيَبْقٰى عَلَيْهِ حَقِيْقَةُ مَعْرِفَةِ الصَّانِعِ وَهِيَ مِنْ اَعْمَالِ
الْقَلْبِ فَاَخَّرْنَاهَا لِيَسْهُلَ عَلَيْهِ الدُّخُوْلُ فِيْ دِيْنِنَا فَاِنَّهٗ
تَتَمَضْمَضُ بِنُوْرِ الْاِسْلَامِ ظَاهِرًا قُلْنَا لَهٗ تَتَمَضْمَضُ بِنُوْرِ

الْاِيْمَانِ بَاطِنًا

بَابٌ فِيْ مَعْرِفَةِ الصَّانِعِ

عَزَّوَجَلَّ فَنَقُوْلُ فَاَمَّا مَعْرِفَةُ الصَّانِعِ عَزَّوَجَلَّ بِالْاٰيَاتِ
وَالدَّلَالَاتِ عَلٰى وَجْهِ الْاِخْتِصَارِ فَفِيْ اَنْ يَّعْرِفَ وَيُتَيَقَّنَ
اَنَّهٗ وَاحِدٌ اَحَدٌ فَرْدٌ صَمَدٌ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ
كُفُوًا اَحَدٌ لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ لَا شَبِيْهَ
لَهٗ وَلَا نَظِيْرَ وَلَا عَوْنَ وَلَا شَرِيْكَ وَلَا ظَهِيْرَ وَلَا وَزِيْرَ
وَلَا نِدَّ وَلَا هَيْئَةَ لَهٗ لَيْسَ بِجِسْمٍ فَيُمَسَّ وَلَا بِجَوْهَرٍ فَيُحَسَّ
وَلَا عَرَضٍ فَيُقْضٰى وَلَا ذِيْ تَرْكِيْبٍ اٰلَةٍ وَتَاْلِيْفٍ
وَمَاهِيَّةٍ وَتَحْدِيْدٍ وَهُوَ اللّٰهُ لِلسَّمَاءِ رَافِعٌ وَلِلْاَرْضِ
وَاضِعٌ لَا لِطَبِيْعَةٍ مِّنَ الطَّبَائِعِ وَلَا طَالِعٌ مِّنَ الطَّوَالِعِ وَظُلْمَةٌ
تَظْهَرُ وَلَا نُوْرٌ يَزْهَرُ حَاضِرُ الْاَشْيَاءِ عِلْمًا شَاهِدٌ لَهَا
مِنْ غَيْرِ مُبَاشَرَةٍ عَزِيْزٌ قَاهِرٌ حَاكِمٌ قَادِرٌ رَاحِمٌ غَافِرٌ
سَاتِرٌ مُعِزٌّ نَاصِرٌ رَءُوْفٌ خَالِقٌ فَاطِرٌ اَوَّلٌ اٰخِرٌ ظَاهِرٌ
بَاطِنٌ فَرْدٌ مَعْبُوْدٌ حَيٌّ لَا يَمُوْتُ اَزَلِيٌّ لَا يَفُوْتُ بَاقٍ

پھر تیسرے قلعے کا یہاں تک کہ خراب کر دینگے سب کے سب قلعوں کو پس
اسیطرح ہے ایمان پانچ قلعوں میں پہلا اُن کا یقین ہے پھر اخلاص پھر ادا
کرنا فرضوں کا پھر پورا کرنا سنتوں کا پھر نگاہ رکھنا آداب کا پس جب تک رہیگا بندہ
نگاہ رکھتا آداب کو اور اُن کو لازم پکڑتا پس شیطان نہیں طمع رکھتا اس میں پھر
جب چھوڑ دیتا ہے ادب کو تو طمع کرتا ہے شیطان سنتوں میں پھر فرضوں میں پھر
اخلاص میں پھر یقین میں پس واجب ہے انسان کو یہ کہ نگاہ رکھے آداب کو اپنے
سب کاموں میں وضو اور نماز اور بیچنے اور خریدنے وغیرہ میں یہ ہے آخر
اُس چیز کا کہ ہمنے اختیار کیا اور ارادہ کیا اور خالص کیا شریعت کے آداب
میں سے پس بجا لانے سے حکم کے پانچوں عبادتوں میں جنکا بیان آگے گذر چکا
مسلمان ہوتا ہے مسلمان اور ادب سیکھنے سے ان آداب سے ہوتا ہے پیروی
کرنے والا سنت کا اور پیروی کرنے والا سلف کے قدم کا اور حاصل ہوتی
ہے کچھ معرفت اور باقی رہتی ہے اسپر حقیقت معرفت اللہ تعالیٰ کی معرفت کی
اور وہ ہے عملوں میں سے دل کے پس ہمنے اسکو پیچھے کیا تاکہ آسان ہو
اسپر داخل ہونا ہمارے دین میں پس جب وہ پیراہن پہن لیگا اسلام
کے نور کا ظاہر میں تو اس سے ہم کہینگے تو پیراہن پہن ایمان کے نور کا
باطن میں۔ باب اللہ عزوجل کی معرفت میں۔ پس ہم کہتے ہیں لیکن
معرفت اللہ عزوجل کی آیتوں اور دلیلوں سے اختصار کے طریقہ پر
پس یہ ہے کہ جانا جاوے اور یقین کیا جاوے کہ وہ اکیلا ہے ایک
ہی ہے تنہا ہے بے پرواہ ہے اُسنے نہ جنا اور نہ آپ جنا گیا اور نہیں ہے
اسکا مثل کوئی نہیں ہے اس جیسی کوئی چیز اور وہ سننے والا دیکھنے والا
ہے نہیں ہے اس جیسا کوئی اور نہ کوئی مددگار اور نہ کوئی شریک اور نہ
کوئی قوت دینے والا اور نہ کوئی وزیر اور نہ کوئی صلاحکار ہے نہ وہ جسم
ہے پس ٹٹولا جاوے اور نہ جوہر ہے پس سمجھا جاوے اور نہ وہ عرض ہے پس وہ
گذر جاوے اور نہ وہ صاحب ترکیب اور اسباب اور جوڑ اور ماہیت اور حد کا ہے اور وہ سچا معبود ہے
آسمان کا بلند کرنیوالا اور زمین کا نیچے کرنیوالا نہیں ہے وہ طبیعت طبیعتوں میں سے اور
نہیں ہے وہ طالع طالعوں میں سے اور نہیں ہے وہ اندھیرا کہ ظاہر ہوتا ہے اور نہیں ہے نور کہ
چمکتا ہے سب چیزوں کا علم سے دیکھنے والا ہے ان سب کا بغیر ٹٹولنے کے غالب ہے غلبہ
کرنیوالا حکم ہے قادر ہے رحم کرنیوالا بخشنے والا عیب ڈھانپنے والا عزت دینے والا مدد کرنیوالا بڑی مٹھائی
کرنیوالا پیدا کرنیوالا بے صورت کرنے سے پہلے پیچھے رہنے والا ظاہر پوشیدہ تنہا موجود کیا گیا ہمیشہ زندہ
رہنے والا نہیں فوت ہوگا ہمیشہ کے

الْمَلَكُوتِ سَرْمَدِيُّ الْجَبَرُوتِ لَيْسَ لَهُ نَوْمٌ لَا يَنَامُ عَزِيزٌ لَا يُضَامُ مُنِيعٌ لَا يُرَامُ فَلَهُ الْأَسْمَاءُ الْعِظَامُ وَالْمَوَاهِبُ الْكِرَامُ قَضَى بِالْفَنَاءِ عَلَى جَمِيعِ الْأَنَامِ فَقَالَ كُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ وَيَبْقَى وَجْهُ رَبِّكَ ذُو الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ وَهُوَ بِجَمِيعِ الْعُلُوِّ مَوْصُوفٌ عَلَى الْعَرْشِ مَحْمُولٌ عَلَى كُلِّ الْمَمَالِكِ مُحِيطٌ عِلْمُهُ بِالْأَشْيَاءِ إِلَيْهِ يَصْعَدُ الْكَلِمُ الطَّيِّبُ وَالْعَمَلُ الصَّالِحُ يَرْفَعُهُ يُدَبِّرُ الْأَمْرَ مِنَ السَّمَاءِ إِلَى الْأَرْضِ ثُمَّ يَعْرُجُ إِلَيْهِ فِي يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهُ أَلْفَ سَنَةٍ مِمَّا تَعُدُّونَ خَلَقَ الْخَلَائِقَ وَأَفْعَالَهُمْ وَقَدَّرَ أَرْزَاقَهُمْ وَآجَالَهُمْ لَا مُقَدِّمَ لِمَا أَخَّرَ وَلَا مُؤَخِّرَ لِمَا قَدَّمَ أَرَادَ الْعَالَمَ وَمَا لَهُمْ فَاعَلُوهُ وَلَوْ عَصَمَهُمْ لَمَا خَالَفُوهُ وَلَوْ شَاءَ أَنْ يُطِيعُوهُ جَمِيعًا لَأَطَاعُوهُ يَعْلَمُ السِّرَّ وَأَخْفَى عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ أَلَا يَعْلَمُ مَنْ خَلَقَ وَهُوَ اللَّطِيفُ الْخَبِيرُ هُوَ الْمُحَرِّكُ هُوَ الْمُسَكِّنُ لَمْ تَتَصَوَّرْهُ الْأَوْهَامُ وَلَا تُقَدِّرُهُ الْأَذْهَانُ وَلَا يُقَاسُ بِالنَّاسِ جَلَّ أَنْ يُشْبِهَ بِمَا صَنَعَهُ أَوْ يُضَافَ إِلَى مَا اخْتَرَعَهُ وَابْتَدَعَهُ مُحْصِي الْأَنْفَاسِ الْقَائِمُ عَلَى كُلِّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ لَقَدْ أَحْصَاهُمْ وَعَدَّهُمْ عَدًّا وَكُلُّهُمْ آتِيهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَرْدًا الْمُجْرِي كُلَّ نَفْسٍ بِمَا تَسْعَى لِيَجْزِيَ الَّذِينَ أَسَاءُوا بِمَا عَمِلُوا وَيَجْزِيَ الَّذِينَ أَحْسَنُوا بِالْحُسْنَى غَنِيٌّ عَنْ خَلْقِهِ رَازِقٌ لِلْبَرِيَّةِ يُطْعِمُ وَلَا يُطْعَمُ يَرْزُقُ وَلَا يُرْزَقُ يُجِيرُ وَلَا يُجَارُ عَلَيْهِ الْخَلِيقَةُ مُفْتَقِرَةٌ إِلَيْهِ لَمْ يَخْلُقْهُمْ لِاجْتِلَابِ نَفْعٍ وَلَا دَفْعِ ضُرٍّ وَلَا لِيَدْعُوَهُ إِلَيْهِ وَلَا لِخَاطِرٍ لَهُ وَفِكْرٍ حَدَثَ بَلْ إِرَادَةٌ مُجَرَّدَةٌ كَمَا قَالَ وَهُوَ أَصْدَقُ الْقَائِلِينَ ذُو الْعَرْشِ الْمَجِيدُ فَعَّالٌ لِمَا يُرِيدُ مُنْفَرِدٌ بِالْقُدْرَةِ عَلَى اخْتِرَاعِ الْأَعْمَالِ وَكَشْفِ الضُّرِّ وَالْبَلْوَى وَتَقْلِيبِ الْأَعْيَانِ وَتَغْيِيرِ الْأَحْوَالِ كُلَّ يَوْمٍ هُوَ فِي شَأْنٍ يَسُوقُ مَا قَدَّرَ إِلَى مَا وَقَّتَ وَأَنَّهُ تَعَالَى حَيٌّ بِحَيَاةٍ وَعَالِمٌ بِعِلْمٍ وَقَادِرٌ بِقُدْرَةٍ وَمُرِيدٌ بِإِرَادَةٍ وَسَمِيعٌ بِسَمْعٍ وَبَصِيرٌ بِبَصَرٍ وَمُدْرِكٌ بِإِدْرَاكٍ وَمُتَكَلِّمٌ

بڑے ملک والا ہمیشہ کے غلبے والا قائم رکھنے والا سب جہان کا نہیں تھکتا غالب ہے نہیں
ہجوم کیا جاتا اسپر غالب ہو نہیں طلب کیا جاتا پس اسی کیلئے ہیں نام بڑے اور
بخشش بڑی اسنے حکم کیا فانی ہونیکا سب مخلوق پر پس فرمایا جو کوئی اوپر زمین
کے ہے فنا ہونیوالا ہے اور باقی رہیگی ذات پروردگار تیرے کی صاحب بزرگی اور
صاحب انعام کی اور وہ اوپر کیطرف ہے قرار پکڑنے والا عرش پر گھیرنے والا ہے اسکا
علم سب چیزوں کو احیطہ چڑھتے ہیں کلمات پاکیزہ اور عمل نیک اوسکو بلند کرتا ہے اسکو
تدبیر کرتا ہے کام کی آسمان سے طرف زمین کی پھر پڑھ جاتا ہے طرف اسکی
بیچ ایک دن کے کہ ہے قدر اسکی ہزار برس اس سے جو گنتے ہو اسنے مخلوق اور انکے کاموں
کو پیدا کیا اور انکی روزی اور اجل مقرر کی جسکو اسنے مؤخر کیا اسکا کوئی مقدم
کرنیوالا نہیں اور جسکو اسنے مقدم کیا اسکا کوئی ہٹانیوالا نہیں خدا نہیں جان اور اسکے
کاموں کا ارادہ کیا اور اگر انکو بچاتا تو کبھی اسکی مخالفت نہ کرتے اور اگر سب سے فرمانبرداری
چاہتا تو ضرور اسکی فرمانبرداری کرتے جانتا ہے پوشیدہ بات کو اور دل کی بات کو
وہ تو سینے کی باتوں کو جانتا ہے کیا جس نے پیدا کیا وہ نہیں جانتا وہ باریک بین
اور خبردار ہے وہی ہے ملانے والا اور وہی ہے ٹھیرانے والا ہے وہ وہم میں نہیں آسکتا
اور اسکو ذہن اندازہ نہیں کر سکتی اور لوگوں پر قیاس نہیں ہو سکتا برتر ہے اس سے کہ اسکو
کی مخلوقات کے ساتھ تشبیہ دیجاوے یا ان چیزوں کیطرف نسبت کیا جاوے جو اسنے
بنائیں اور ایجاد کیں یاد رکھنے والا ہے سانسوں کا ہر نفس پر قائم ہے اسکو ساتھ جو اسنے
کمایا بیشک اسنے انکو یاد کر رکھا ہے اور گن رکھا ہے گننا اور وہ سب اس کو پاس
قیامت کے دن اکیلے اکیلے آوینگے تاکہ ہر جی اپنے کیے کا بدلا پاوے تاکہ برائی کرنے
والوں کو انکی برائی کا بدلا دے اور نیکی والوں کا بدلا نیک اپنی مخلوق سے بے پرواہ ہے
اور اپنی پیدائش کا روزی رساں ہے کھلاتا ہے اور اسکو کوئی نہیں کھلاتا رزق دیتا ہے
اور اسکو کوئی رزق نہیں دیتا پناہ دیتا ہے اور اسکو عذاب سے کوئی نہیں بچاتا مخلوق
اسکی طرف محتاج ہے انکو کسی فائدے کو حاصل کرنے یا نقصان کے دور کرنے کے
لیئے نہیں پیدا کیا اور نہ اسلیئے کہ پیدا کرنے کی کسی نے درخواست کی ہو اور نہ
کسی خیال کی وجہ سے اور نہ فکر سے جو پیدا ہوا بلکہ محض ارادے سے پیدا
کیا جسطرح وہ خود فرماتا ہے بڑے عرش والا ہے کر ڈالنے والا جو چاہے اکیلا ہے اپنی قدرت پر
احیان کو نئی طور بنانے پر ضرر اور بلاؤں دور کرنے پر اور احیان کے بدلانے پر اور حالتوں کے پھیرنے پر وہ ہر دن ایک کام
میں ہے چلاتا ہے اسکو جو اسنے مقدر کیا اس وقت تک جو اسنے معین کیا اور وہ بلند برتر زندہ ہے اپنی زندگی
سے اور جاننے والا ہے اپنے علم سے اور توانا ہے اپنی توانائی سے اور ارادہ کرنیوالا ہے اپنے ارادے سے اور سننے والا ہے
کان سے اور دیکھنے والا ہے آنکھ سے اور مدرک ہے ادراک سے

بِكَلَامٍ وَآمِرًا بِأَمْرٍ وَنَاهِيًا بِنَهْيٍ وَمُخْبِرًا بِخَبَرٍ وَأَنَّهُ تَعَالَى عَادِلٌ
فِي حُكْمِهِ وَقَضَائِهِ وَمُحْسِنٌ مُتَفَضِّلٌ فِي عَطَائِهِ وَإِنْعَامِهِ
مُبْدِئٌ وَمُعِيدٌ مُحْيٍ وَمُمِيتٌ مُحْدِثٌ وَمُوجِدٌ مُثِيبٌ
وَمُعَاقِبٌ جَوَادٌ لَا يَبْخَلُ حَلِيمٌ لَا يَعْجَلُ حَفِيظٌ لَا يَنْسَى
يَقْظَانُ لَا يَسْهُو آرِقٌ لَا يَنْفُلُ يَقْبِضُ وَيَبْسُطُ يَضْحَكُ
وَيَفْرَحُ يُحِبُّ وَيُكْرَهُ وَيُبْغِضُ وَيَرْضَى وَيَغْضَبُ يَسْخَطُ
يَرْحَمُ وَيَغْفِرُ يُعْطِي وَيَمْنَعُ لَهُ يَدَانِ وَكِلْتَا يَدَيْهِ يَمِينٌ
قَالَ جَلَّ وَعَلَا وَالسَّمٰوٰتُ مَطْوِيّٰتٌ بِيَمِينِهِ رَوَى نَافِعٌ عَنِ
ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا أَنَّهُ قَالَ قَرَأَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى
اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْمِنْبَرِ وَالسَّمٰوٰتُ مَطْوِيّٰتٌ بِيَمِينِهِ
وَقَالَ تَكُونُ فِي يَمِينِهِ يَرْمِي بِهَا كَمَا يَرْمِي الْغُلَامُ بِالْكُرَةِ
ثُمَّ يَقُولُ أَنَا الْعَزِيزُ قَالَ فَلَقَدْ رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى
اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَحَرَّكُ عَلَى الْمِنْبَرِ حَتّٰى كَادَ يَسْقُطُ قَالَ
ابْنُ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا يَقْبِضُ الْأَرَضِينَ وَالسَّمٰوٰتِ
بِجَمِيعًا فَلَا يُرٰى طَرَفُهَا مِنْ قَبْضَتِهِ وَعَنْ أَنَسِ ابْنِ
مَالِكٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ عَنِ النَّبِيِّ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ الْمُقْسِطُونَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ
عَلٰى مَنَابِرَ مِنْ نُورٍ عَلٰى يَمِينِ الرَّحْمٰنِ وَكِلْتَا يَدَيْهِ يَمِينٌ
وَخَلَقَ آدَمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ بِيَدِهِ عَلٰى صُورَتِهِ وَغَرَسَ
جَنَّةَ عَدْنٍ بِيَدِهِ وَغَرَسَ شَجَرَةَ طُوبٰى بِيَدِهِ وَكَتَبَ
التَّوْرَاةَ بِيَدِهِ وَنَاوَلَهَا مُوسٰى مِنْ يَدِهِ إِلٰى يَدِهِ
وَكَلَّمَهُ تَكْلِيمًا مِنْ غَيْرِ وَاسِطَةٍ وَلَا تَرْجُمَانٍ وَقُلُوبُ
الْعِبَادِ بَيْنَ أُصْبُعَيْنِ مِنْ أَصَابِعِ الرَّحْمٰنِ يُقَلِّبُهَا كَيْفَ
يَشَاءُ وَيُوعِيهَا مَا أَرَادَ وَالسَّمٰوٰتُ وَالْأَرْضُ يَوْمَ
الْقِيٰمَةِ فِي كَفِّهِ كَمَا جَاءَ فِي الْحَدِيثِ وَيَضَعُ قَدَمَهُ
فِي جَهَنَّمَ فَيَنْزَوِي بَعْضُهَا إِلٰى بَعْضٍ وَتَقُولُ قَطْ
قَطْ وَيُخْرِجُ قَوْمًا مِنَ النَّارِ بَعْدَمَا
وَيَنْظُرُ أَهْلُ الْجَنَّةِ
فِي وَجْهِهِ وَيَرَوْنَهُ لَا يُضَامُّونَ فِي رُؤْيَتِهِ وَلَا يُضَارُّونَ فِيهِ
كَمَا جَاءَ فِي الْحَدِيثِ فَيُجَلِّيهِمْ وَيُعْطِيهِمْ مَا يَتَمَنَّوْنَ

اور متکلم ہے ساتھ کلام کے اور حکم کرنیوالا ہے ساتھ حکم کے اور روکنیوالا ہے اپنی نہی سے
اور خبر دینیوالا ہے خبر کے ساتھ اور وہ بلند اور برتر ہے اپنے حکم و فیصلہ میں عادل ہے اور احسان
کرنیوالا ہے فضل والا ہے اپنے عطاء و انعام میں پہلی بار پیدا کرنے والا اور دوبارہ
بنانیوالا اور مارنیوالا اور جلانیوالا ہے اور نئی طرح بنانیوالا ہے اور ایجاد کرنیوالا اور ثواب
دینیوالا ہے اور عذاب کرنیوالا جواد والا ہے نہیں بخیل بردبار ہے عذاب کی جلدی نہیں کرتا
یاد رکھنیوالا ہے نہیں بھولتا جاگتا ہے نہیں سہو کرتا خبردار ہے نہیں بے خبر روزی بند
کرتا ہے اور فراخ کرتا ہے ہنستا ہے اور خوش ہوتا ہے۔ دوست رکھتا ہے اور کراہت کرتا ہے
اور بغض کرتا ہے اور خوش ہوتا ہے اور غصہ ہوتا ہے اور ناراض ہوتا ہے مہربانی کرتا ہے
معاف کرتا ہے دیتا ہے اور نہیں دیتا اسکے دو ہاتھ ہیں اور دونوں دائیں ہیں جیسا
کہ اسنے آپ فرمایا اور آسمان اسکے دہنے ہاتھ میں لپیٹے ہوئے ہونگے نافع نے ابن عمر رضی اللہ
عنہما سے روایت کیا ہے فرمایا پڑھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منبر پر یہ آیت
اور آسمان لپیٹے ہونگے اسکے دہنے ہاتھ میں اور فرمایا آسمان ہونگے اسکے دہنے ہاتھ میں پھر لپیٹے
انکو جسطرح لڑکا گیند پھراتا ہے پھر کہیگا میں غالب ہوں عمر نے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا منبر پر چھولتے تھے یہانتک کہ گرنے کے قریب ہوگئے ابن عباس
رضی اللہ عنہما نے فرمایا زمینوں اور آسمانوں سب کو مٹھی میں لیگا اور اسکی ہتھیلی سے
کوئی کنارہ نکلا نہ ہوگا اور انس بن مالک رضی اللہ عنہ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے
روایت کرتے ہیں اور وہ حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہ آپ نے فرمایا عدل کرنیوالے
قیامت کے دن نور کے منبروں پر ہونگے رحمان کی دہنی طرف اور اسکے دونوں ہاتھ دہنے ہیں
اور آدم علیہ السلام کو پیدا کیا اپنے ہاتھ سے اسی کی صورت پر اور لگایا جنت عدن کو اپنے ہاتھ
سے اور لگایا طوبیٰ کے درخت کو اپنے ہاتھ سے اور لکھا توریت کو اپنے ہاتھ سے اور پکڑایا موسیٰ کو
توریت کو اسکے ہاتھ سے اپنے ہاتھ سے اور لگایا طوبیٰ کے درخت کو اپنے ہاتھ سے اور لکھا توریت کو اپنے
ہاتھ سے اور پکڑایا موسیٰ کو توریت کو اسکے ہاتھ سے اپنے ہاتھ میں اور کلام کی موسیٰ کو اسکے
ساتھ کلام کرنی بلاواسطہ اور سوا کسی ترجمہ کرنے والے کے اور بندوں کے دل دو انگلیوں
میں ہیں رحمن کی انگلیوں میں سے پھیرتا ہے جسطرف چاہتا ہے اور بچا لیتا ہے ان سے جسکو
چاہتا ہے اور آسمان اور زمین قیامت کے دن اسکے ہاتھ میں ہونگے جسطرح حدیث میں آیا ہے
اور رکھیگا اپنا قدم دوزخ میں پھر بعض بعض میں سمٹ جاویگا اور کہیگا بس بس اور نکلیگی
ایک قوم آگ سے اسکو پیچھے اور بہشتی اسکے منہ مبارک کو دیکھینگے نہ تکلیف اٹھائینگے
اسکے دیکھنے میں اور نہ ضرر جسطرح حدیث میں آیا ہے ظاہر ہوگا (رب)
اُن کے لئے اور دیگا ان کو جو چاہیں

اور محرمات سے بچا جاوے اور یہی ایمان کی صفت ہے اور اسلام بھی ایمان ہے اور ہر
ایمان اسلام ہے اور ہر اسلام ایمان نہین کیونکہ اسلام کا معنے قبول کرنا اور جھکنا ہے
اور ہر مومن قبول کرنیوالا اللہ تعالےٰ کے آگے جھکنے والا تو ہوتا ہے لیکن ہر ایک قبول
کرنے والا اللہ کے ساتھ ایمان سے کہنے والا نہین ہوتا کیونکہ کبھی صرف تلوار کے خوف
سے اسلام لاتا ہے پس ایمان نام ہے جو ہیبت سے معنون فعلون اور قولون کو
شامل ہے اور وہ سب عبادتون کو گھیرتا ہے اور اسلام شہادتین اور
تسلی دل کے ساتھ کہنے کو اور پانچون عبادتون کو کہتے ہین اور امام احمد رحمۃ
اللہ علیہ نے اطلاق کیا کہ ایمان اور اسلام مین مغائرت ہے۔ اور
اُنہون نے اس حدیث سے استدلال کیا ہے
جو عبداللہ بن عمر رض سے مروی ہے

انه قال حدثني عمر بن الخطاب انه قال بينما انا عند
رسول الله صلى الله عليه وسلم ذات يوم اذ طلع علينا
رجل شديد بياض الثياب شديد سواد الشعر لا
يرى عليه اثر السفر ولا يعرفه منا احد حتى جلس الى
رسول الله صلى الله عليه وسلم فاسند ركبتيه الى
ركبتيه ووضع كفيه على فخذيه ثم قال يا محمد
اخبرني عن الاسلام فقال صلى الله عليه وسلم ان
تشهد ان لا اله الا الله وان محمدا رسول الله
وتقيم الصلوة وتؤتي الزكوة وتصوم رمضان و
تحج البيت ان استطعت اليه سبيلا قال صدقت
قال فعجبنا منه يسأله ويصدقه ثم قال اخبرني
عن الايمان قال صلى الله عليه وسلم ان تؤمن
بالله وملئكته وكتبه ورسله واليوم الاخر و
تؤمن بالقدر خيره وشره قال صدقت قال اخبرني عن
الاحسان قال ان تعبد الله كانك تراه فان لم
تكن تراه فانه يراك قال فاخبرني عن الساعة
قال ما المسؤل عنها باعلم من السائل قال فاخبرني
عن امارتها قال ان تلد الامة ربتها وان ترى
الحفاة العراة العالة رعاء الشاء يتطاولون في البنيان
قال عمر فلبثت هنيهة ثم قال لي رسول الله صلى
الله عليه وسلم هل تدري من السائل قال قلت
الله ورسوله اعلم قال صلى الله عليه وسلم فانه
جبريل اتاكم يعلمكم دينكم وفي لفظ اخر قال
ذلك جبريل اتاكم ليعلمكم امر دينكم وما اتاني
قط في صورة الا عرفته الا في صورتي هذه فقد
فرق جبريل عليه السلام بين الاسلام والايمان
بسؤالين فلهذا جاب النبي صلى الله عليه وسلم بجوابين
مختلفين فذهب الامام احمد ايضا الى حديث
الاعرابي حيث قال يا رسول الله لو اعطيت فلانا

انہوں نے کہا مجھ سے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی انہوں نے کہا اس
وقت کا ذکر ہے کہ میں ایک دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس تھا ناگہان
ایک آدمی ہمارے پاس آگیا جو نہایت سفید کپڑوں والا اور نہایت سیاہ بالوں والا تھا
اس پر سفر کی کوئی علامت معلوم نہ ہوتی تھی اور ہم میں سے اسے کوئی نہیں پہچانتا
تھا یہانتک کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھ گیا اور اپنے گھٹنے اسنے
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے گھٹنوں سے ملا دیئے اور اسنے اپنی دونوں ہتھیلیاں
اپنے دونوں رانوں پر رکھدیں پھر بولا اے محمد مجھکو اسلام کی خبر دو تو رسول اللہ صلے
اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اسلام یہ ہے کہ تو اس بات کی گواہی دیوے کہ بجز خدا کے کوئی معبود برحق
نہیں اور محمد اللہ کے رسول ہیں اور نماز کو تو قائم رکھے اور زکوۃ دیوے اور ماہ رمضان کے
روزے رکھے اور بیت اللہ کا حج کرے بشرطیکہ اسکی طرف جانیکی تجھے طاقت ہو سائل نے
کہا آپنے سچ فرمایا حضرت عمر رضی نے کہا ہمنے اس بات سے تعجب کیا کہ آپ سے پوچھتا ہے اور
پھر خود ہی کہتا ہے کہ آپنے سچ فرمایا پھر بولا مجھے آپ ایمان کی خبر دو حضرت صلی اللہ
علیہ وسلم نے فرمایا ایمان یہ ہے کہ تو اللہ پر اور اسکے فرشتوں اور کتابوں اور پیغمبروں پر
اور قیامت کے دن پر اور تقدیر پر یعنے اسکی بھلائی اور برائی پر ایمان لاوے سائل نے
کہا آپنے سچ فرمایا پھر بولا یا محمد مجھے احسان کی خبر دو آپنے فرمایا احسان یہ ہے کہ تو اللہ کی
عبادت ایسے خشوع خضوع سے کرے گویا کہ تو اسے دیکھ رہا ہے اور اگر تو اسکو نہیں دیکھتا
تو وہ تجھے دیکھ رہا ہے پھر بولا مجھے قیامت کی خبر دو آپنے فرمایا جس سے قیامت کی نسبت تو نے
پوچھا ہے سائل سے زیادہ جاننے والا نہیں وہ بولا اچھا مجھے اسکی نشانیاں بیان کیجئے
آپنے فرمایا یہ ہے کہ لونڈی اپنے آقا کو جنے یہ کہ تو ننگے بدن الو کھن بکریاں چرانے
والوں کو عمارتوں میں فخر کرتے ہوئے دیکھے گا حضرت عمر رضی نے کہا پس میں ہوڑی دیر ٹھہرا
پھر مجھے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا تو جانتا ہے کہ یہ سائل کون تھا میں نے عرض کیا
اللہ اور اسکا رسول زیادہ جاننے والے ہیں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جبریل
تھے تمہارے پاس تمہارا دین سکھلانے کے لیے آئے تھے اور حدیث کے دوسرے
لفظوں میں یوں ہے کہ یہ جبریل تھے تمہارے پاس اس غرض سے آئے تھے تاکہ تم
کو تمہارے دین کا کام سکھادیں اور میں جب سے پیدا ہوا ہوں کبھی کسی صورت میں نہیں آئے
ہیں مگر میں انکو پہچان لیتا تھا مگر آج اس صورت میں میں بھی نہیں پہچان سکا تھا
پس جبریل علیہ السلام نے اسلام اور ایمان کو دو سوالوں میں علیحدہ علیحدہ ذکر کیا اور نبی صلے اللہ علیہ
وسلم نے بھی دو جدا جدا جواب دیئے (لہذا مغائرت ثابت ہو گئی) اور امام احمد نے اعرابی کی
حدیث کو بھی استدلال پکڑتے ہیں جب اسنے کہا یا رسول اللہ آپنے فلانے کو دیا

ومنعتني فقال النبي صلى الله عليه وسلم ذلك مؤمن
فقال الاعرابي وانا مؤمن فقال له النبي صلى
الله عليه وسلم وانت وذهب ايضا الى قول
الله تعالى قالت الاعراب امنا قل لم تؤمنوا ولكن
قولوا اسلمنا ولما يدخل الايمان في قلوبكم واعلم
ان زيادة الايمان انما يكون بعد التحقيق باداء الاوامر
واجتناب النواهي بالتسليم في القدر وترك الاعتراض
على الله عز وجل في فعله في جميع خلقه وترك الشك في
وعده به في الاقسام والرزق وفي الثقة به والتوكل
عليه والخروج من الحول والقوة والصبر على البلاء
والشكر على النعماء والتزيه للحق وترك التهمة له في
سائر الاحوال فاما بمجرد الصلوة والصيام فلا وسئل
الامام احمد عن الايمان المخلوق هو ام غير مخلوق
فقال من قال ان الايمان مخلوق فقد كفر لانه في
ذلك ايهاما وتعريضا بالقرآن ومن قال غير مخلوق
فقد ابتدع لان في ذلك ايهام ان اماطة الاذى
عن الطريق والافعال الاركان غير مخلوقة فقد
انكر على الطائفتين وذكر الحديث ان النبي صلى الله
عليه وسلم قال الايمان بضع وسبعون خصلة افضلها
قول لا اله الا الله وادناها اماطة الاذى عن الطريق
وانما كفر القائل بخلق القرآن وبدأ الاخر لان منهما
رحمه الله مبني على ان القرآن اذا لم ينطق بشئ
لم يرو في السنة عن رسول الله صلى الله عليه وسلم
شئ وانقرض عصر الصحابة ولم ينقل احد منهم قولا
فالكلام فيه بدعة وحدث ولا يجوز للمؤمن ان يقول
انا مؤمن حقا بل يجب ان يقول انا مؤمن ان شاء الله
خلاف ما قاله المعتزلة انه يجوز ان يقول انا مؤمن
حقا وانما قلنا ذلك لما روي عن عمر بن الخطاب رضه انه
قال من زعم انه مؤمن فهو كافر وعن الحسن قال

اور مجھکو نہ دیا تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ مومن ہے پس اعرابی نے عرض کیا میں
بھی مومن ہون تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اُسے فرمایا تو مسلمان ہے اور امام احمد رح نے
اللہ تعالی کے قول سے بھی استدلال پکڑا ہے (جو یہ ہے) گنوار دن نے کہا ہم ایمان
لائے (یا محمد) کہدیجئے تم ایمان نہین لائے لیکن کہو ہم مسلمان ہوئے اور ابھی ایمان
تمہارے دلون مین داخل نہین ہوا اور جانے کہ ایمان کا بڑھنا حکمون کے ادا کرنے
اور منہیات سے باز رہنے کو بعد ہوتا ہے بشرطیکہ تقدیر کو بھی
تسلیم کیا جائے اور بعد اسکے کہ اللہ عزوجل پر اُسکے اُن فعلون مین جو اُسکی مخلوق
مین ہین اعتراض کرنا چھوڑ دیا جائے اور بعد اسکے کہ اُسکے وعدون مین جو
قسمتون اور روزی مین ہین اور اُسپر یقین کرنے مین اور اُسپر بھروسا کرنے
مین اور اپنی طاقت اور قوت سے نکلنے مین اور مصیبت پر صبر کرنے مین اور نعمتون
پر شکر کرنے مین اور اللہ تعالی کو پاک جاننے مین اور ہر حال مین اُسکے لیے تہمت
کے چھوڑ دینے مین شک کیا جائے لیکن صرف نماز اور روزے سے ایمان نہین
بڑھتا اور امام احمد رح سے ایمان کی نسبت پوچھا گیا کہ آیا وہ مخلوق ہے یا غیر
مخلوق تو انہون نے کہا جو شخص کہے کہ ایمان مخلوق ہے وہ کافر ہوا کیونکہ
اسمین وہم مین ڈالنا اور قرآن شریف کی طرف اشارہ کرنا ہے اور جو شخص کہے
کہ ایمان غیر مخلوق ہے تو اُس نے ایک نئی بات نکالی کیونکہ اسمین یہ وہم
ہوتا ہے کہ ایذا کا راستہ سے دور کرنا اور اعضا کے کام غیر مخلوق ہین پس امام
احمد رح نے دونون گروہون پر ہی اعتراض کیا اور ایک حدیث بیان کی
کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ایمان ستر اور چند خصلتین ہین ان مین سے
افضل یہ کہنا ہے کہ بجز خدا کے کوئی معبود برحق نہین اور ان مین سے گھٹیا خصلت
راستہ سے ایذا کا دور کرنا ہے اور امام احمد رح نے قرآن کی مخلوق کہنے والے کو کافر اور
دوسرے کو بدعت کی طرف اسلیے منسوب کیا کہ انکا مذہب اس امر پر مبنی ہے کہ جب قرآن
شریف نے اس امر کا کچھ فیصلہ نہین کیا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے حدیث مین بھی اسکی
نسبت کچھ مروی نہین ہے اور صحابہ کا زمانہ بھی گذر گیا اور اُن مین سے کسی نے کوئی قول
نقل نہین کیا تو اب اس مسئلہ مین گفتگو کرنا بدعت اور ایک نئی بات ہے اور مومن کو
یون کہنا جائز نہین کہ مین سچا مومن ہون بلکہ یون کہنا واجب ہے کہ مین انشاء اللہ
مومن ہون برخلاف اسکے جو معتزلہ نے کہا کہ یون کہنا بھی جائز ہے کہ مین سچا مومن ہون
اور ہمنے یہ اس روایت کی وجہ سے کہا ہے جو عمر بن خطاب رض سے مروی ہے انہون نے کہا جو شخص کہے کہ مین
مومن ہون تو وہ کافر ہے اور حسن بصری رح سے روایت ہے انہون نے کہا

إِنَّ رَجُلًا قَالَ عِنْدَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ إِنِّيْ مُؤْمِنٌ فَقَالَ لَهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُوْدٍ إِنْ هٰذَا يَزْعَمُ أَنَّهُ مُؤْمِنٌ قَالَ فَاسْئَلُوْهُ أَفِي الْجَنَّةِ هُوَ أَمْ هُوَ فِي النَّارِ فَسَأَلُوْهُ فَقَالَ اللّٰهُ أَعْلَمُ فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ فَهَلَّا وَكَلْتَ الْأُخْرٰى كَمَا وَكَلْتَ الْأُوْلٰى وَلِأَنَّ الْمُؤْمِنَ حَقًّا مَنْ هُوَ عِنْدَ اللّٰهِ تَعَالٰى مُؤْمِنٌ وَهُوَ الَّذِيْ يَكُوْنُ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ وَلَا يَكُوْنُ كَذٰلِكَ إِلَّا بَعْدَ مُوَافَاتِهِ بِالْإِيْمَانِ وَيُخْتَمُ لَهُ بِذٰلِكَ وَلَا يَعْلَمُ أَحَدٌ بِمَا يُخْتَمُ لَهُ فَيَنْبَغِيْ أَنْ يَكُوْنَ خَائِفًا رَاجِيًا مُصْلِحًا حَذِرًا مُتَرَقِّبًا حَتّٰى يَأْتِيَهُ الْمَوْتُ وَهُوَ عَلٰى خَيْرِ عَمَلٍ وَأَنَّ النَّاسَ يَمُوْتُوْنَ عَلٰى مَا عَاشُوْا عَلَيْهِ وَيُحْشَرُوْنَ عَلٰى مَا مَاتُوْا عَلَيْهِ كَمَا جَاءَ فِي الْحَدِيْثِ قَالَ عَلَيْهِ السَّلَامُ كَمَا تَعِيْشُوْنَ تَمُوْتُوْنَ وَكَمَا تَمُوْتُوْنَ تُبْعَثُوْنَ وَنَعْتَقِدُ أَنَّ أَفْعَالَ الْعِبَادِ خَلْقُ اللّٰهِ وَكَسْبٌ لَهُمْ خَيْرُهَا وَشَرُّهَا حَسَنُهَا وَقَبِيْحُهَا مَا كَانَ مِنْهُمَا طَاعَةً وَمَعْصِيَةً لَا عَلٰى مَعْنٰى أَنَّهُ أَمَرَ بِالْمَعْصِيَةِ لٰكِنْ قَضٰى بِهَا وَقَدَّرَهَا وَجَعَلَهَا عَلٰى حَسَبِ قَصْدِهِ وَأَنَّهُ قَسَمَ الْأَرْزَاقَ وَقَدَّرَهَا فَلَا يَصُدُّهَا صَادٌّ وَلَا يَمْنَعُهَا مَانِعٌ لَا زَائِدُهَا يَنْقُصُ وَلَا نَاقِصُهَا يَزِيْدُ وَلَا نَافِعُهَا يَخْشُنُ وَلَا خَشِنُهَا يَنْعُمُ وَرِزْقُ عَبْدٍ لَا يَأْكُلُ الْيَوْمَ وَقِسْمُ زَيْدٍ لَا يَنْقُلُ إِلٰى عَمْرٍو وَأَنَّهُ تَعَالٰى يَرْزُقُ الْحَرَامَ كَمَا يَرْزُقُ الْحَلَالَ عَلٰى مَعْنٰى أَنَّهُ يَخْلُقُهُ غِذَاءً لِلْأَبْدَانِ وَقِوَامًا لِلْأَجْسَادِ لَا عَلٰى مَعْنٰى أَنَّهُ أَبَاحَهُ الْحَرَامَ وَكَذٰلِكَ الْقَاتِلُ لَمْ يَقْطَعْ أَجَلَ الْمَقْتُوْلِ الْمُقَدَّرَ لَهُ بَلْ يَمُوْتُ بِأَجَلِهِ وَكَذٰلِكَ الْغَرِيْقُ وَمَنْ هَدَمَ عَلَيْهِ الْحَائِطُ وَالَّذِيْ مَنْ شَاهِقٍ وَمَنْ أَكَلَهُ سَبُعٌ وَكَذٰلِكَ هِدَايَةُ الْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُؤْمِنِيْنَ وَضَلَالَةُ الْكَافِرِيْنَ إِلَيْهِ عَزَّ وَجَلَّ جَمِيْعُ ذٰلِكَ فِعْلٌ لَهُ وَصُنْعُهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ فِيْ مُلْكِهِ وَإِنَّمَا أَثْبَتْنَا لِلْعِبَادِ كَسْبًا لِمَوْضِعِ تَوَجُّهِ الْأَمْرِ وَالنَّهْيِ وَالْخِطَابِ إِلَيْهِمْ

أن رجلا الخ اس سے معلوم ہوا کہ مومن ہونے کی حالت میں خاتمہ ہونا اور اسی حالت پر مرنا معلوم نہیں ہوسکتا اور کوئی نہیں جانتا کہ اسکا خاتمہ کس چیز سے ہوگا پس واجب ہے کہ ڈرنے والا امید کرنے والا نیکی کرنے والا بچنے والا انتظاری کرنیوالا ہو یہان تک کہ اسے موت آجاوے اور وہ اس وقت نیک عمل پر ہو اور لوگ بے شک اسی چیز پر مرتے ہین جسپر وہ زندگی بسر کرتے ہین اور اسی چیز پر اٹھائے جاوینگے جسپر مرتے ہین جیسا کہ حدیث مین آیا ہے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جیسے تم زندگی بسر کرتے ہو ویسے ہی مرتے ہو اور جیسے تم مرتے ہو ویسے ہی اٹھائے جاتے ہو اور ہم اعتقاد کرتے ہین کہ بندون کے فعل اللہ کے پیدا کیے ہوئے ہین اور بندون کے کمائے ہوئے ہین اچھے ہون خواہ برے ہون نیک ہون خواہ بد ہون اور وہ سب کے سب اللہ تعالی کی قضا اور قدر سے ہین اور جو فرمانبرداری ہو اور جو بے فرمانی ہو لیکن ان معنون سے اللہ تعالی خالق افعال ہے کہ اللہ نے گناہ کا حکم کیا ہے بلکہ اسکو قضا کیا اور مقدر کیا اور اسکو اپنے ارادے کے موافق کیا اور اللہ تعالے نے رزقون کو تقسیم کیا اور مقدر کیا پس انکو کوئی بند کرنیوالا بند نہین کرسکتا اور کوئی منع کرنیوالا منع نہین کرسکتا اور ان مین سے جو زیادہ ہے وہ ناقص نہین ہوتا اور جو ناقص ہے وہ زیادہ نہین ہوتا اور انمین سے جو نرم ہے وہ سخت نہین ہوتا اور جو سخت ہے وہ نرم نہین ہوتا اور کل کا رزق آج نہین کہا جاتا اور زید کا حصہ عمرو کی طرف نقل نہین کیا جاتا اور اللہ تعالی حرام کو بھی روزی بناتا ہے جیسے کہ حلال کو روزی بناتا ہے اس معنے سے کہ اسکو بدنون کے لیے غذا اور جسمون کے لیے قوت کردیتا ہے اس معنے سے نہین کہ حرام کو مباح کردیتا ہے اور اسیطرح قاتل مقتول کی موت کو جو اسکے لیے مقدر ہوتی ہے قطع نہین کردیتا بلکہ وہ اپنی موت سے مرتا ہے اور اسیطرح غرق ہونیوالے کا اور جسپر دیوار گر پڑے یا جو پہاڑ کی چوٹی سے گرایا جاوے اور جسکو درندہ کہا جاوے یہی حال ہے اور اسیطرح مسلمانون اور مومنون کی ہدایت اور کافرون کی گمراہی سب اللہ عزوجل کی طرف ہی منسوب ہے یہ سب اسیکا فعل ہے اور اسی کا کام ہے اسکا اسکے ملک مین کوئی شریک نہین اور ہمنے بندونکے لیے کسب ثابت کیا ہے کہ امر اور نہی اور اللہ تعالے کا خطاب ان کی طرف ہی متوجہ ہے۔

عبد اللہ بن مسعود کے پاس کسی نے کہا کہ تحقیق مین مومن ہون کسی نے عبد اللہ بن مسعود سے کہا یہ شخص کہتا ہے کہ تحقیق مین مومن ہون انہون نے کہا تم اس سے پوچھو کہ وہ بہشت مین ہوگا یا دوزخ مین انہون نے اس سے پوچھا تو اسنے کہا اللہ تعالی خوب جانتا ہے پس عبد اللہ نے کہا کہ تو نے جیسے پہلی بات کی اسپر کی ویسی دوسری بات کیون نہین کی اور مومن سچا کہنے کی ایسلیے بھی ممانعت ہے کہ مومن سچا وہ ہے جو اللہ تعالی کے نزدیک مومن ہے اور وہی بہشت والون سے ہوتا ہے اور یہ امر جز اسکے ایمان کے ساتھ انجام ہونے اور اسی کے ساتھ خاتمہ ہونے کے نہین ہوسکتا اور کوئی نہین جانتا کہ اسکا خاتمہ کس چیز سے ہوگا پس واجب ہے کہ ڈرنے والا امید کرنے والا نیکی کرنے والا بچنے والا انتظاری کرنیوالا ہو یہان تک کہ اسے موت آجاوے اور وہ اس وقت نیک عمل پر ہو اور لوگ بے شک اسی چیز پر مرتے ہین جسپر وہ زندگی بسر کرتے ہین اور اسی چیز پر اٹھائے جاوینگے جسپر مرتے ہین جیسا کہ حدیث مین آیا ہے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جیسے تم زندگی بسر کرتے ہو ویسے ہی مرتے ہو اور جیسے تم مرتے ہو ویسے ہی اٹھائے جاتے ہو اور ہم اعتقاد کرتے ہین کہ بندون کے فعل اللہ کے پیدا کیے ہوئے ہین اور بندون کے کمائے ہوئے ہین اچھے ہون خواہ برے ہون نیک ہون خواہ بد ہون اور وہ سب کے سب اللہ تعالی کی قضا اور قدر سے ہین اور جو فرمانبرداری ہو اور جو بے فرمانی ہو لیکن ان معنون سے اللہ تعالی خالق افعال ہے کہ اللہ نے گناہ کا حکم کیا ہے بلکہ اسکو قضا کیا اور مقدر کیا اور اسکو اپنے ارادے کے موافق کیا اور اللہ تعالے نے رزقون کو تقسیم کیا اور مقدر کیا پس انکو کوئی بند کرنیوالا بند نہین کرسکتا اور کوئی منع کرنیوالا منع نہین کرسکتا اور ان مین سے جو زیادہ ہے وہ ناقص نہین ہوتا اور جو ناقص ہے وہ زیادہ نہین ہوتا اور انمین سے جو نرم ہے وہ سخت نہین ہوتا اور جو سخت ہے وہ نرم نہین ہوتا اور کل کا رزق آج نہین کہا جاتا اور زید کا حصہ عمرو کی طرف نقل نہین کیا جاتا اور اللہ تعالی حرام کو بھی روزی بناتا ہے جیسے کہ حلال کو روزی بناتا ہے اس معنے سے کہ اسکو بدنون کے لیے غذا اور جسمون کے لیے قوت کردیتا ہے اس معنے سے نہین کہ حرام کو مباح کردیتا ہے اور اسیطرح قاتل مقتول کی موت کو جو اسکے لیے مقدر ہوتی ہے قطع نہین کردیتا بلکہ وہ اپنی موت سے مرتا ہے اور اسیطرح غرق ہونیوالے کا اور جسپر دیوار گر پڑے یا جو پہاڑ کی چوٹی سے گرایا جاوے اور جسکو درندہ کہا جاوے یہی حال ہے اور اسیطرح مسلمانون اور مومنون کی ہدایت اور کافرون کی گمراہی سب اللہ عزوجل کی طرف ہی منسوب ہے یہ سب اسیکا فعل ہے اور اسی کا کام ہے اسکا اسکے ملک مین کوئی شریک نہین اور ہمنے بندونکے لیے کسب ثابت کیا ہے کہ امر اور نہی اور اللہ تعالے کا خطاب ان کی طرف ہی متوجہ ہے۔

ثُمَّ اسْتِحْقَاقُ الثَّوَابِ وَالْعِقَابِ لَدَيْهِمْ كَمَا وَعَدَ وَ
ضَمِنَ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى جَزَآءً بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ وَقَالَ عَزَّ
وَجَلَّ بِمَا صَبَرْتُمْ وَقَالَ جَلَّ وَعَلَا مَا سَلَكَكُمْ فِيْ سَقَرَ
قَالُوْا لَمْ نَكُ مِنَ الْمُصَلِّيْنَ وَلَمْ نَكُ نُطْعِمُ الْمِسْكِيْنَ وَقَالَ
تَبَارَكَ وَتَعَالٰى هٰذِهِ النَّارُ الَّتِيْ كُنْتُمْ بِهَا تُكَذِّبُوْنَ
وَقَالَ جَلَّتْ عَظَمَتُهٗ ذٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ يَدَاكَ وَغَيْرُ
ذٰلِكَ مِنَ الْاٰيَاتِ فَعَلَّقَ سُبْحَانَهٗ الْجَزَآءَ عَلٰى اَفْعَالِهِمْ
فَاَثْبَتَ لَهُمْ كَسْبًا خِلَافَ مَا قَالَتِ الْجَهْمِيَّةُ مِنْ
اَنَّهٗ لَا كَسْبَ لِلْعِبَادِ وَاَنَّهُمْ كَالْبَابِ يُرَدُّ وَيُقْفَلُ وَ
الشَّجَرَةِ تُحَرَّكُ وَتُهَزُّ وَهُمُ الْجَاحِدُوْنَ لِلْحَقِّ الرَّادُّوْنَ
لِلْكِتَابِ وَالسُّنَّةِ وَالدَّلِيْلُ عَلٰى كَوْنِ ذٰلِكَ خَلْقَ اللّٰهِ
عَزَّ وَجَلَّ وَكَسْبًا لِلْعِبَادِ خِلَافًا لِلْقَدَرِيَّةِ فِيْ قَوْلِهِمْ
اِنَّ جَمِيْعَ ذٰلِكَ خَلْقٌ لِلْعِبَادِ دُوْنَ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ تَبًّا
لَهُمْ وَهُمْ مَجُوْسُ هٰذِهِ الْاُمَّةِ جَعَلُوْا لِلّٰهِ شُرَكَآءَ وَ
نَسَبُوْهُ اِلَى الْعَجْزِ وَاَنْ يَّجْرِيَ عَلٰى مُلْكِهٖ مَا لَا يَدْخُلُ فِيْ
قُدْرَتِهٖ وَاِرَادَتِهٖ تَعَالَى اللّٰهُ عَنْ ذٰلِكَ عُلُوًّا كَبِيْرًا قَوْلُهٗ
عَزَّ وَجَلَّ وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ وَمَا تَعْمَلُوْنَ وَكَمَا قَالَ تَعَالٰى
جَزَآءً بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ فَلَمَّا كَانَ الْجَزَآءُ وَاقِعًا عَلٰى اَعْمَالِهِمْ
كَانَ الْخَلْقُ وَاقِعًا عَلٰى اَعْمَالِهِمْ وَلَا يَجُوْزُ اَنْ يُّقَالَ الْمُرَادُ
بِذٰلِكَ مَا يَعْمَلُوْنَهٗ مِنَ الْحِجَارَةِ مِنَ الْاَصْنَامِ لِاَنَّ
الْحِجَارَةَ اَجْسَامٌ وَالْعِبَادُ لَا يَعْمَلُوْنَهَا وَاِنَّمَا الْاَعْمَالُ
الَّتِيْ يَقَعُ فِيْهَا مَا يَعْمَلُهَا الْعِبَادُ فَوَجَبَ اَنْ يَّرْجِعَ الْخَلْقُ
اِلٰى اَعْمَالِهِمْ مِنَ الْحَرَكَاتِ وَالسَّكَنَاتِ وَقَالَ تَعَالٰى
وَلَا يَزَالُوْنَ مُخْتَلِفِيْنَ اِلَّا مَنْ رَّحِمَ رَبُّكَ وَلِذٰلِكَ
خَلَقَهُمْ وَالْمَعْنٰى لِلْخِلَافِ خَلَقَهُمْ وَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى اَمْ
جَعَلُوْا لِلّٰهِ شُرَكَآءَ خَلَقُوْا كَخَلْقِهٖ فَتَشَابَهَ الْخَلْقُ عَلَيْهِمْ
قُلِ اللّٰهُ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ وَقَالَ جَلَّ وَعَلَا هَلْ مِنْ خَالِقٍ
غَيْرُ اللّٰهِ يَرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ وَقَالَ تَعَالٰى
اِخْبَارًا عَنِ الْمُشْرِكِيْنَ اِذَا فَعَلُوْا فَاحِشَةً قَالُوْا وَجَدْنَا

اور اسلیے بھی کہ ثواب اور عقاب کا استحقاق انہی کے لیے ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے وعدہ
کیا اور ضامن ہوا اللہ تعالیٰ نے فرمایا اُس چیز کا بدلہ جو تم کرتے تھے اور اللہ عزوجل نے
فرمایا یہ بسبب اُس چیز کے کہ تم نے صبر کیا اور اللہ عزوجل نے فرمایا کیا چیز تمکو دوزخ
میں لیگئی کہینگے ہم نماز پڑھنے والوں میں سے نہیں تھے اور ہم مسکینوں کو کھانا نہیں
کھلاتے تھے اور اللہ تبارک و تعالیٰ نے فرمایا یہ وہ آگ ہے جسے تم جھٹلاتے تھے اور اللہ تبارک
و تعالیٰ نے فرمایا یہ بسبب اُس چیز کے ہے کہ تیرے دونوں ہاتھوں نے آگے بھیجا تھا اور سوائے اسکے
اور بھی آیتیں ہیں پس اللہ تعالیٰ نے جزا کو اُنکے کاموں پر معلق کیا اور اُنکے لیے کسب
ثابت کیا برخلاف جہمیہ کے کیونکہ وہ کہتے ہیں کہ بندہ کاسب نہیں وہ دروازے
کی طرح ہیں جو بند کیا جاتا ہے اور کھولا جاتا ہے اور درخت کی طرح ہیں جو حرکت
دیا جاتا ہے اور ہلایا جاتا ہے اور اصل میں جہمیہ حق کے منکر ہیں اور کتاب اللہ اور
سنت رسول کے رد کرنے والے ہیں اور ان افعال کے اللہ عزوجل کے پیدا
کیے ہونے اور بندوں کے کسب ہونے کی دلیل برخلاف قدریہ کے اُنکے خیال میں ہے کہ
یہ سب افعال بندوں کے مخلوق ہیں اللہ عزوجل کے مخلوق نہیں انکے لیے ہلاکت
ہو اور وہ سب اس امت کے مجوس ہیں انہوں نے اللہ تعالیٰ کیلیے شریک بنائے اور اُسے
عجز کی طرف منسوب کیا اور اُسکی ملک میں وہ چیز جاری کرنا چاہتے ہیں جو اُسکی
قدرت اور ارادے میں داخل نہیں اللہ اس سے بلند ہے بڑا بلند ہے اللہ تعالیٰ کا یہ قول
ہے اور اللہ نے تم کو پیدا کیا اور اُسچیز کو جسکو تم کرتے ہو اور جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا
بدلا ہے اُسچیز کا جسے تم کرتے تھے پس جب لانکے اعمال پر واقع ہوا تو پیدا کرنا بھی
اُنکے اعمال پر واقع ہوگا اور یہ کہنا درست نہیں کہ اس سے مراد وہ چیز ہے جسے وہ
پتھروں سے بت وغیرہ بناتے تھے کیونکہ پتھر جسم ہیں اور بندے ان جسموں کو نہیں بناتے
اور ان اجسام میں جو اعمال واقع ہوتے ہیں انہیں بندے کرتے ہیں پس واجب ہے کہ اللہ
کا پیدا کرنا انکے اعمال یعنی حرکات و سکنات کی طرف رجوع کرے اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا اور
وہ ہمیشہ ہی اختلاف کرتے رہینگے مگر جس پر تیرے رب نے رحم کیا اور اسی واسطے انکو پیدا کیا اور مطلقاً
ہے کہ اختلاف کیلیے انکو پیدا کیا اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا کیا انہوں نے اللہ تعالیٰ کے
لیے شریک مقرر کیے کیا کچھ شریکوں نے پیدا کیا ہے جیسے خدا تعالیٰ نے
پیدا کیا ہے پس اُن پر پیدائش شبیہ ہوگئی کہا اللہ ہر چیز کے پیدا کرنے
والا ہے اور اللہ بلند اور بزرگ نے فرمایا کیا اللہ کے سوا کوئی پیدا کرنے والا
ہے جو تم کو آسمان اور زمین سے روزی دیوے اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا مشرکین کی
خبر دیتا ہے کہ اگر اُن کو بھلائی پہونچتی ہے تو کہتے ہیں یہ

مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ وَاِنْ تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌ يَقُوْلُوْا هٰذِهٖ مِنْ عِنْدِكَ
قُلْ كُلٌّ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ فَمَالِ هٰؤُلَآءِ الْقَوْمِ لَا يَكَادُوْنَ
يَفْقَهُوْنَ حَدِيْثًا وَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ حَدِيْثِ
حُذَيْفَةَ رض اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى خَلَقَ كُلَّ صَانِعٍ وَّصَنْعَتَهٗ
حَتّٰى خَلَقَ الْجَزَّارَ وَجَزُوْرَهٗ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ قَالَ اَنَا خَلَقْتُ
الْخَيْرَ وَالشَّرَّ وَطُوْبٰى لِمَنْ قَدَّرْتُ عَلٰى يَدَيْهِ الْخَيْرَ وَ
وَيْلٌ لِّمَنْ قَدَّرْتُ عَلٰى يَدَيْهِ الشَّرَّ وَسُئِلَ الْاِمَامُ
اَحْمَدُ عَنِ الْاَعْمَالِ الْعِبَادِ الَّتِيْ يَسْتَوْجِبُوْنَ بِهَا مِنَ اللّٰهِ
التَّحْظَ وَالرِّضٰى اَشَيْءٌ مِّنَ اللّٰهِ اَمْ شَيْءٌ مِّنَ الْعِبَادِ
فَقَالَ هِيَ لِلّٰهِ خَلْقًا وَّمِنَ الْعِبَادِ عَمَلًا وَّنَعْتَقِدُ اَنَّ
الْمُؤْمِنَ وَاِنْ اَذْنَبَ ذُنُوْبًا كَثِيْرَةً مِّنَ الْكَبَائِرِ وَالْفَوَاحِشِ
لَا يَكْفُرُ بِهَا وَاِنْ خَرَجَ مِنَ الدُّنْيَا بِغَيْرِ تَوْبَةٍ اِذَا مَاتَ
عَلَى التَّوْحِيْدِ وَالْاِخْلَاصِ بَلْ يَرُدُّ اَمْرَهٗ اِلَى اللّٰهِ عَزَّ
وَجَلَّ اِنْ شَآءَ عَفَى عَنْهُ وَاَدْخَلَهُ الْجَنَّةَ وَاِنْ شَآءَ
عَذَّبَهٗ وَاَدْخَلَهُ النَّارَ فَلَا نَدْخُلُ بَيْنَ اللّٰهِ تَعَالٰى
وَبَيْنَ خَلْقِهٖ مَا لَمْ نُخْبِرِ اللّٰهَ بِمَعْصِيَتِهٖ **فَصْلٌ**
وَنَعْتَقِدُ اَنَّ مَنْ اَدْخَلَهُ اللّٰهُ النَّارَ بِكَبِيْرَتِهٖ مَعَ
الْاِيْمَانِ فَاِنَّهٗ لَا يُخَلَّدُ فِيْهَا بَلْ يَخْرُجُ مِنْهَا اِنْ
كَانَ فِي النَّارِ بِحَقِّهٖ كَالَّذِيْ يَحْتَرِقُ فِي الدُّنْيَا فَيَسْتَوْفِيْ مِنْهُ
بِقَدْرِ كَبِيْرَتِهٖ وَجَرِيْمَتِهٖ ثُمَّ يَخْرُجُ بِرَحْمَةِ اللّٰهِ تَعَالٰى
وَلَا يَخْلُدُ فِيْهَا وَلَا تَلْفَحُ وَجْهَهُ النَّارُ وَلَا تَحْرِقُ
اَعْضَاءَ السُّجُوْدِ مِنْهُ لِاَنَّ ذٰلِكَ مُحَرَّمٌ عَلَى النَّارِ
وَلَا يَنْقَطِعُ طَمَعُهٗ مِنَ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ فِيْ كُلِّ حَالٍ مَّا
دَامَ فِي النَّارِ حَتّٰى يَخْرُجَ مِنْهَا فَيَدْخُلَ الْجَنَّةَ وَ
يُعْطَى الدَّرَجَاتِ عَلٰى قَدْرِ طَاعَتِهِ الَّتِيْ كَانَتْ
لَهٗ فِي الدُّنْيَا خِلَافَ مَا قَالَتْهُ الْقَدَرِيَّةُ اِنَّ
الْكَبِيْرَةَ تُحْبِطُ الطَّاعَاتِ فَلَا يُثَابُ عَلَيْهَا وَ
كَذٰلِكَ قَوْلُ الْخَوَارِجِ اَبْطَلَهُمُ اللّٰهُ وَيَنْبَغِيْ اَنْ لَّا

اللہ کی طرف سے ہے اور اگر انکو برائی پہونچتی ہے تو کہتے ہین یہ تیری طرف
سے ہے تو کہہ یہ سب اللہ کی طرف سے ہے پس کیا ہے اس قوم کے لیے کہ نزدیک نہین
ہوتے تاکہ بات کو سمجھین اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حذیفہ کی حدیث مین فرمایا
کہ اللہ تعالیٰ نے ہر ایک کاریگر کو اور اُسکی کاریگری کو پیدا کیا حتی کہ اونٹ
کے ذبح کرنیوالے کو اور اُسکے ذبح کرنے کو بھی پیدا کیا اور ابن عباس رضی اللہ عنہ سے
ہے وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہین آپنے فرمایا اللہ تعالیٰ نے
فرمایا مین نے ہی نیکی اور برائی کو پیدا کیا اور اُس شخص کے لیے خوشی ہو جسکے ہاتھ
پر مینے نیکی مقدر کی اور ہلاکت ہو اسکو جسکے ہاتھ پر مینے برائی مقدر کی امام
احمد رح بندون کے ان اعمال کی نسبت سوال کیے گئے جنکے سبب اللہ تعالیٰ کی رضامندی
اور غصے کے مستحق ہوتے ہین آیا وہ چیز اللہ کی طرف سے ہے یا بندون کیطرف
سے تو انہون نے جواب دیا کہ وہ اللہ کے پیدا کیے ہوئے ہین اور بندون کے کام ہین اور ہم
اعتقاد کرتے ہین کہ مومن اگرچہ بہت سے کبیرے اور صغیرے گناہ کرے اُسے کافر
نہین ہوتا اگرچہ وہ دنیا سے سوائے توبہ کے نکل جاوے بشرطیکہ توحید اور اخلاص
پر مرے بلکہ اُسکا کام اللہ عزوجل کیطرف سپرد کیا جاتا ہے اگر وہ چاہے تو اُسے
معاف کردیوے اور اسے بہشت مین لیجاوے اور اگر وہ چاہے تو اُسے عذاب
دیوے اور اُسے دوزخ مین ڈالے پس تو اللہ تعالیٰ اور اُسکی مخلوق کے بیچ دخل نہ دے
جب تک اللہ اسکے پہر ٹھکانے کی خبر نہ دے **فصل** اور ہم اعتقاد کرتے ہین کہ
اللہ تعالیٰ جسے باوجود ایمان کے بباعث اُسکے کبیرے گناہون کے دوزخ مین داخل
کریگا وہ اُسمین ہمیشہ نہین رہیگا بلکہ اُس سے (بعد پورے ہونے سزاے بدعمل کے)
نکلے گا کیونکہ دوزخ اُسکے حق مین ایسی ہے جیسے دنیا مین قیدخانہ پس اُسمین قید
اپنے کبیرے اور صغیرے گناہون کے سزا پاویگا پہر اللہ تعالیٰ کی رحمت سے اُس سے نکلے گا
اور اُسمین ہمیشہ نہ رہیگا اور آگ اُسکے منہ کو نہ جلاویگی اور اُسکے سجدے کے اعضا
کو بھی نہ جلاویگی کیونکہ انکا جلانا آگ پر حرام ہے اور جب تک آگ مین رہیگا
کسی حال مین اللہ عزوجل کیطرف اسکی امید منقطع نہ ہوگی یہان تک کہ اُس سے
نکلے اور بہشت مین جاوے اور جس قدر اُس نے دنیا مین طاعت کی تھی اُسکے
قدر درجے دیا جاویگا برخلاف اُس کے جو قدریہ نے کہا کہ کبیرہ گناہ
عبادتون کو نابود کر دیتا ہے پس اُن عبادتون پر اُسے کچھ نہ ملیگا
اور اسی طرح خارجیون کا قول ہے اُن کے لیے ہلاکت ہو۔ اور

واجب ہے

بِغَيْرِ الْقَدَرِ وَشَرِّهِ وَحُلْوِ الْقَضَاءِ وَمُرِّهِ وَأَنَّ مَا أَصَابَهُ
لَمْ يَكُنْ لِيُخْطِئَهُ بِالْحَذَرِ وَمَا أَخْطَأَهُ مِنَ الْأَسْبَابِ لَمْ يَكُنْ
لِيُصِيبَهُ بِالطَّلَبِ وَأَنَّ جَمِيعَ مَا كَانَ فِي سَالِفِ الدُّهُورِ وَ
الْأَزْمَانِ وَمَا يَكُونُ إِلَى يَوْمِ الْبَعْثِ وَالنُّشُورِ بِقَضَاءِ
اللهِ وَقَدَرِهِ الْمُقَدَّرِ وَأَنَّهُ لَا يَحِيصُ لِمَخْلُوقٍ مِنَ الْقَدَرِ
الْمُقَدَّرِ الَّذِي خُطَّ فِي اللَّوْحِ الْمَسْطُورِ وَأَنَّ الْخَلَائِقَ لَوْ
جَهَدُوا أَنْ يَنْفَعُوا الْمَرْءَ بِمَا لَمْ يَقْضِهِ اللهُ تَعَالَى لَمْ يَقْدِرُوا
عَلَيْهِ وَلَوْ جَهَدُوا أَنْ يَضُرُّوهُ بِمَا لَمْ يَقْضِهِ اللهُ لَمْ يَسْتَطِيعُوا
كَمَا وَرَدَ فِي خَبَرِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَقَالَ اللهُ تَعَالَى وَإِنْ يَمْسَسْكَ
اللهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهُ إِلَّا هُوَ وَإِنْ يُرِدْكَ بِخَيْرٍ فَلَا رَادَّ
لِفَضْلِهِ يُصِيبُ بِهِ مَنْ يَشَاءُ مِنْ عِبَادِهِ وَرُوِيَ عَنْ زَيْدِ
ابْنِ وَهْبٍ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ حَدَّثَنِي رَسُولُ
اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ الصَّادِقُ الْمَصْدُوقُ
أَنَّ خَلْقَ أَحَدِكُمْ يُجْمَعُ فِي بَطْنِ أُمِّهِ أَرْبَعِينَ يَوْمًا نُطْفَةً
وَفِي لَفْظٍ أَرْبَعِينَ لَيْلَةً ثُمَّ يَكُونُ عَلَقَةً مِثْلَ ذَلِكَ
ثُمَّ يَكُونُ مُضْغَةً مِثْلَ ذَلِكَ ثُمَّ يُبْعَثُ اللهُ مَلَكًا بِأَرْبَعِ
كَلِمَاتٍ فَيُكْتَبُ رِزْقُهُ وَعَمَلُهُ وَشَقِيٌّ أَمْ سَعِيدٌ وَإِنَّ
الرَّجُلَ لَيَعْمَلُ بِعَمَلِ أَهْلِ النَّارِ حَتَّى لَا يَكُونَ بَيْنَهُ وَبَيْنَهَا
إِلَّا بَاعٌ فَيَسْبِقُ عَلَيْهِ الْكِتَابُ فَيَعْمَلُ بِعَمَلِ أَهْلِ الْجَنَّةِ
فَيَدْخُلُهَا وَإِنَّ الرَّجُلَ لَيَعْمَلُ بِعَمَلِ أَهْلِ الْجَنَّةِ حَتَّى لَا يَكُونَ
بَيْنَهُ وَبَيْنَهَا إِلَّا بَاعٌ فَيَسْبِقُ عَلَيْهِ الْكِتَابُ فَيَعْمَلُ بِعَمَلِ
أَهْلِ النَّارِ فَيَدْخُلُهَا وَعَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ
عَائِشَةَ عَنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ
إِنَّ الرَّجُلَ لَيَعْمَلُ عَمَلَ أَهْلِ الْجَنَّةِ وَإِنَّهُ لَمَكْتُوبٌ فِي الْكِتَابِ
أَنَّهُ مِنْ أَهْلِ النَّارِ وَإِذَا كَانَ عِنْدَ مَوْتِهِ تَحَوَّلَ فَيَعْمَلُ
عَمَلَ أَهْلِ النَّارِ فَمَاتَ فَدَخَلَ النَّارَ وَإِنَّ الرَّجُلَ لَيَعْمَلُ
بِعَمَلِ أَهْلِ النَّارِ وَإِنَّهُ لَمَكْتُوبٌ فِي الْكِتَابِ أَنَّهُ مِنْ أَهْلِ
الْجَنَّةِ فَإِذَا كَانَ قَبْلَ مَوْتِهِ عَمِلَ بِعَمَلِ أَهْلِ الْجَنَّةِ فَمَاتَ
فَدَخَلَ الْجَنَّةَ وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ السُّلَمِيِّ عَنْ عَلِيِّ بْنِ

کہ تقدیر کی بھلائی اور برائی پر اور قضا کی بھلائی اور برائی پر ایمان لاوے اور اس بات پر ایمان لاوے
کہ جو اسے تکلیف پہونچی ہے اسکے بچاؤ سے دور نہیں ہو سکتی تھی اور اسباب جو اسے نہیں پہنچے طلب
کرنے سے اسے مل نہیں سکتے تھے اور اس امر پر جو گذشتہ زمانوں میں ہو چکا ہے اور جو کچھ قیامت
کے دن تک ہوگا اللہ تعالیٰ کی قضا اور تقدیر سے ہے جسکا اندازہ کیا گیا ہے اور اس امر پر کہ
اللہ کی تقدیر سے جو اندازہ کی گئی لوح محفوظ میں لکھی گئی ہے مخلوق بچ نہیں سکتی اور اس
پر کہ اگر تمام مخلوق ایک آدمی کو کسی ایسے امر سے نفع دینے میں کوشش کریں جسکی اللہ تعالیٰ
نے قضا نہیں کی تو اسپر قادر نہ ہونگے اور اگر وہ سب اس امر میں کوشش کریں کہ ایک
آدمی کو کسی ایسے امر کی تکلیف دیویں جسکی اللہ نے قضا نہ کی ہو تو انکو اسکی ہی طاقت نہ ہوگی
جیسا کہ ابن عباسؓ کی حدیث میں وارد ہوا اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا اگر تجھکو اللہ تکلیف
پہونچاوے تو اس تکلیف کو بجز اللہ کے کوئی دور کرنیوالا نہیں اور اگر تمپر بھلائی کا ارادہ کرے
تو اسکے فضل کو کوئی رد کرنیوالا نہیں اپنے بندوں میں سے جسکو چاہتا ہے وہ فضل
پہونچاتا ہے اور زید بن وہب سے مروی ہے انہوں نے عبداللہ بن مسعود سے روایت کی انہوں نے کہا مجھکو
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حدیث بیان کی اور آپ سچے ہیں سچ کیے گئے ہیں فرمایا تم میں
ہر ایک کی پیدائش اسکی ماں کے پیٹ میں جمع کی جاتی ہے چالیس دن تک نطفہ
رہتا ہے اور ایک روایت میں ہے چالیس رات تک پھر اتنے ہی دنوں میں علقہ ہو جاتا
ہے پھر اتنے ہی دنوں میں مضغہ ہو جاتا ہے پھر اللہ تعالیٰ فرشتے کو چار باتوں کے لکھنے کیلئے بھیجتا ہے
اسکی عمر لکھے اور اسکی روزی کے لیے اور اسکے عمل کے لیے اور اس امر کے لیے کہ وہ بدبخت
ہے یا نیک بخت اور کبھی انسان دوزخیوں کے کام کرتا رہتا ہے یہانتک کہ اسمیں اور دوزخ
میں دو ہاتھ کے پھیلاؤ کے مقدار فاصلہ باقی رہجاتا ہے تو اس وقت اسکی
کتاب اسپر غالب آجاتی ہے پس وہ جنتیوں کے کام کرنے لگتا ہے اور جنت میں داخل ہو جاتا
ہے اور کبھی آدمی جنتیوں کے کام کرتا رہتا ہے یہانتک کہ اسمیں اور جنت میں دو ہاتھ
کے پھیلاؤ کا مقدار فاصلہ باقی رہجاتا ہے تو اسوقت اسکی کتاب اسپر غالب آجاتی ہے
تو وہ دوزخیوں کے کام کرنے لگتا ہے پس وہ دوزخ میں داخل ہو جاتا ہے ہشام بن عروہ روایت کرتے ہیں
اپنے باپ سے انہوں نے عائشہؓ سے انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی آپ نے فرمایا کہ کبھی آدمی جنتیوں
کے کام کرتا رہتا ہے حالانکہ کتاب میں یہ لکھا ہوا ہوتا ہے کہ یہ دوزخیوں سے ہے جب موت کے قریب ہوتا
ہے تو پھر جاتا ہے اور دوزخیوں کے کام کرنے لگتا ہے پھر مر جاتا ہے اور دوزخ میں داخل ہوتا ہے
اور کبھی آدمی دوزخیوں کے کام کرتا رہتا ہے حالانکہ کتاب میں لکھا ہوا ہوتا ہے کہ یہ جنتیوں سے
ہے جب موت کے قریب ہوتا ہے تو اللہ تعالیٰ اسکی پھر جاتا ہے اور جنتیوں کے کام کرنے لگتا ہے
جب مرتا ہے تو جنت میں جاتا ہے عبدالرحمن سلمی سے روایت ہے انہوں نے حضرت علی بن

إِبِي طَالِبٍ قَالَ بَيْنَمَا نَحْنُ عِنْدَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ
وَسَلَّمَ وَهُوَ يَنْكُتُ فِي الْأَرْضِ إِذْ رَفَعَ رَأْسَهُ فَقَالَ مَا
مِنْ أَحَدٍ إِلَّا وَقَدْ عُلِمَ مَقْعَدُهُ فِي النَّارِ أَوْ مَقْعَدُهُ
فِي الْجَنَّةِ فَقَالُوا أَفَلَا نَتَّكِلُ قَالَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
اعْمَلُوا فَكُلٌّ مُيَسَّرٌ لِمَا خُلِقَ لَهُ وَعَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ
اللهِ عَنْ أَبِيهِ قَالَ إِنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ قَالَ يَا رَسُولَ
اللهِ أَرَأَيْتَ مَا نَعْمَلُ فِيهِ أَشَيْءٌ قَدْ فُرِغَ مِنْهُ أَوْ شَيْءٌ
مُبْتَدَعٌ أَوْ مُبْتَدَأٌ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ
وَسَلَّمَ قَدْ فُرِغَ مِنْهُ قَالَ أَفَلَا نَتَّكِلُ قَالَ عَلَيْهِ السَّلَامُ
اعْمَلْ يَا ابْنَ الْخَطَّابِ فَكُلٌّ مُيَسَّرٌ لِمَا خُلِقَ لَهُ فَمَنْ كَانَ
مِنْ أَهْلِ السَّعَادَةِ فَيُعْمَلُ لِلسَّعَادَةِ وَمَنْ كَانَ مِنْ أَهْلِ
الشَّقَاوَةِ فَيُعْمَلُ لِلشَّقَاوَةِ وَنُؤْمِنُ بِأَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى
اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَأَى رَبَّهُ عَزَّ وَجَلَّ لَيْلَةَ الْإِسْرَاءِ
بِعَيْنَيْ رَأْسِهِ لَا بِفُؤَادِهِ وَلَا فِي الْمَنَامِ لِمَا رَوَى جَابِرُ
ابْنُ عَبْدِ اللهِ رضه قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ
وَسَلَّمَ فِي قَوْلِهِ تَعَالَى وَلَقَدْ رَآهُ نَزْلَةً أُخْرَى آيَتُ
رَبِّي جَلَّ اسْمُهُ مُشَافَهَةً لَا شَكَّ فِيهِ وَفِي قَوْلِهِ
تَعَالَى عِنْدَ سِدْرَةِ الْمُنْتَهَى قَالَ آيَتُهُ عِنْدَ سِدْرَةِ
الْمُنْتَهَى حَتَّى تَبَيَّنَ لِي نُورُ وَجْهِهِ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ رضه
فِي قَوْلِهِ تَعَالَى وَمَا جَعَلْنَا الرُّؤْيَا الَّتِي أَرَيْنَاكَ إِلَّا فِتْنَةً
لِلنَّاسِ هِيَ رُؤْيَا عَيْنٍ أَرَاهَا النَّبِيُّ لَيْلَةَ الْإِسْرَاءِ
بِهِ فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ رضه كَانَتِ الْخُلَّةُ لِإِبْرَاهِيمَ عَلَيْهِ
السَّلَامُ وَالْكَلَامُ لِمُوسَى عَلَيْهِ السَّلَامُ وَالرُّؤْيَةُ لِمُحَمَّدٍ
صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ رضه رَأَى مُحَمَّدٌ
صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَبَّهُ بِعَيْنِهِ مَرَّتَيْنِ وَلَا يُعَارِضُ
هٰذَا مَا رُوِيَ عَنْ عَائِشَةَ مِنْ إِنْكَارِ ذٰلِكَ لِأَنَّهُ نَفْيٌ
وَهٰذَا بَيَانُ إِثْبَاتٍ فَقُدِّمَ عِنْدَ الْإِجْتِمَاعِ لِأَنَّ
النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَثْبَتَ لِنَفْسِهِ الرُّؤْيَةَ
وَقَالَ أَبُو بَكْرِ بْنُ سُلَيْمَانَ رَأَى مُحَمَّدٌ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ

ابی طالب سے روایت کی انہوں نے کہا اس وقت کا ذکر ہے کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم کے پاس تھے اور آپ زمین کو کریدتے تھے ناگہاں آپ نے اپنا سر مبارک اٹھایا اور فرمایا
کوئی شخص نہیں مگر اسکی جگہ دوزخ میں یا اسکی جگہ بہشت میں معلوم ہو چکی ہے پس
صحابہ نے عرض کیا کیا ہم بھروسا نہ کرلیں (اور اعمال کو چھوڑ دیں) حضرت صلی اللہ علیہ
وسلم نے فرمایا عمل کیے جاؤ کیونکہ ہر فرد اسچیز کے لیے آسان کیا گیا ہے جسکے لیے وہ پیدا کیا
گیا ہے سالم بن عبداللہ سے روایت ہے انہوں نے اپنے باپ سے روایت کی انہوں نے کہا کہ حضرت
عمر بن خطاب رضہ نے عرض کیا یا رسول اللہ آپ بتلائیے کہ جو ہم عمل کرتے ہیں اس سے
فراغت ہو چکی ہے یا وہ چیز ہے کہ نئی پیدا ہوتی ہے یا اب شروع ہوتی ہے حضرت
صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس سے فراغت ہو چکی ہے۔ حضرت عمر رضہ نے عرض کیا کیا
ہم بھروسا نہ کرلیں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے خطاب کے بیٹے عمل کر کیونکہ
ہر فرد اسچیز کے لیے آسان کیا گیا ہے جسکے لیے وہ پیدا کیا گیا ہے جو شخص نیکبختوں میں سے
ہے وہ نیک بختی ہی کے کام کرتا ہے اور جو شخص بدبختوں میں سے ہے وہ بدبختی کے ہی
کام کرتا ہے اور ہم اعتقاد کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے پروردگار کو
شب معراج میں اپنے سر کی دونوں آنکھوں سے دیکھا تھا نہ اپنے دل سے یا خواب میں
اسلیے کہ جابر عبداللہ نے روایت کیا کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالی کے
اس قول یعنی البتہ دیکھا اسنے اسکو ایکبار کی تفسیر میں بیان فرمایا کہ میں نے اپنے رب
بزرگ نام والے کو روبرو دیکھا جسمیں کچھ شک نہیں ہے اور اللہ تعالی کے اس قول
یعنے سدرۃ المنتہے کے پاس کی تفسیر میں بیان فرمایا کہ میں نے اپنے پروردگار کو
سدرۃ المنتہے کے پاس دیکھا یہاں تک کہ میرے لیے اسکے منہ کا نور ظاہر ہوا حضرت
ابن عباس رضہ نے اللہ تعالی کے اس قول یعنے جو خواب ہم نے تجھے دکھائی وہ لوگوں کے لیے
ہمنے آزمایش کردی کی تفسیر میں بیان کیا کہ یہ آنکھ کا دیکھنا تھا اللہ تعالی نے
نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ شب معراج میں دکھایا اور حضرت ابن عباس رضہ نے فرمایا ابراہیم
علیہ السلام کے ساتھ اللہ کی دوستی تھی اور موسی علیہ السلام کے ساتھ اللہ نے کلام کی
تھی اور محمد صلے اللہ علیہ وسلم کے لیے اللہ کا دیکھنا تھا اور ابن عباس رضہ نے فرمایا کہ
محمد صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنے پروردگار کو اپنی دونوں آنکھوں سے دوبار
دیکھا اور یہ روایت اس روایت کی معارض نہیں ہو سکتی جو حضرت عائشہ رضہ
سے اس رویت کے انکار میں مروی ہے کیونکہ وہ نفی ہے اور یہ بیان اثبات ہے اور جب
نفی اور اثبات جمع ہوں تو اثبات کو مقدم کیا جاتا ہے کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ
وسلم نے اپنی ذات کے لیے رویت کو ثابت کیا اور ابوبکر بن سلیمان نے کہا محمد صلی اللہ علیہ

وسلم ربه احدی عشر مرة فنظر فيها بالسنة تسع مرات في ليلة
المعراج حين كان يتردد بين موسى عليه السلام وربه
عز وجل يسأله أن يخفف عن أمته الصلوة فنقص
خمسا وأربعين صلوة في تسع مقامات ومرتين بالكل
ونؤمن بأن منكرا ونكيرا الى كل أحد يأتيان كلا من
النبيين فيسألانه ويمتحنانه بما يعتقده من
الأديان وهما يأتيان القبر فيرسل في ذلك الميت
الروح ثم يقعد فإذا مثل سلت روحه بلا ألم
ونؤمن بأن الميت يعرف من يزوره إذا أتاه والكرة
يوم الجمعة بعد طلوع الفجر قبل طلوع الشمس وبإيماننا
يعذب في القبر وضغطته واجب لأهل المعاصي و
الكفر وكذلك النعيم فيه لأهل الطاعة والإيمان
خلاف ما قال المعتزلة من إنكارهم ذلك وإنكارهم
مسئلة منكر ونكير ودليل أهل السنة على إثبات
ذلك قوله تعالى يثبت الله الذين آمنوا بالقول
الثابت في الحيوة الدنيا وفي الآخرة قيل في التفسير
في الحيوة الدنيا عند خروج الروح وفي الآخرة عند
مسئلة نكير ومنكر وروي عن أبي هريرة قال
قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا قبر أحدكم
أو الإنسان أتاه ملكان أسودان أزرقان يقال
لأحدهما النكير وللآخر المنكر فيقولان له ما كنت
تقول في هذا الرجل يعني محمدا رسول الله صلى
الله عليه وسلم فهو قائل ما كان يقول فإن
كان مؤمنا قال لهما عبد الله ورسوله أشهد أن
لا إله إلا الله وأشهد أن محمدا رسول الله فيقولان
إنا كنا لنعلم أنك تقول مثل ذلك ثم يفتح
له في قبره سبعون ذراعا في سبعين ذراعا وينور
له في قبره ثم يقال نم فيقول دعوني أرجع إلى
أهلي فأخبرهم فيقال نم كنومة العروس الذي

وسلم نے اپنے پروردگار کو گیارہ دفعہ دیکھا اُن مین سے نو مرتبہ تو شب معراج مین دیکھنا
سنت سے ثابت ہی جب موسی علیہ السلام اور اپنے رب کی طرف آتے جاتے تھے اور اسسے
اپنی امت کے لیے نماز کی تخفیف کا سوال کرتے تھے تو دفعہ آنے جانے کی سبب خدا تعالی
نے پچاس نماز مین کم کردین اور دفعہ دیکھنا قرآن سے ثابت ہے اور ہم اسپر بھی
ایمان رکھتے ہین کہ منکر اور نکیر سوے پیغمبرون کے ہر ایک کی طرف اترتے ہین اور
اس سے پوچھتے ہین اور دونون مین سے جس دین کا وہ اعتقاد رکھتا ہو اُسکا امتحان
کرتے ہین اور وہ دونون قبر مین آتے ہین اور اُس میت کی طرف روح بھیجی جاتی
ہی پھر اُسے بیٹھایا جاتا ہی جب اُسے سوال کیا جاتا ہی تو اُسکی روح بلا تکلیف
کھینچ لی جاتی ہے اور ہم اس امر پر بھی ایمان رکھتے ہین کہ میت کی جو زیارت
کرے وہ پہچانتا ہی جب اسکے پاس آوے اور جمعہ کے دن صبح ہونے کے بعد سورج کے نکلنے سے
پہلے زیادہ پہچانتا ہی اور گناہگارون اور کافرون کی قبر مین عذاب ہونے پر اور اسکو باقی
رہنا واجب ہے اور اسطرح عبادت کرنیوالون اور ایمان والون کے لیے امین نعمتین
ہین برخلاف معتزلہ کے کہ انہون نے عذاب اور نعمت قبر کا اور مسئلہ منکر اور نکیر کے
آنے کا انکار کیا اور اس امر کے ثابت کرنے کے لیے اہل سنت کی دلیل اللہ تعالی کا
قول ہے (وہ یہ ہے) جو لوگ ایمان لائے ہین اللہ تعالی انکو ساتھ قول ثابت کرنیکی
زندگانی مین اور آخرت مین ثابت کہتا ہی (فی الحیوۃ الدنیا) کی تفسیر مین بعضون نے
کہا ہی کہ اس سے مراد روح نکلنے کا وقت ہی اور (فی الآخرۃ) کی تفسیر مین کہا ہے
کہ اس سے مراد منکر اور نکیر کے سوالون کا وقت ہی اور (اہل سنت کے لیے) ابو ہریرہ
کی حدیث بھی دلیل ہے اُنہون نے کہا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم
مین سے کوئی یا انسان (اختلاف روایت) قبر مین کہا جاتا ہی تو اُسکے پاس دو فرشتے
سیاہ کبری آنکھون والے آتے ہین ایک کو نکیر دوسرے کو منکر کہا جاتا ہی وہ دونون شخص
مردون کو کہتے ہین کہ تو اس شخص کے حق مین دنیا مین کیا کہا کرتا تھا یعنے محمد رسول
اللہ کے حق مین پس وہ شخص جو کچھ دنیا مین کہتا تھا وہی وہان بھی کہیگا اگر وہ مومن
ہی تو اُن دونون سے کہیگا وہ اللہ کا بندہ اور اُسکا رسول ہے مین گواہی دیتا ہون
اللہ کے سوا کوئی معبود برحق نہین اور مین گواہی دیتا ہون کہ حضرت محمد اللہ کے رسول
ہین پھر وہ کہینگے کہ بیشک ہم بھی جانتے تھے کہ تو ایسا ہی کہیگا پھر اسکی قبر مین ستر
ہاتھ برابر فراخی کیجاویگی اور اسکے لیے اسکی قبر مین روشنی کیجاویگی
اور کہا جاویگا کہ سوجا وہ کہیگا مجھے چھوڑدو کہ مین اپنے گھر جاؤن اور انکو (اسحالت کی)
خبر دون پس اسسے کہا جاویگا کہ تو نئی دلہا کی طرح سوجا جس کو

لَا يُوقِظُهُ إِلَّا أَحَبُّ أَهْلِهِ حَتَّى يَبْعَثَهُ اللهُ مِنْ مَضْجَعِهِ ذٰلِكَ وَإِنْ كَانَ مُنَافِقًا قَالَ لَا أَدْرِي كُنْتُ أَسْمَعُ النَّاسَ يَقُولُونَ شَيْئًا وَكُنْتُ أَقُولُهُ فَيَقُولَانِ إِنَّا كُنَّا نَعْلَمُ أَنَّكَ تَقُولُ ذٰلِكَ ثُمَّ يُقَالُ لِلْأَرْضِ الْتَامِّي عَلَيْهِ فَتَلْتَئِمُ حَتَّى تَخْتَلِفَ فِيهَا أَضْلَاعُهُ فَلَا يَزَالُ فِيهَا مُعَذَّبًا حَتَّى يَبْعَثَهُ اللهُ مِنْ مَضْجَعِهِ ذٰلِكَ وَتَعَلَّقُوا أَيْضًا بِمَا رُوِيَ عَطَاءُ بْنُ يَسَارٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رض يَا عُمَرُ كَيْفَ أَنْتَ إِذَا اتَّخَذَ لَكَ مِنَ الْأَرْضِ ثَلٰثَةَ أَذْرُعٍ وَشِبْرٌ فِي عَرْضِ ذِرَاعٍ وَشِبْرٍ ثُمَّ مَالَ إِلَيْكَ أَهْلُكَ فَغَسَّلُوكَ وَكَفَّنُوكَ وَحَنَّطُوكَ ثُمَّ حَمَلُوكَ حَتَّى يُغَيِّبُوكَ فِيهِ ثُمَّ يُهِيلُوا عَلَيْكَ التُّرَابَ ثُمَّ انْصَرَفُوا عَنْكَ وَأَتَاكَ سَائِلَا الْقَبْرِ مُنْكَرٌ وَنَكِيرٌ أَصْوَاتُهُمَا مِثْلُ الرَّعْدِ الْقَاصِفِ وَأَبْصَارُهُمَا مِثْلُ الْبَرْقِ الْخَاطِفِ قَدْ سَلَّا لِأَشْعُورِهِمَا وَتَلْتَلَا لَكَ وَتُوَهْلَلَا لَكَ وَقَالَا مَنْ رَبُّكَ وَمَا دِينُكَ قَالَ يَا نَبِيَّ اللهِ يَكُونُ مَعِيَ قَلْبِيَ الَّذِي هُوَ مَعِيَ الْيَوْمَ قَالَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَعَمْ قَالَ أَنَا أَكْفِيهِمَا وَهٰذَا دَلِيلٌ وَنَصٌّ عَلَى أَنَّ ذٰلِكَ بَعْدَ إِعَادَةِ الرُّوحِ لِأَنَّ عُمَرَ قَالَ وَمَعَ قَلْبِي فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ عَلَيْهِ السَّلَامُ نَعَمْ وَعَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو وَعَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَا خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي جَنَازَةِ رَجُلٍ مِنَ الْأَنْصَارِ وَانْتَهَيْنَا إِلَى الْقَبْرِ وَلَمَّا يُلْحَدْ فَجَلَسَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجَلَسْنَا حَوْلَهُ فَكَأَنَّ عَلَى رُؤُسِنَا الطَّيْرَ مِنْ هَيْبَتِهِ وَفِي يَدِهِ عُودٌ يَنْكُتُ بِهِ الْأَرْضَ فَرَفَعَ رَأْسَهُ وَقَالَ اسْتَعِيذُوا بِاللهِ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ مَرَّتَيْنِ أَوْ ثَلَاثًا قَالَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ الْعَبْدَ الْمُؤْمِنَ إِذَا كَانَ فِي إِقْبَالٍ مِنَ الْآخِرَةِ وَانْقِطَاعٍ مِنَ الدُّنْيَا نَزَلَ عَلَيْهِ مَلَائِكَةٌ بِيضُ الْوُجُوهِ كَأَنَّ وُجُوهَهُمُ الشَّمْسُ مَعَهُمْ كَفَنٌ مِنْ أَكْفَانِ الْجَنَّةِ وَحَنُوطٌ مِنْ حَنُوطِ الْجَنَّةِ فَيَجْلِسُونَ مِنْهُ مَدَّ الْبَصَرِ ثُمَّ يَجِيءُ مَلَكُ الْمَوْتِ حَتَّى

اُسکے گھر مین سے سوای اُسکے بہت پیارے شخص کے کوئی دوسرا نہین جگاتا یہانتک کہ اللہ تعالی اسکو اُسکے بچھونے سے اٹھاوے اور اگر منافق ہوگا تو وہ کہیگا مین نہین جانتا مین لوگون کو اسکے حق مین کچھ کہتے ہوے سُنا کرتا تہا مین بہی وہی کہا کرتا تہا پس فرشتے کہینگے ہم جانتے تہے کہ تو ایسا ہی کہیگا پہر زمین سے کہا جاویگا کہ تو اسپر ملجا پس وہ ملجاویگی یہانتک کہ اسکے سینے کی ہڈیان الٹ پلٹ جاوینگی پس وہ ہمیشہ ہی قبر مین عذاب پاتا رہیگا یہانتک کہ اللہ اسکو اسکے اس بچھونے سے اٹھاوے اور اہل سنت نے اس روایت سے بہی تمسک کیا ہے جو عطا بن یسار سے مروی ہے اُسنے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمر بن خطاب سے فرمایا اے عمر تیرا کیا حال ہوگا جب تیرے لیے زمین تین ہاتہ اور ایک بالشت طول مین اور ایک ہاتہ اور ایک بالشت عرض مین لیجاویگی اور تیرے گہر والے تجہے نہلاینگے اور تجہکو غسل دینگے اور کفن پہناینگے اور خوشبو لگاینگے پہر تجہے اٹہاینگے یہانتک کہ تجہکو اُس لحد مین چھپاوینگے اور تجہپر مٹی ڈالینگے پہر تجہسے لوٹ آوینگے اور تیرے پاس قبر مین دو نون سوال کرنیوالے منکر اور نکیر آوینگے جنکی آواز رعد ہلاک کرنیوالی کی سی ہوگی اور جنکی آنکہین اوچک کر لیجانیوالی بجلی کیطرح ہونگی اور دونون نے اپنے بالون کو لٹکاتا ہوا ہوگا اور تجہکو دہمکاوینگے اور ڈراوینگے اور کہینگے تیرا رب کون ہے اور تیرا دین کون ہے حضرت عمر رض نے عرض کیا (یا رسول اللہ) کیا میرے ساتہ میرا دل ہوگا جو آج میرے ساتہ ہے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہان عرض کیا جب تو مین انکے جواب کے لیے کافی ہونگا یہ روایت اس بات پر دلیل اور نص ہے کہ یہ سوال جواب روح کے دوبارہ آنے کے بعد ہے کیونکہ حضرت عمر رض نے کہا کہ کیا میرا دل میرے ساتہ ہوگا اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب دیا کہان اور منہال بن عمرو اور براء بن عازب سے روایت ہے انہون نے کہا ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتہ انصار مین سے ایک شخص کے جنازہ کے لیے نکلے اور ہم قبر تک پہونچے اور ابہی لحد نہین بنائی گئی تہی پس نبی صلی اللہ علیہ وسلم بیٹہ گئے اور ہم بہی آپکے گرد بیٹہ گئے گویا ایکی ہیبت کے سبب ایسی خاموشی تہی گویا ہمارے سرون پر جانور ہین اور آپکے ہاتہ مین ایک لکڑی تہی جس سے آپ زمین کو کریدتے تہے پس آپنے اپنا سر مبارک اٹہایا اور فرمایا کہ قبر کے عذاب سے اللہ کی پناہ مانگو دو یا فرمایا تین بار پس حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب مومن بندہ آخرت کی طرف جاتا ہے اور دنیا کو چہوڑنے کے قریب ہوتا ہے تو اسکے پاس سفید مونہون والے فرشتے آتے ہین گویا انکے مونہ سورج ہین اور انکے پاس جنت کے کفنون مین سے کفن اور جنت کی خوشبو مین سے خوشبو ہوتی ہے اور آکر نظر کی

دارمی کے فاصلہ پر بیٹہ جاتے ہین پہر ملک الموت آتا ہے

يَجْلِسُ عِنْدَ رَأْسِهِ فَيَقُوْلُ اَيَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ الطَّيِّبَةُ
اخْرُجِيْ اِلٰى مَغْفِرَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانِهٖ قَالَ فَتَخْرُجُ تَسِيْلُ كَمَا
تَسِيْلُ الْقَطْرَةُ مِنَ الْاِنَاءِ فَيَاْخُذُوْنَهَا وَلَا يَدَعُوْنَهَا فِيْ
يَدِهٖ طَرْفَةَ عَيْنٍ حَتّٰى يَاْخُذُوْهَا فَيَجْعَلُوْنَهَا فِيْ ذٰلِكَ
الْكَفَنِ وَالْحَنُوْطِ فَيَخْرُجُ مِنْهَا نَفْحَةٌ اَطْيَبُ مِنْ رِيْحِ الْمِسْكِ
وُجِدَتْ عَلٰى وَجْهِ الْاَرْضِ فَيَصْعَدُوْنَ بِهَا فَلَا يَمُرُّوْنَ
بِهَا عَلٰى مَلَاٍ مِّنَ الْمَلَائِكَةِ اِلَّا قَالُوْا مَا هٰذِهِ الرِّيْحُ
الطَّيِّبَةُ فَيَقُوْلُوْنَ هٰذَا فُلَانُ بْنُ فُلَانٍ بِاَحْسَنِ اَسْمَائِهٖ
الَّتِيْ كَانُوْا يُسَمُّوْنَهٗ بِهَا فِي الدُّنْيَا فَيَسْتَفْتِحُوْنَ لَهٗ فَيُفْتَحُ
لَهُمْ فَيُشَيِّعُهٗ مِنْ كُلِّ سَمَاءٍ مُقَرَّبُوْهَا اِلَى السَّمَاءِ
الَّتِيْ تَلِيْهَا حَتّٰى يَنْتَهُوْا اِلَى السَّمَاءِ السَّابِعَةِ فَيَقُوْلُ اللّٰهُ
عَزَّوَجَلَّ اُكْتُبُوْا كِتَابَهٗ فِيْ عِلِّيِّيْنَ وَاَعِيْدُوْهُ اِلَى الْاَرْضِ
فَاِنِّيْ مِنْهَا خَلَقْتُهُمْ وَفِيْهَا اُعِيْدُهُمْ وَمِنْهَا اُخْرِجُهُمْ تَارَةً
اُخْرٰى فَتُعَادُ الرُّوْحُ اِلٰى جَسَدِهٖ وَيَاْتِيْهِ مَلَكَانِ
فَيُقْعِدَانِهٖ فَيَقُوْلَانِ لَهٗ مَنْ رَّبُّكَ وَمَا دِيْنُكَ فَيَقُوْلُ رَبِّيَ اللّٰهُ
وَدِيْنِيَ الْاِسْلَامُ فَيَقُوْلَانِ لَهٗ مَا هُوَ فِيْ هٰذَا الرَّجُلِ
الَّذِيْ بُعِثَ فِيْكُمْ فَيَقُوْلُ هُوَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجَآءَنَا بِالْحَقِّ فَيَقُوْلَانِ لَهٗ مَا عِلْمُكَ بِذٰلِكَ
فَيَقُوْلُ قَرَاْتُ الْقُرْاٰنَ كِتَابَ اللّٰهِ تَعَالٰى وَاٰمَنْتُ بِهٖ
وَصَدَّقْتُهٗ فَيُنَادِيْ مُنَادٍ مِّنَ السَّمَآءِ صَدَقَ عَبْدِيْ
فَاَفْرِشُوْا لَهٗ مِنَ الْجَنَّةِ وَاَلْبِسُوْهُ مِنَ الْجَنَّةِ وَاَفْتَحُوْا لَهٗ
بَابًا اِلَى الْجَنَّةِ فَيَاْتِيْهِ رَوْحُهَا وَطِيْبُهَا وَيُفْسَحُ لَهٗ فِيْ قَبْرِهٖ
مَدَّ بَصَرِهٖ وَيَاْتِيْهِ رَجُلٌ حَسَنُ الْوَجْهِ طَيِّبُ الرِّيْحِ
فَيَقُوْلُ لَهٗ اَبْشِرْ بِالَّذِيْ يَسُرُّكَ هٰذَا يَوْمُكَ الَّذِيْ
كُنْتَ تُوْعَدُ فَيَقُوْلُ مَنْ اَنْتَ قَالَ اَنَا عَمَلُكَ الصَّالِحُ
فَيَقُوْلُ رَبِّ اَقِمِ السَّاعَةَ قَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاِنَّ
الْعَبْدَ الْكَافِرَ اِذَا كَانَ فِيْ اِقْبَالٍ مِّنَ الْاٰخِرَةِ وَانْقِطَاعٍ
مِّنَ الدُّنْيَا اَنْزَلَ اللّٰهُ عَلَيْهِ مَلٰٓئِكَةً سُوْدَ الْوُجُوْهِ
مَعَهُمُ الْمُسُوْحُ فَيَجْلِسُوْنَ مِنْهُ مَدَّ الْبَصَرِ ثُمَّ يَجِيْءُ مَلَكُ

اور اُسکے سر کے پاس بیٹھ جاتا ہی اور کہتا ہی اے آرام پکڑنے والے پاک جان اللہ تعالی
کی بخشش اور اسکی رضامندی کی طرف نکل آ، آپ نے فرمایا پھر وہ نکلتی ہی اور ایسی
بہتی ہی جیسے برتن سی قطرہ بہتا ہی پس وہ اُسے لے لیتے ہین اور اُسے اُس کفن
اور خوشبو مین لپیٹ لیتے ہین اور اُس سی کستوری کی خوشبو سی بھی جو زمین پر
موجود ہو زیادہ خوشبو نکلتی ہے پھر اُسے چڑھا لے جاتے ہین پس وہ فرشتوں
کی کسی جماعت پر نہین گذرتے مگر اُس جماعت کے فرشتے کہتے ہین یہ کیسی خوشبو ہے
وہ جواب دیتے ہین یہ فلانا فلانے کا بیٹا ہی اُسکے نامون مین سے اچھا نام لیکر
جواب دیتے ہین پھر اُسے پہلے آسمان تک پہونچاتے ہین اور اُسکے لیے دروازہ
کھلواتے ہین وہ کھولا جاتا ہے پس وہ اُسکا استقبال کرتے ہین اور ہر ایک
آسمان سی فرشتے دوسرے آسمان تک جو اُسکے متصل ہو ساتھ جاتے
ہین یہان تک کہ ساتوین آسمان تک پہونچ جاتے ہین پس اللہ عزوجل
فرماتا ہے اسکی کتاب عمل کو علیین مین لکھو اور اُسکو پھر زمین کیطرف لیجاؤ
ہمنے انکو اُسی سی پیدا کیا اور اُسی مین ہم انکو دوبارہ لیجاوینگے اور دوسری دفعہ
اُسی سے ہم انکو نکالینگے پس اُسکی روح اُسکے جسم کی طرف لوٹائی جاتی ہے اور اسکے
پاس دو فرشتے آتے ہین اور اُسے کہتے ہین تیرا رب کون ہی اور تیرا دین کیا ہے
وہ کہتا ہی میرا رب اللہ ہے اور میرا دین اسلام ہے پھر وہ اُسے کہتے ہین تو اس شخص (یعنے
رسول اللہ) کی جو تم مین بھیجا گیا تھا کیا کہتا تھا وہ کہتا ہی وہ اللہ کے رسول ہین
اور ہمارے پاس حق لائے تھے وہ کہتے ہین تجھے اس بات کا علم کسطرح ہوا وہ
کہتا ہی مینے قرآن مجید اللہ کی کتاب کو پڑھا اور اُسپر ایمان لایا اور اُسکو سچا
جانا پس آسمان سی ایک پکارنیوالا پکارتا ہی میرے بندے نے سچ کہا ہی اُسکے لیے جنت
سے بچھونا کردو اور اُسے جنت کا لباس پہناؤ اور جنت کی طرف سی اُسکے لیے
ایک دروازہ کھولدو پس اُسکو جنت کی ہوا اور اُسکی خوشبو آنے لگتی ہے اور
اُسکی نظر کی درازی کی برابر اُسکی قبر فراخ کیجاتی ہی اور اُسکے پاس ایک شخص خوبصورت
عمدہ خوشبو والا آتا ہی اور اُسے کہتا ہی تو خوش ہو اچھی چیز سے جو تجھے خوش کریگی یہ تیرا وہ دن ہے
جسکا تو دنیا مین وعدہ دیا جاتا تھا پس وہ مردہ کہتا ہی تو کون ہے وہ کہتا ہی مین تیرا
عمل صالح ہون پھر وہ کہتا ہی اے میرے پروردگار قیامت قائم کر حضرت صلی اللہ علیہ
وسلم نے فرمایا اور بندہ کافر جب آخرت کی طرف چلنے اور دنیا کو چھوڑنے کو
قریب ہوتا ہی تو اللہ تعالی اُسکی طرف سیاہ موہون والے فرشتے اتارتا ہی اُنکے
پاس ٹاٹ ہوتا ہے اُس سے نظر کی درازی کے فاصلہ پر بیٹھتے جاتے ہین پھر ملک

الموت يجلس عند رأسه فيقول أيتها النفس الخبيثة
اخرجي إلى سخط الله وغضبه فتفرق في أعضائه
فينزعها كما ينزع السفود من الصوف المبلول فتقطع
منه العروق والعصب فيأخذونها فيجعلونها في
تلك المسوح ويخرج منها ريح أنتن من جيفة فيصعدون
بها فلا يمرون بها على ملإ من الملئكة إلا قالوا ما
هذه الريح الخبيثة فيقولون هذا فلان ابن فلان
بأقبح أسمائه حتى ينتهوا بها إلى السماء الدنيا فيستفتحون
فلا يفتح لهم ثم قرأ رسول الله صلى الله عليه وسلم
هذه الآية لا تفتح لهم أبواب السماء فيقول الله
سبحانه اكتبوا كتابه في سجين ثم تطرح روحه طرحا
ثم قرأ رسول الله صلى الله عليه وسلم ومن يشرك
بالله فكأنما خر من السماء فتخطفه الطير أو تهوي به
الريح في مكان سحيق يعني ترد فتعاد إليه روحه في
جسده فيأتيه ملكان فيجلسانه فيقولان له من ربك
فيقول هاه هاه لا أدري فيقولان له ما دينك فيقول
هاه هاه لا أدري فيقولان له ما تقول في هذا الرجل
الذي بعث فيكم فيقول هاه هاه لا أدري فينادي
المنادي كذب عبدي فافرشوا له فراشا من النار
وألبسوا من النار وافتحوا له بابا من النار فيدخل عليه
من حرها وسمومها ويضيق عليه قبره حتى تختلف
فيه أضلاعه ويأتيه رجل قبيح الثياب قبيح الوجه
نتن الريح فيقول أبشر بالذي يسوءك هذا يومك
الذي كنت توعد فيقول من أنت فيقول أنا عملك
السوء فيقول رب لا تقم الساعة وعن عبد الله بن عمر
قال إن المؤمن إذا وضع في قبره يوسع عليه في قبره
سبعون ذراعا عرضه وسبعون ذراعا طوله ثم تنور
عليه الرياحين ويستقبل بالحرير من الجنة فإن كان
معه شيء من القرآن جعل له نورا مثل نور الشمس في

الموت آتا ہے اور اسکے پاس بیٹھ جاتا ہے اور کہتا ہے اے پلید جان اللہ کے غصے اور
غضب کی طرف نکل پس وہ اسکے سب جوڑ جوڑ میں پھیل جاتی ہے اور وہ اسی طرح
کھینچتا ہے جیسی بھیگی ہوئی اون سے سیخ کھینچی جاتی ہے پس اسکی رگیں اور پٹھے ٹوٹ
جاتے ہیں وہ فرشتے اس جان کو لے لیتے ہیں اور اس ٹاٹ میں لپیٹ لیتے ہیں اور
اس سے مردار کی بھی بری بدبو نکلتی ہے پس اسے لے چڑھتے ہیں اور فرشتوں میں
کسی جماعت پر نہیں گذرتے مگر وہ کہتے ہیں یہ کیسی بدبو ہے پس وہ کہتے ہیں فلانا
فلانے کا بیٹا ہے اسکے ناموں میں سے برا نام لیتے ہیں یہاں تک کہ اسے
پہلے آسمان تک لے پہونچتے ہیں اور دروازہ کھلوانا چاہتے ہیں مگر اسکے لئے
کھولا نہیں جاتا پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت اسکے استشہاد کے
لیے پڑھی انکے لیے آسمان کے دروازے نہیں کھولے جاتے پھر اللہ تعالی فرماتا ہے
اسکی کتاب کو سجین میں لکھو پھر اسکی روح پھینکی جاتی ہے پھر رسول اللہ صلے
اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت پڑھی اور جو کوئی اللہ تعالی کے ساتھ شرک کرے گویا کہ وہ آسمان
سے گر پڑا پس یا تو اسے جانور اوچک لے جاتے ہیں یا اسے ہوا مکان دور میں
پھینک دیتی ہے یعنے رکی جاتی ہے پھر اسکی روح اسکے بدن میں لائی جاتی ہے
اور اسکے پاس دو فرشتے آتے ہیں اور اسکو بٹھاتے ہیں اور کہتے ہیں کہ تیرا رب
کون ہے وہ کہتا ہے ہائے ہائے میں نہیں جانتا وہ کہتے ہیں تیرا دین کیا ہے وہ کہتا ہے
ہائے ہائے میں نہیں جانتا وہ کہتے ہیں تو اس شخص (یعنے محمد) کے حق میں جو تم
میں بھیجا گیا تھا کیا کہتا ہے وہ کہتا ہے ہائے ہائے میں نہیں جانتا پس پکارنیوالا
پکارتا ہے کہ میرے بندے نے جھوٹ کہا تم اسکے لیے آگ سے بچھونا بچھاؤ اور آگ سے
لباس پہناؤ اور اسکے لیے دوزخ کی طرف سے دروازہ کھولدو پس اسکیطرف دوزخ
کی سوزش اور گرمی آتی ہے اور اسکی قبر اسپر تنگ ہوجاتی ہے یہانتک کہ اسکی
پسلیاں اِدھر اُدھر ہوجاتی ہیں اور اسکے پاس ایک آدمی برے کپڑوں والا بدبو
منہ والا بدبو والا آتا ہے اور کہتا ہے تو خوش ہو اس چیز سے جو تجھے خوش کرے یہ تیرا
دن ہے جسکا تو وعدہ دیا جاتا تھا وہ کہتا ہے تو کون ہے وہ کہتا ہے میں تیرا برا
عمل ہوں پس وہ کہتا ہے اے رب قیامت قائم نہ کیجیو اور عبداللہ بن عمر سے
مروی ہے انہوں نے کہا مومن جب اپنی قبر میں رکھا جاتا ہے تو اسپر اسکی قبر میں فراخی
کی جاتی ہے جس کا ستر ہاتھ عرض اور ستر ہاتھ طول ہوتا ہے اور اگر اسکے ساتھ
کچھ قرآن ہو (یعنے اسے کچھ قرآن یاد ہو) تو اسکے لیے اسکا نور ہی کافی ہے اگر اسکے
ساتھ کچھ قرآن نہ ہو تو اسکے لیے قبر میں شمس کے نور کیطرح نور کیا جاتا ہے۔

كفاه نوره فإن لم يكن معه شيء من القرآن

تَأْوِي إِلَى قَنَادِيلَ مِنْ ذَهَبٍ فِي ظِلِّ الْعَرْشِ فَلَمَّا
وَجَدُوا طِيبَ مَأْكَلِهِمْ وَشَرَابِهِمْ وَمَقِيلِهِمْ قَالُوا مَنْ
يُبَلِّغُ إِخْوَانَنَا أَنَّا أَحْيَاءٌ فِي الْجَنَّةِ نُرْزَقُ فَلَا يَزْهَدُوا فِي
الْجِهَادِ وَلَا يَنْكُلُوا عَنِ الْحَرْبِ فَقَالَ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ وَ
هُوَ أَصْدَقُ الْقَائِلِينَ أَنَا أُبَلِّغُهُمْ فَأَنْزَلَ اللهُ وَلَا تَحْسَبَنَّ
الَّذِينَ قُتِلُوا فِي سَبِيلِ اللهِ أَمْوَاتًا بَلْ أَحْيَاءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ
يُرْزَقُونَ فَرِحِينَ بِمَا آتَاهُمُ اللهُ مِنْ فَضْلِهِ فَيَجُوزُ أَنْ يَقَعَ
الْمَسْأَلَةُ وَالْعَذَابُ وَالنِّعْمَةُ بِبَعْضِ جَسَدِ الْمُؤْمِنِ وَ
الْكَافِرِ دُونَ بَقِيَّةِ أَجْزَائِهِ وَيَكُونُ مَا فُعِلَ بِالْبَعْضِ
فُعِلَ بِالْكُلِّ وَقَدْ قِيلَ إِنَّ اللهَ يَجْمَعُ تِلْكَ الْأَجْزَاءَ
الْمُتَفَرِّقَةَ لِلضَّغْطَةِ وَالْمَسْأَلَةِ كَمَا يَفْعَلُ ذَلِكَ لِلْحَشْرِ
وَالْحِسَابِ ثُمَّ الْإِيمَانُ بِالْبَعْثِ مِنَ الْقُبُورِ وَالنُّشُورِ
عَنْهَا وَاجِبٌ كَمَا قَالَ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ وَأَنَّ السَّاعَةَ
آتِيَةٌ لَا رَيْبَ فِيهَا وَأَنَّ اللهَ يَبْعَثُ مَنْ فِي الْقُبُورِ كَمَا
قَالَ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ كَمَا بَدَأَكُمْ تَعُودُونَ وَقَالَ جَلَّ وَعَلَا
مِنْهَا خَلَقْنَاكُمْ وَفِيهَا نُعِيدُكُمْ وَمِنْهَا نُخْرِجُكُمْ تَارَةً أُخْرَى
يَحْشُرُهُمْ وَيَجْمَعُهُمْ جَلَّ وَعَلَا لِيَجْزِيَ كُلَّ نَفْسٍ بِمَا تَسْعَى
وَلِيَجْزِيَ الَّذِينَ أَسَاءُوا بِمَا عَمِلُوا وَيَجْزِيَ الَّذِينَ
أَحْسَنُوا بِالْحُسْنَى وَقَالَ جَلَّ جَلَالُهُ الَّذِي خَلَقَكُمْ
ثُمَّ يُمِيتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيكُمْ وَالَّذِي قَدَرَ عَلَى إِنْشَاءِ الْخَلْقِ
قَادِرٌ عَلَى إِعَادَتِهِمْ وَقَدْ أَنْكَرَتِ الْمُعْتَزِلَةُ ذَلِكَ تَبًّا
لَهُمْ وَالْإِيمَانُ بِأَنَّ اللهَ يَقْبَلُ شَفَاعَةَ نَبِيِّنَا صَلَّى
اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي أَهْلِ الْكَبَائِرِ وَالْأَوْزَارِ وَاجِبٌ قَبْلَ
دُخُولِ النَّارِ عَامًّا لِلْحِسَابِ بِجَمِيعِ أُمَمِ الْمُؤْمِنِينَ وَ
بَعْدَ دُخُولِهَا لِأُمَّتِهِ خَاصَّةً فَيَخْرُجُونَ مِنْهَا بِشَفَاعَتِهِ عَلَيْهِ
السَّلَامُ وَغَيْرِهِ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ حَتَّى لَا يَبْقَى فِي النَّارِ مَنْ
كَانَ فِي قَلْبِهِ مِثْقَالُ ذَرَّةٍ مِنَ الْإِيمَانِ وَمَنْ قَالَ لَا
إِلَهَ إِلَّا اللهُ مَرَّةً وَاحِدَةً فِي عُمُرِهِ مُخْلِصًا لِلَّهِ عَزَّ وَجَلَّ
خِلَافَ مَا زَعَمَتِ الْقَدَرِيَّةُ مِنْ إِنْكَارِ ذَلِكَ وَفِي كِتَابِ اللهِ

عرش کے سائے مین سونے کی قندیلون پر ٹھیرتے ہین پس جب اونہون نے وہان عمدہ
کھانا اور پینا اور قیلولہ پایا تو کہا ہماری (زندہ) بھائیون کو کون شخص یہ
خبر پہونچاوے کہ ہم زندہ ہین بہشت مین اور رزق دیے جاتے ہین تاکہ وہ جہاد سے
بے رغبتی نہ کرین اور لڑائی سے انکار نہ کرین اللہ عزوجل نے فرمایا اور وہ سب کلام
کرنیوالون سے سچا ہے مین انکو پہونچاتا ہون پس اللہ تعالی نے یہ آیت اتاری
جو اللہ کے رستے مین مارے گئے انہین مردے خیال نہ کر بلکہ وہ اپنے رب کے پاس زندہ ہین
اور رزق دیے جاتے ہین خوش ہین اسچیز سے جو انکو اللہ نے اپنے فضل سے عنایت
کی اور جائز ہے کہ سوال اور عذاب اور نعمتون کا وقوع مومن اور کافر کے بعضے
اجزاء پر ہو اور بعضے پر نہ ہو اور جو کچھ بعض پر واقع ہو
ایسا ہو گویا کل پر واقع ہوا ہے اور بعضون نے کہا ہے کہ اللہ تعالی
ان جدا جدا اجزاؤن کو دبانے اور سوال کرنے کے لیے جمع کر لیتا ہے جیسے کہ حشر
اور حساب کرنے کے لیے ایسا ہی کریگا پھر قبرون سے اٹھنے اور اُنسے پہلے ایمان
لانا بھی واجب ہے جیسا کہ اللہ تعالی نے فرمایا اور بیشک قیامت آنیوالی ہے اسمین
کچھ شک نہین اور بے شک اللہ اٹھاویگا اُن لوگون کو جو قبرون مین ہین اور
جیسے کہ اللہ عزوجل نے فرمایا جیسے تم کو پیدا کیا پہلی دفعہ پھر آوگے اور اللہ
بزرگ اور بلند نے فرمایا اُسی سے ہمنے تمکو پیدا کیا اور اُسی مین ہم تمکو لیجاوینگے
اور دوسری دفعہ اُسی سے ہم تمکو نکالینگے اللہ بزرگ اور بلند انکو اٹھاویگا اور جمع
کریگا تاکہ ہر نفس اپنی کوشش کا بدلا دیا جاوے اور تاکہ بدلا دے اُن لوگون کو جنہون
نے برے عمل کیے اور بدلا دیوے اُن لوگون کو جنہون نے اچھے عمل کیے اور اللہ بزرگ اور بلند
نے فرمایا وہ ہے جسنے تمکو پیدا کیا پھر ماریگا پھر تمکو زندہ کریگا اور وہ ذات کہ اول
مخلوق کو پیدا کرنے پر قادر ہے انکے دوبارہ پیدا کرنے پر بھی قادر ہے اور معتزلہ نے
اس امر کا انکار کیا انکو ہلاکی ہو اور اس امر پر بھی ایمان لانا واجب ہے کہ اللہ تعالی ہمارے نبی
صلے اللہ علیہ وسلم کی شفاعت کبیرہ گناہ والون اور دوسرے گناہ والون کے حق مین
قبول فرماویگا لیکن آگ مین داخل ہونے سے پہلے حساب کے وقت مومنون کی تمام جماعت
کے لیے عام ہوگی اور آگ مین داخل ہونے کے بعد صرف آپ کی امت کے لیے ہی ہوگی
پس آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی شفاعت سے اور آپکے سوا اوروں کے مومنون کی شفاعت سے
گنہگار دوزخ سے نکلینگے یہانتک کہ دوزخ مین کوئی شخص باقی نہ رہیگا جسکے دلمین ایک ذرہ
کے برابر بھی ایمان ہوگا اور جو شخص خالص اللہ کے لیے اپنی زندگی مین ایکدفعہ بھی کہدے کہ بجز خدا
کے کوئی معبود برحق نہین برخلاف اسکے جو قدریہ نے اسکا انکار کیا اور اللہ تعالی کی کتاب مین

تکذیبهم قال الله عز وجل فما لنا من شافعين ولا صديق
حميم وقوله عز وجل فهل لنا من شفعاء فيشفعوا لنا
وقال الله جل جلاله فما تنفعهم شفاعة الشافعين
فقد اثبت الله تعالى في الاخرة شفاعة وكذلك في
السنة وهو ما روي عن ابي هريرة ان النبي صلى الله عليه
وسلم قال ان اول من ينشق الارض عن يوم القيمة
انا ولا فخر انا سيد ولد ادم ولا فخر وانا صاحب لواء
الحمد ولا فخر وانا اول من يدخل الجنة ولا فخر وانا
اخذ بحلقة باب الجنة فيؤذن لي فيستقبلني وجه
الجبار فاخر له ساجدا فيقول تعالى يا محمد ارفع راسك
واشفع تشفع وسل تعط فارفع راسي فاقول يا رب امتي
امتي فلا ازال ارجو الى ربي فيقول اذهب فانظر من
وجدت في قلبه مثقال جبة من الايمان فاخرجه
من النار قال صلى الله عليه وسلم فاخرج من امتي منكلا
الجبال ثم يقول لي النبيون ارجع الى ربك فاسئله
فاقول قد رجعت الى ربي حتى استحييت منه وقال صلى
الله عليه وسلم في حديث جابر بن عبد الله رضي الله
عنه شفاعتي لاهل الكبائر من امتي وعن ابي هريرة
انه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لكل نبي
دعوة مستجابة فتعجل كل نبي دعوته وانا اختبات
دعوتي شفاعة لامتي يوم القيمة فهي نائلة ان
شاء الله تعالى من امتي لمن مات لا يشرك بالله شيئا
وقال صلى الله عليه وسلم في حديث انس الانصاري اني
لاشفع يوم القيمة لاكثر ممن على وجه الارض من
حجر ومدر وقال صلى الله عليه وسلم شفاعتي في القيمة
على الميزان وعند الصراط وكذلك ما من نبي الا وله
له شفاعة وعن حذيفة رض عن النبي صلى الله عليه و
سلم انه قال يقول ابراهيم عليه السلام يوم القيمة
يا رباه فيقول الله عز وجل يا بنيكاه فيقول يا رب

انکی تکذیب موجود ہے اللہ عزوجل نے فرمایا (وہ کہینگے) پس ہمارے لیے کوئی شفاعت کرنے
والا نہیں اور نہ کوئی دوست غم کھانیوالا ہے اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا (وہ کہینگے) کیا ہمارے
لیے شفاعت کرنیوالے ہین جو ہماری سفارش کرین اور اللہ جل جلالہ نے فرمایا پس انکو
سفارش کرنیوالون کی سفارش فائدہ نہ دیگی پس اللہ تعالیٰ نے سفارش کو قیامت مین
ثابت کیا اور اسی طرح حدیثون مین بھی ہے اور وہ یہ ہے جو ابو ہریرہ رضہ سے مروی ہے کہ نبی
صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت کے دن جس سے پہلے زمین پھٹیگی وہ مین ہونگا اور فخر نہین
مین آدم کی اولاد کا سردار ہونگا اور فخر نہین اور مین تعریف کے جھنڈے کا صاحب ہونگا اور
فخر نہین اور مین ان مین سے پہلا ہونگا جو جنت مین داخل ہونگے اور فخر نہین اور مین
جنت کے دروازے کے حلقے کو پکڑنے والا ہونگا پس مجھے اجازت دیجاویگی تو جبار کا
منہ میرے سامنے ہوگا اور مین اُسکے لیے سجدہ مین گر پڑونگا اللہ تعالیٰ فرماویگا اے محمد
اپنا سر اٹھا اور شفاعت کر تیری شفاعت قبول کیجاویگی اور مانگ تو دیا جاویگا
پس مین اپنا سر اٹھاؤنگا اور کہونگا اے میرے پروردگار میری امت کو میری امت کو بخشدے
پس مین ہمیشہ ہی اپنے رب کے پاس آتا جاتا رہونگا یہانتک کہ اللہ تعالیٰ فرماویگا تو جا اور جسکے
جس شخص کے دل مین تو ایک دانے کے برابر بھی ایمان پاوے اُسے بھی دوزخ سے نکالے حضرت
صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پس مین اپنی امت کو پہاڑون کی طرح نکالونگا پھر مجھ سے
نبی کہینگے تو اپنے رب کے پاس جا اور اُس سے سوال کر مین کہونگا مین اپنے رب کے پاس
آتا جاتا رہا ہون یہان تک کہ اب مین اُس سے شرماتا ہون اور جابر بن عبد اللہ
کی حدیث مین نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میری شفاعت میری امت کے کبیرہ
گناہ والون کے لیے ہے اور ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہے انہون نے کہا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم
نے فرمایا ہر ایک نبی کے لیے ایک دعا مقبول ہے پس ہر ایک نبی نے اپنی دعا
جلدی کی اور مین اپنی دعا کو اپنی امت کی شفاعت کے لیے چھپا رکھا ہے اور وہ انشاء
اللہ تعالیٰ میری امت کے اُس شخص کو پہونچیگی جو مر گیا اور اُسنے اللہ سے کسی چیز کو شریک
نہ کیا اور انس انصاری کی حدیث مین نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مین قیامت کے دن
روئے زمین کے پتھرون اور ڈھیلون سے بھی زیادہ سفارش کرونگا اور قیامت کے دن
میزان اور پلصراط کے پاس آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی شفاعت ہوگی اور اسی طرح
ہر ایک نبی شفاعت کریگا اور حذیفہ رضہ سے روایت ہے وہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے
روایت کرتے ہین آپنے فرمایا ابراہیم علیہ السلام قیامت کے دن پکارینگے
اے میرے رب پس اللہ عزوجل فرماویگا اے ابراہیم تو کیا کہتا ہے وہ عرض
کرین گے اے میرے پروردگار

أَخْرَجْتَ بَنِي آدَمَ فَيَقُولُ جَلَّ وَعَلَا أَخْرِجُوا مِنَ النَّارِ
مَنْ كَانَ فِي قَلْبِهِ مِثْقَالُ بُرَّةٍ أَوْ شَعِيرَةٍ مِنَ الْإِيمَانِ وَ
كَذَلِكَ لِلصِّدِّيقِينَ وَالصَّالِحِينَ مِنْ كُلِّ أُمَّةٍ شَفَاعَةٌ
قَالَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَدِيثِ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ
رَضِيَ اللهُ عَنْهُ لِكُلِّ نَبِيٍّ عَطِيَّةٌ وَإِنِّي اخْتَبَأْتُ عَطِيَّتِي شَفَاعَةً
لِأُمَّتِي وَأَنَّ الرَّجُلَ مِنْ أُمَّتِي يَشْفَعُ لِلْقَبِيلَةِ فَيُدْخِلُهُمُ
اللهُ تَعَالَى الْجَنَّةَ بِشَفَاعَتِهِ وَأَنَّ الرَّجُلَ لَيَشْفَعُ لِإِنْسَانٍ مِنَ
النَّاسِ فَيُدْخِلُهُمُ اللهُ الْجَنَّةَ بِشَفَاعَتِهِ وَأَنَّ الرَّجُلَ
يَشْفَعُ لِثَلَاثَةِ نَفَرٍ وَأَنَّ الرَّجُلَ لَيَشْفَعُ لِاثْنَيْنِ وَأَنَّ الرَّجُلَ
يَشْفَعُ لِلرَّجُلِ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَدِيثِ
ابْنِ مَسْعُودٍ لَيَدْخُلَنَّ الْجَنَّةَ قَوْمٌ مِنَ الْمُسْلِمِينَ قَدْ عُذِّبُوا
بِالنَّارِ بِرَحْمَةِ اللهِ تَعَالَى وَشَفَاعَةِ الشَّافِعِينَ وَأَيْضًا
فِي حَدِيثِ أُوَيْسٍ الْقَرَنِيِّ الْمَعْرُوفِ وَلِلَّهِ تَفَضُّلٌ وَمَنٌّ
تَكَرُّمٌ وَرَحْمَةٌ وَمِنَّةٌ عَلَى مَنْ يَشَاءُ مِنْ أَهْلِ النَّارِ
فِي خُرُوجِهِمْ مِنْهَا بَعْدَ مَا احْتَرَقُوا وَصَارُوا فَحْمًا وَعَنِ
الْحَسَنِ عَنْ أَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ
قَالَ مَا زِلْتُ أَشْفَعُ إِلَى رَبِّي فَيُشَفِّعُنِي حَتَّى أَقُولَ يَا رَبِّ
شَفِّعْنِي فِيمَنْ قَالَ لَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ فَيَقُولُ جَلَّ وَعَلَا
هَذَا لَيْسَ لَكَ يَا مُحَمَّدُ وَلَا لِأَحَدٍ هَذَا لِي وَعِزَّتِي وَ
وَجَلَالِي وَرَحْمَتِي لَأَدَعَنَّ فِي النَّارِ أَحَدًا قَالَ لَا إِلَهَ إِلَّا
اللهُ وَالْإِيمَانُ بِالصِّرَاطِ عَلَى جَهَنَّمَ وَاجِبٌ وَهُوَ جِسْرٌ
مَمْدُودٌ عَلَى مَتْنِ جَهَنَّمَ يَأْخُذُ مَنْ يَشَاءُ اللهُ إِلَى النَّارِ
وَيَجُوزُ مَنْ يَشَاءُ وَيَسْقُطُ فِي جَهَنَّمَ مَنْ يَشَاءُ وَلَهُمْ فِي
تِلْكَ الْأَحْوَالِ نُورٌ بِحَسَبِ أَعْمَالِهِمْ فَهُمْ بَيْنَ مَاشٍ وَ
سَرَاعٍ وَرَاكِبٍ وَزَحِفٍ وَسَحِبٍ قَدْ وَصَفَهُ النَّبِيُّ صَلَّى
اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِأَنَّهُ دَحْضٌ مَزِلَّةٌ فِي خَبَرٍ فِيهِ طُولٌ
إِلَى أَنْ قَالَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَحْضٌ مَزِلَّةٌ مِثْلُ
شَوْكِ السَّعْدَانِ هَلْ تَعْرِفُونَ شَوْكَ السَّعْدَانِ قَالُوا
نَعَمْ يَا رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَإِنَّهَا

تونے آدم کے بیٹون کو جلا دیا اللہ تعالی فرماویگا جسکے دل مین گیہون یا جو کے
دانے کے برابر بھی ایمان ہوا سے بھی دوزخ سے نکالدو اور اسیطرح ہر ایک امت کے
صدیقون اور نیک لوگون کی سفارش مقبول ہوگی ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ کی حدیث
مین نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہر ایک نبی کو ایک انعام ہی اور مینے اپنا انعام کو
اپنی امت کی شفاعت کے لیے چھپا رکھا ہی اور میری امت کا مرد (صالح) اپنے قبیلے کی شفاعت
کریگا اور اسکی شفاعت سے اللہ تعالی انکو جنت مین لیجاویگا اور کوئی شخص لوگون کی ایک
جماعت کے لیے شفاعت کریگا تو اسکی شفاعت سے اللہ تعالی انکو جنت مین لیجاویگا
اور کوئی شخص تین آدمیون کی شفاعت کریگا اور کوئی دو شخصون کی شفاعت
کریگا اور کوئی ایک شخص کی شفاعت کریگا ابن مسعودؓ کی حدیث مین نبی
صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ کی رحمت سے اور شفاعت کرنیوالون کی شفاعت سے
بہشت مین مسلمانون کی ایک ایسی جماعت داخل ہوگی جو دوزخ مین عذاب دیے
گئی ہونگے اور نیز اویس قرنی کی مشہور حدیث مین ہی اور اللہ ہی کی طرف سے فضل اور
بخشش اور رحمت اور احسان ہی دوزخیون مین سے انکے دوزخ سے نکلنے مین جبکہ وہ
چاہیگا بعد اسکے کہ وہ جل جاوین اور کوئلہ ہوجاوین اور حسنؓ سے روایت ہے
انہون نے انسؓ سے انہون نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے روایت کی آپنے
فرمایا مین ہمیشہ ہی اپنے پروردگار کے آگے شفاعت کرتا رہونگا اور وہ میری
شفاعت قبول کرتا رہیگا یہانتک کہ مین کہونگا ای میرے پروردگار میری شفاعت
اُس شخص کے حق مین بھی قبول کر جس نے صرف یہی کہا کہ بجز اللہ کے کوئی معبود برحق
نہین پس اللہ تعالی فرماویگا ای محمد یہ کام تیرا نہین اور نہ کسی دوسرے کا ہی یہ میرا
کام ہی مجھے اپنی عزت اور بزرگی کی قسم ہی مین کسی ایسے شخص کو دوزخ مین نہین چھوڑونگا
جسنے یہ کہا کہ بجز خدا کے کوئی معبود برحق نہین اور پلصراط کے دوزخ کے اوپر ہونے پر
ایمان لانا بھی واجب ہی اور وہ ایک پل ہی جو دوزخ کی پشت پر دراز کیا گیا ہی جسے
اللہ چاہیگا دوزخ مین گرفتار کریگا اور جسے چاہیگا اُسے اُس پل سے پار اوتار دیگا
اور جسے چاہیگا دوزخ مین گرا دیگا اور لوگونکے لیے اُسوقت موافق انکے عملون کے نور ہوگا
پس بعض انمین سے معمولی چال چلینگے اور بعض دوڑینگے اور بعض سوار ہونگے اور بعض
گھٹنونکے بل چلینگے اور بعض چوتڑون پر چلینگے اور نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے اُس پل کی یون تعریف
فرمائی ہی کہ وہ کانٹون والا ہی آپنے ایک یعنی حدیث بیان فرمائی یہانتک کہ آپنے فرمایا
وہ پل ایسے کانٹون والا ہی جیسے سعدان کے کانٹے کیا تم سعدان کے کانٹونکو جانتے
ہو صحابہؓ نے عرض کیا ہان یا رسول اللہ صلعم جانتے ہین آپنے فرمایا یہ کانٹے صورت مین تو

مِثْلُ شَوْكِ السَّعْدَانِ غَيْرَ اَنَّهٗ لَا يَعْلَمُ قَدْرَ عِظَمِهَا اِلَّا اللّٰهُ
تَعَالٰی جَلَّ سُمُّهٗ فَتَخْطَفُ النَّاسَ فَمِنْهُمُ الْمُوْبَقُ بِعَمَلِهٖ وَ
مِنْهُمُ الْمُخَرْدَلُ ثُمَّ الْمَرْمِیُّ الْمَصْرُوْعُ وَمِنْهُمْ مَنْ يُخَرْدَلُ ثُمَّ
يَنْجُوْ وَقِيْلَ ذٰلِكَ لِلْقَطْعِ اَيْضًا وَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
اِسْتَجِيْدُوْا ضَحَايَاكُمْ فَاِنَّهَا مَطَايَاكُمْ عَلَى الصِّرَاطِ وَجَاءَ
فِیْ وَصْفِ الصِّرَاطِ عَنْهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ اَدَقُّ
مِنَ الشَّعْرَةِ وَاَحَرُّ مِنَ الْجَمْرَةِ وَاَحَدُّ مِنَ السَّيْفِ طُوْلُهٗ
ثَلٰثُ مِائَةِ سَنَةٍ مِنْهَا سَنَةٌ فِی الْاٰخِرَةِ يَمْشِیْ عَلَيْهِ الْاَبْرَارُ وَ
تَزِلُّ عَنْهُ الْفُجَّارُ وَقِيْلَ ثَلٰثَةُ اٰلَافِ سَنَةٍ مِنْهَا سَنَةٌ فِی
الْاٰخِرَةِ وَاَهْلُ السُّنَّةِ يَعْتَقِدُوْنَ اَنَّ لِنَبِيِّنَا صَلَّى اللّٰهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَوْضًا فِی الْقِيٰمَةِ يَسْقِیْ مِنْهُ الْمُؤْمِنِيْنَ دُوْنَ
الْكَافِرِيْنَ وَيَكُوْنُ ذٰلِكَ بَعْدَ جَوَازِ الصِّرَاطِ قَبْلَ دُخُوْلِ
الْجَنَّةِ مَنْ شَرِبَ مِنْهُ شَرْبَةً لَمْ يَظْمَأْ بَعْدَهَا اَبَدًا عَرْضُهٗ
مَسِيْرَةُ شَهْرٍ مَاؤُهٗ اَشَدُّ بَيَاضًا مِنَ اللَّبَنِ وَاَحْلٰی مِنَ
الْعَسَلِ حَوْلَهٗ اَبَارِيْقُ عَلٰی عَدَدِ نُجُوْمِ السَّمَآءِ فِيْهِ مِيْزَابَانِ
يَصُبَّانِ مِنَ الْكَوْثَرِ اَصْلُهٗ فِی الْجَنَّةِ وَفَرْعُهٗ فِی الْمَوْقِفِ
قَدْ ذَكَرَهُ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِیْ حَدِيْثِ ثَوْبَانَ
اَنَا عِنْدَ حَوْضِیْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَسُئِلَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
وَسَلَّمَ عَنْ سَعَةِ الْحَوْضِ فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا
بَيْنَ مَقَامِیْ هٰذَا اِلٰی عُمَانَ شَرَابُهٗ اَشَدُّ بَيَاضًا مِنَ اللَّبَنِ
وَاَحْلٰی مِنَ الْعَسَلِ فِيْهِ مِيْزَابَانِ مِنَ الْجَنَّةِ اَحَدُهُمَا مِنْ
وَرِقٍ وَالْاٰخَرُ مِنْ ذَهَبٍ مَنْ شَرِبَ مِنْهُ شَرْبَةً لَمْ
يَظْمَأْ بَعْدَهَا اَبَدًا وَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِیْ حَدِيْثِ
عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ عَمْرَةَ مَوْعِدُكُمْ حَوْضِیْ عَرْضُهٗ مِثْلُ طُوْلِهٖ وَهُوَ
اَبْعَدُ مَا بَيْنَ اَيْلَةَ اِلٰی مَكَّةَ وَذٰلِكَ مَسِيْرَةُ شَهْرٍ فِيْهِ
اَبَارِيْقُ اَمْثَالُ الْكَوَاكِبِ مَاؤُهٗ اَشَدُّ بَيَاضًا مِنَ الْفِضَّةِ
مَنْ وَرَدَهُ فَشَرِبَ مِنْهُ لَمْ يَظْمَأْ بَعْدَهَا اَبَدًا وَكَذٰلِكَ لِكُلِّ نَبِیٍّ
مِنَ الْاَنْبِيَآءِ حَوْضٌ اِلَّا الصَّالِحَ النَّبِیَّ فَاِنَّ حَوْضَهٗ ضَرْعُ نَاقَتِهٖ
يَسْقِیْ مِنْ ذٰلِكَ مُؤْمِنُوْا كُلِّ اُمَّةٍ مِّنْهُمْ دُوْنَ الْكَافِرِيْنَ وَفِیْ

سعدان کے کانٹون کی طرح ہی ہین لیکن انکی بڑائی کی مقدار کو بجز اللہ تعالیٰ کے
کوئی نہین جانتا اور وہ کانٹے لوگون کو اچک لینگے پس اُنمین سے بعضے بسبب اپنے
عمل کے ہلاک ہونگے اور بعض انمین سے ٹکڑے ٹکڑے ہوئے ہوئے پھینکے ہوئے گرائے ہوئے
ہونگے اور اُن مین سے بعض ایسے ہونگے جو ٹکڑے کیے جاوینگے پھر نجات پاوینگے
اور بعض نے کہا کہ یہ کانٹے کے ایسی ہی ہے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا عمدہ جانور
کی قربانی کیا کرو کیونکہ پلصراط پر وہ تمہاری سواریان ہونگی اور نبی صلی اللہ علیہ
وسلم سے پلصراط کی بابت مروی ہے کہ وہ بال سے زیادہ باریک ہے اور
چنگاڑی سے زیادہ گرم ہے اور تلوار سے زیادہ تیز ہے اسکا طول آخرت کے سالون
مین سے تین سو سال کا ہوگا نیک لوگ اُس پر سے پار ہوجاوینگے اور بدکار اُس سے پھسل
پڑینگے اور بعضون نے کہا ہے کہ آخرت کے سالون مین سے تین ہزار برس کا رستہ ہوگا
اور اہل سنت اس بات کا یقین رکھتے ہین کہ ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے قیامت کے
دن ایک حوض ہوگا اُسمین سے مومنون کو پلاوینگے اور کافرون کو نہ پلاوینگے
اور یہ کام پلصراط سے گذر جانے کے بعد اور جنت مین داخل ہونے سے پہلے ہوگا جو
شخص اُس سے ایکدفعہ پی لیگا وہ اسکے بعد کبھی پیاسا نہ ہوگا اُس حوض کا عرض
ایک مہینہ کا رستہ ہے اُسکا پانی دودھ سے زیادہ سفید اور شہد سے زیادہ شیرین ہوگا
اُسپر آفتابے اتنے ہونگے جتنے آسمان پر ستارے ہین دو پرنالے ہین جو کوثر سے گرتے
ہین اُسکی جڑ بہشت مین ہے اور اُسکی شاخ حساب گاہ مین ہے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے
ثوبان کی حدیث مین اسکا بیان فرمایا کہ مین قیامت کے روز اپنے حوض کے پاس
ہونگا تو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے حوض کی فراخی کی نسبت کسی نے پوچھا آپ نے
فرمایا میرے اس مکان سے لیکر عمان تک اُسکی فراخی ہے اُسکا پانی دودھ سے زیادہ
سفید اور شہد سے زیادہ شیرین ہے اُسمین جنت کی طرف سے دو پرنالے ہین ایک چاندی
کا دوسرا سونے کا جو شخص اُس سے ایکدفعہ بھی پی لے اُسکے بعد کبھی پیاسا نہ ہوگا اور
حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے عبداللہ بن عمرہ کی حدیث مین فرمایا تمہارے وعدے کی جگہ
میرا حوض ہے اُسکا عرض اور طول برابر ہین اور اُسکی فراخی اس فاصلہ سے بھی زیادہ ہے
جو مقام ایلیا اور مکہ مین ہے اور ایلیا اور مکہ مین ایک مہینہ کا رستہ ہے اُسمین ستارون
کی طرح آفتابے ہین اُسکا پانی چاندی سے زیادہ سفید ہے جو شخص اُسپر جاوے اور اُس پانی پیکر تو اُسکے
بعد وہ کبھی پیاسا نہ ہوگا اور اسیطرح نبیون مین سے ہر ایک نبی کے لیے ایک حوض ہے مگر صالح
نبی کا کوئی حوض نہین کیونکہ اُنکا حوض انکی اونٹنی کے پستان ہین اُن مین سے ہر
ایک گروہ کے مومن اُن پستانون سے (دودھ) پینگے اور کافر نہ پینگے

حَدِيثٌ آخَرُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ حَوْضِي
مَا بَيْنَ عَدَنٍ وَعُمَانَ حَافَتَاهُ خِيَامُ الدُّرِّ الْمَجُوفِ وَإِنِيَتُهُ
عَدَدُ نُجُومِ السَّمَاءِ طِينُهُ الْمِسْكُ الْأَذْفَرُ مَاؤُهُ أَبْيَضُ مِنَ
اللَّبَنِ وَأَبْرَدُ مِنَ الثَّلْجِ وَأَحْلَى مِنَ الْعَسَلِ مَنْ شَرِبَ مِنْهُ
شَرْبَةً لَمْ يَظْمَأْ بَعْدَهَا أَبَدًا فَيُزَادُ عَنِّي يَوْمَ الْقِيَامَةِ
رِجَالٌ كَمَا تُزَادُ الْغَرِيبَةُ مِنَ الْإِبِلِ فَأَقُولُ أَلَا هَلُمَّ
أَلَا هَلُمَّ فَيُقَالُ إِنَّكَ لَا تَدْرِي مَا أَحْدَثُوا بَعْدَكَ فَأَقُولُ
مَا أَحْدَثُوا فَيُقَالُ إِنَّهُمْ غَيَّرُوا وَبَدَّلُوا فَأَقُولُ أَلَا سُحْقًا
وَبُعْدًا وَقَدْ أَنْكَرَتْ ذٰلِكَ الْمُعْتَزِلَةُ فَلَا يُقِرُّونَ مِنْهُ
وَيَدْخُلُونَ النَّارَ وَرُدًّا إِعْطَاشًا إِنْ لَمْ يَتُوبُوا عَنْ مَقَالَتِهِمْ
وَجُحُودِهِمُ الْحَقَّ وَرَدِّ الْآيَاتِ وَالْأَخْبَارِ وَالْآثَارِ وَرُوِيَ
عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ مَرْفُوعًا إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
أَنَّهُ قَالَ مَنْ كَذَّبَ بِالشَّفَاعَةِ لَمْ يَكُنْ لَهُ فِيهَا نَصِيبٌ وَمَنْ
كَذَّبَ بِالْحَوْضِ لَمْ يَكُنْ لَهُ فِيهِ نَصِيبٌ وَأَهْلُ السُّنَّةِ
يَعْتَقِدُونَ أَنَّ اللّٰهَ يُجْلِسُ رَسُولَهُ وَنَبِيَّهُ الْمُخْتَارَ عَلَى
سَائِرِ رُسُلِهِ وَأَنْبِيَائِهِ مَعَهُ عَلَى الْعَرْشِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ لِمَا
رُوِيَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
فِي قَوْلِهِ عَزَّ وَجَلَّ عَسَى أَنْ يَبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَحْمُودًا
قَالَ يُجْلِسُهُ مَعَهُ عَلَى السَّرِيرِ وَعَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ
عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالَى عَنْهَا أَنَّهَا قَالَتْ سَأَلْتُ رَسُولَ
اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْمَقَامِ الْمَحْمُودِ فَقَالَ صَلَّى
اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَدَنِي رَبِّي الْقُعُودَ عَلَى الْعَرْشِ كَذٰلِكَ
عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ قَالَ إِذَا كَانَ
يَوْمُ الْقِيَامَةِ جِيءَ بِنَبِيِّكُمْ فَأُقْعِدَ بَيْنَ يَدَيِ اللّٰهِ عَلَى
كُرْسِيِّهِ فَيُقَالُ لَهُ يَا أَبَا مَسْعُودٍ إِذَا كَانَ عَلَى كُرْسِيِّهِ الْحَقُّ
أَلَيْسَ مُوسَعَهُ قَالَ وَيْلَكُمْ هٰذَا أَثَرُ حَدِيثٍ فِي الدُّنْيَا
لِعَيْنِي وَقَالَ الْحَجَّاجُ فِي حَدِيثِهِ إِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ
نَزَلَ الْجَبَّارُ عَلَى عَرْشِهِ وَقَدَمَاهُ عَلَى الْكُرْسِيِّ يُؤْتَى
بِنَبِيِّكُمْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيُقْعَدُ بَيْنَ يَدَيْهِ عَلَى

دوسری حدیث مین نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے آپنے فرمایا میرا حوض عدن اور
عمان کے درمیان ہے اُسکے دونون کنارے پر مجوف موتی کے خیمے ہین اور اُسکے برتن اتنے ہین
جتنے آسمان کے ستارے اُسکی مٹی کستوری ہے اُسکا پانی دودھ سے زیادہ سفید اور برف سے
زیادہ ٹھنڈا اور شہد سے زیادہ شیرین ہے جو شخص اُس سے ایکدفعہ پی لے اُسکے بعد وہ
کبھی پیاسا نہ ہوگا اور قیامت کے دن میری طرف سے کچھ آدمی ہٹائے جاوینگے
جیسے کہ بیگانہ اونٹ اونٹون مین سے ہٹایا جاتا ہے اور مین کہونگا خبردار آؤ
تم خبردار آؤ تم پس کہا جاویگا آپ نہین جانتے کہ جو کچھ آپکے بعد انہون نے نکالا ہے مین
کہونگا انہون نے کیا نکالا ہے مجھے کہا جاویگا کہ انہون نے (امور شرعی کو) متغیر کردیا اور
بدل دیا پس مین کہونگا خبردار انکو دوری ہو اور معتزلہ اسکے منکر ہین پس وہ لوگ
اُس حوض سے پانی نہ پلائے جاوینگے اور دوزخ مین پیاسے جاوینگے اگر انہون نے اپنی بات
سے اور حق کے انکار سے اور آیتون اور اقوال صحابہ کے رد کرنے سے توبہ نہ کی اور انس
بن مالک رضہ سے مروی ہے وہ اس روایت کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم تک پہونچاتے ہین آپنے
فرمایا جو شخص شفاعت کو جھوٹ سمجھے تو اُسمین اُسکا حصہ نہ ہوگا اور جو شخص
حوض کو جھوٹ سمجھے اُسکا بھی اسمین حصہ نہ ہوگا اور اہل سنت اس بات کا
بھی اعتقاد کرتے ہین کہ اللہ تعالی قیامت کے دن اپنے رسول اور نبی پسندیدہ کو اپنے
تمام رسولون اور نبیون سے بلند مرتبہ پر عرش کے اوپر اپنے ساتھ بٹھائیگا اُنکی
دلیل وہ حدیث جو عبداللہ بن عمر رضہ سے مروی ہے وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت
روایت کرتے ہین اللہ تعالی کے اس قول کی تفسیر مین قریب ہے کہ تیرا پروردگار تجھکو
مقام محمود مین کھڑا کریگا آپنے فرمایا اسکا معنے یہ ہے کہ اللہ تعالی اُسے اپنے ساتھ
تخت پر بٹھاویگا ہشام بن عروہ سے مروی ہے وہ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالی عنہا سے
روایت کرتے ہین انہون نے کہا ہے مینے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مقام محمود کی نسبت
دریافت کیا تو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میرے رب نے عرش پر بیٹھنے کا مجھسے
وعدہ کیا ہے اسی طرح حضرت عمر بن خطاب رضہ اور حضرت عبداللہ بن سلام سے مروی ہے
انہون نے کہا جب قیامت کا دن ہوگا تو تمہارا نبی لایا جاویگا اور اللہ تعالی کرسی کے
کرسی پر بٹھایا جاویگا کسی نے اُنسے کہا اے ابو مسعود جب بنی خدا کی کرسی پر ہوگا تو
کیا وہ اُسکے ساتھ نہین انہون نے کہا تمہاری خرابی ہو یہی حدیث ہے جو دنیا مین میری
آنکھ کو ٹھنڈا کرنیوالی ہے اور حجاج نے اپنی حدیث مین کہا جب قیامت کا دن ہوگا تو
جبار اپنے عرش پر اترے گا اور اُسکے دونون قدم کرسی پر ہونگے اور تمہارے نبی
صلے اللہ علیہ وسلم بلائے جاوین گے تو اللہ تعالے اُن کو اپنے سامنے

الْكُرْسِيِّ فَقَالُوا لِلْحُمَيْدِيِّ إِذَا كَانَ عَلَى الْكُرْسِيِّ فَهُوَ
مَعَهُ قَالَ نَعَمْ وَيْلَكُمْ هُوَ مَعَهُ وَيَعْتَقِدُ أَهْلُ السُّنَّةِ
أَنَّ اللهَ تَعَالَى يُحَاسِبُ عَبْدَهُ الْمُؤْمِنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَ
يُدْنِيهِ مِنْهُ فَيَضَعُ كَنَفَهُ عَلَيْهِ حَتَّى يَسْتُرَهُ مِنَ النَّاسِ
لِمَا رُوِيَ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ رض أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللهِ صَلَّى
اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ يُؤْتَى بِالْمُؤْمِنِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَيُدْنِيهِ
اللهُ تَعَالَى مِنْهُ فَيَضَعُ كَنَفَهُ عَلَيْهِ حَتَّى يَسْتُرَهُ مِنَ النَّاسِ
فَيَقُولُ عَبْدِي أَتَعْرِفُ ذَنْبَ كَذَا أَتَعْرِفُ ذَنْبَ كَذَا سَرَّتَيْنِ
فَيَقُولُ نَعَمْ رَبِّ حَتَّى إِذَا أَقَرَّهُ بِذُنُوبِهِ كُلِّهَا فَرَأَى نَفْسَهُ
أَنَّهُ قَدْ هَلَكَ فَيَقُولُ لَهُ الْحَقُّ عَزَّ وَجَلَّ عَبْدِي ذُنُوبُكَ
هَذِهِ فَإِنِّي قَدْ سَتَرْتُهَا عَلَيْكَ فِي الدُّنْيَا وَأَنَا أَغْفِرُهَا لَكَ
الْيَوْمَ وَمَعْنَى الْمُحَاسَبَةِ تَعْرِيفُ اللهِ عَبْدَهُ بِمَقَادِيرِ
ثَوَابِ الْأَعْمَالِ وَعَذَابِهِ بِقَرَائِنِ سَيِّئَاتِهِ وَحَسَنَاتِهِ فَمَا
لَهُ وَمَا عَلَيْهِ وَقَدْ أَنْكَرَتِ الْمُعْتَزِلَةُ الْمُحَاسَبَةَ وَقَدْ كَذَّبَهُمُ
اللهُ تَعَالَى بِقَوْلِهِ إِنَّ إِلَيْنَا إِيَابَهُمْ ثُمَّ إِنَّ عَلَيْنَا حِسَابَهُمْ
وَيَعْتَقِدُ أَهْلُ السُّنَّةِ أَنَّ لِلَّهِ تَعَالَى مِيزَانًا يُوزَنُ فِيهِ
حَسَنَاتُ وَالسَّيِّئَاتُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ لَهُ كِفَّتَانِ وَلِسَانٌ وَ
قَدْ أَنْكَرَتِ الْمُعْتَزِلَةُ مَعَ الْمُرْجِئَةِ وَالْخَوَارِجِ ذَلِكَ فَقَالَتْ
إِنَّ مَعْنَى الْمِيزَانِ الْعَدْلُ دُونَ مُوَازَنَةِ الْأَعْمَالِ وَفِي كِتَابِ
اللهِ وَسُنَّةِ رَسُولِهِ تَكْذِيبُهُمْ قَالَ اللهُ تَعَالَى وَنَضَعُ الْمَوَازِينَ
الْقِسْطَ لِيَوْمِ الْقِيَامَةِ فَلَا تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْئًا وَإِنْ كَانَ مِثْقَالَ
حَبَّةٍ مِنْ خَرْدَلٍ أَتَيْنَا بِهَا وَكَفَى بِنَا حَاسِبِينَ وَقَالَ تَعَالَى
فَأَمَّا مَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِينُهُ فَهُوَ فِي عِيشَةٍ رَاضِيَةٍ وَأَمَّا مَنْ
خَفَّتْ مَوَازِينُهُ فَأُمُّهُ هَاوِيَةٌ الْآيَةَ وَالْعَدْلُ لَا
يُوصَفُ بِالْخِفَّةِ وَالثِّقَلِ وَإِنَّمَا هُوَ بِيَدِ الرَّحْمَنِ جَلَّ
جَلَالُهُ لِأَنَّهُ هُوَ الَّذِي يَتَوَلَّى حِسَابَهُمْ لِمَا رَوَى النَّوَّاسُ
بْنُ سَمْعَانَ الْكِلَابِيُّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ الْمِيزَانُ بِيَدِ الرَّحْمَنِ عَزَّ وَجَلَّ يَرْفَعُ
أَقْوَامًا وَيَضَعُ آخَرِينَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَقِيلَ إِنَّهُ بِيَدِ

کرسی پر بیٹھا ویگا پس حمیدی سے کسی نے کہا کہ جب وہ کرسی پر ہونگے تو وہ اسکے ساتھ
ہی ہوا ہونگے کہا ہان تمہاری خرابی ہو وہ اُسکے ساتھ ہی ہے اور اہل سنت اس بات کا
یہی اعتقاد رکھتے ہین کہ اللہ تعالی اپنے مومن بندے کا قیامت کے دن حساب کریگا اور
اُسے اپنے قریب کریگا اور اُسپر اپنا پہلو رکھیگا یہان تک کہ اُسے لوگون سے چھپا لیگا
اسلیے کہ عبداللہ بن عمر رض سے مروی ہے انہون نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوے سنا
کہ مومن قیامت کے دن لایا جاویگا اور اللہ تعالی اُسے اپنے قریب کریگا اور اپنا پہلو
اُسپر رکھیگا یہان تک کہ لوگون سے اُسے چھپا لیگا پھر فرمائیگا اے میرے بندے تو فلانے
فلانے گناہ کو جانتا ہے وہ کہیگا اے میرے پروردگار جانتا ہون یہانتک کہ اللہ تعالے
جب اُسے اُسکے تمام گناہونپر مقرر کر لیگا اور وہ خیال کریگا اب میرا نفس ہلاک ہو گیا تو
اُس وقت اُسے اللہ عزوجل فرماویگا اے میرے بندے تیرے یہ گناہ مین نے دنیا مین تیرے
لیے چھپا دیے تھے اور آج مین انکو تیرے لیے بخشدیتا ہون اور حساب کرنیکا
معنے یہ ہے کہ اللہ تعالی اپنے بندے کو بواعث اُسکی برائیون اور نیکیون کے بیان کیے جانے
کے اور اُسکے فائدے اور ضرر کی باتون کے ظاہر کرنے کے اُسکے اعمال کے ثواب اور عذاب
کی مقدار بتلا ویگا اور معتزلہ حساب سے منکر ہین اور اللہ تعالی نے اپنے فرمودہ سے
انکی تکذیب کی یعنے ہماری طرف ہی ہے انکا پھرآنا پھر انکا حساب لینا بھی
ہماری ہی ذمہ ہے اور اہل سنت کا یہ بھی اعتقاد ہے کہ اللہ تعالی کے لیے ایک میزان
ہے قیامت کے دن اُسمین نیکیون اور برائیون کو تولیگا اُس ترازو کے دو پلے ہین اور
ایک زبان ہے اور معتزلہ نے بمعہ مرجیہ اور خارجیون نے اسکا انکار کیا ہے اور انہون نے
میزان کے معنے مین یہ تاویل کی کہ اس سے مراد عدل ہے اعمال کا تولنا مراد نہین اور اللہ
تعالی کی کتاب اور اسکے رسول کی سنت مین انکی تکذیب موجود ہے اللہ تعالی نے فرمایا
اور ہم قیامت کے دن عدل کی ترازو رکھینگے اور کسی نفس پر کچھ بھی ظلم نہ کیا
جاویگا اور اگر اُسکا عمل ایک دانہ رائی کے برابر ہوگا تو ہم اسکو بھی لے آوینگے اور کافی
ہین ہم حساب لینے والے اور اللہ تعالی نے فرمایا پس
جو شخص کہ اُسکی تول بھاری ہوگی پس وہ زندگانی خوشی مین ہے اور جس شخص کی تول ہلکی
ہوگی پس ان اُسکی ہاویہ ہے اور عدل ہلکے یا بھاری ہونے سے موصوف نہین ہوتا لہذا میزان
کا معنے عدل لینا غلط ہے) اور وہ ترازو اللہ جل شانہ کے ہاتھ مین ہوگی کیونکہ انکے ہاتھ
کا وہی متولی ہوگا اسلیے کہ نواس بن سمعان نے روایت کی کہا کہ مینے رسول اللہ صلے
اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوے سنا کہ میزان رحمن عزوجل کے ہاتھ مین ہوگی قیامت
کے دن بعض قوموں کو بلند اور بعض کو پست کریگا اور بعض نے کہا کہ ترازو

جبرائیل علیہ السلام کے بارہ مین ہوگا اسلیے کہ حذیفہ بن یمان سے مروی ہے انہون نے کہا کہ
جبرئیل صاحب میزان ہین انکو انکار کہیگا ای جبریل تو انکے اعمال کو تول تو انمین سے
بعض کے عمل بعض سے بھاری ہونگے اور عبداللہ بن عمر سے روایت ہے انہون نے کہا رسول اللہ
صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت کے دن میزان کہی جاویگی اور ایک شخص بلایا جاویگا
اور میزان کے ایک پلے مین کہا جاویگا اور اسکے شمار شدہ عمل ایک پلے مین کہے جاوینگے
تو وہ پلہ جھک جاویگا پس اُسے اللہ دوزخ کی طرف بھیجدیگا جب اُسکی پیٹھ پھیری جاویگی
تو ناگہان رحمن کی طرف سے ایک پکارنیوالا پکاریگا کہ جلدی کرو جلدی کرو کیونکہ اُسکے
اعمال مین سے کچھ باقی رہگیا ہے پس اُسکے عمل مین سے کچھ لایا جاویگا جسمین ہوگا کہ بجز اللہ کے
کوئی معبود برحق نہیں اُسکو اُس مرد کی جگہ نیکیون کے پلے مین کہا جاویگا یہانتک کہ اسکے
عمل کے سبب میزان جھک جاویگی پس اُسے جنت کی طرف لیجانیکا حکم کیا جاویگا اور
دوسری حدیث مین نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے آپنے فرمایا قیامت کے دن ایک شخص
میزان کی طرف لایا جاویگا پھر ننانوے صحیفے لائے جاوینگے ہر ایک صحیفہ کی درازی اتنی
ہوگی جہانتک نظر پہونچ سکے ان تمام صحیفون مین اسکی برائیان ہونگی اور اسکی برائیان
اُسکی نیکیون پر بھاری ہونگی پس اسے آگ کیطرف لیجانیکا حکم کیا جاویگا جب
اُسکو اُس طرف پھیرا جاویگا تو ناگہان رحمن کیطرف سے ایک پکارنیوالا پکاریگا کہ جلدی نکرو
کیونکہ اُسکے عمل مین سے کچھ باقی رہگیا ہے پس اسکے عمل مین انگوٹھی کے سرکے برابر عمل لایا جاویگا
حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے انگوٹھی کا نصف پکڑا (اندازہ بتلایا) اُس عمل مین یہ ہوگا
اس بات کی گواہی ہے کہ بجز خدا کے کوئی معبود برحق نہین اور محمد اللہ کا رسول ہون اور وہ
عمل اسکے نیکیون کے پلے مین کہا جاویگا پس اُسکی نیکیان برائیون پر بھاری ہوجاوینگی
اور اسے جنت کی طرف لیجانے کا حکم دیا جاویگا اور دوسرے لفظ مین ہے کہ اُسکے لیے ایک کاغذ
نکالا جاویگا مثل اسکی اور آپنے اپنی انگوٹھی کی طرف اشارہ کیا اُس کاغذ مین یہ عمل ہوگا
اس بات کی گواہی ہے کہ بجز اللہ کے کوئی معبود نہین اور محمد اللہ کے رسول ہین آخر حدیث تک اور بعضون
نے کہا ہے کہ اُس دن پاسنگ جیو نیٹون اور ہائی کے برابر ہوگا نیکیان اچھی صورت
مین ہونگی اور ترازو کے پلے مین ڈالی جاوینگی اللہ کی رحمت سے نیکیون سے میزان بھاری ہوجاویگی
گی اور برائیان بری صورت مین ہونگی اور اندھیرے کے پلے مین ڈالی جاوینگی تو اللہ تعالیٰ کے عدل سے
برائیون سے میزان ہلکی ہوجاویگی اور ترازو کے بھاری ہونیکی علامت اُسکا بلند ہوجانا ہے
اور اسکے ہلکی ہونیکی علامت اسکا نیچے ہونا ہے اور یہ امور دنیا کے ترازون کے برخلاف ہے اور بعض
نے کہا کہ وہ دنیا کے ترازون کی طرح ہے اور اسکے بھاری ہونے کا سبب ایمان اور
شہادتین کا کہنا ہے اور اسکے ہلکے ہونے کا سبب اللہ عزوجل کے ساتھ شرک کرنا ہے

بِاللّٰہِ عَزَّ وَجَلَّ وَاِذَا ارْتَفَعَتْ اُدْخِلَ صَاحِبُهَا الْجَنَّةَ لِاَنَّهَا
عَالِيَةٌ وَاِذَا خَفَّتْ اُدْخِلَ صَاحِبُهَا النَّارَ الْهَاوِيَةَ لِاَنَّهَا فِي
الْجُحُوْمِ اَسْفَلُ السَّافِلِيْنَ كَمَا قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ فَاَمَّا
مَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهٗ فَهُوَ فِيْ عِيْشَةٍ رَّاضِيَةٍ اَيْ فِيْ جَنَّةٍ
عَالِيَةٍ وَّاَمَّا مَنْ خَفَّتْ مَوَازِيْنُهٗ فَاُمُّهٗ هَاوِيَةٌ اَيْ اَصْلُهٗ
وَمَاوَاهُ وَمَرْجِعُهٗ نَارٌ حَامِيَةٌ وَهِيَ هَاوِيَةٌ وَالنَّاسُ
فِيْ مَوَازِيْنِ الْاَعْمَالِ عَلٰى ثَلٰثَةِ اَضْرُبٍ مِّنْهُمْ مَّنْ تَرَجَّحَ
حَسَنَاتُهٗ عَلٰى سَيِّئَاتِهٖ فَيُؤْمَرُ بِهٖ اِلَى الْجَنَّةِ وَمِنْهُمْ مَّنْ
تَرَجَّحَ سَيِّئَاتُهٗ عَلٰى حَسَنَاتِهٖ فَيُؤْمَرُ بِهٖ اِلَى النَّارِ وَمِنْهُمْ
مَّنْ لَّا تَرَجَّحُ اِحْدٰهُمَا عَلَى الْاُخْرٰى فَهُمْ اَصْحَابُ الْاَعْرَافِ
ثُمَّ يَنَالُهُمُ اللّٰهُ بِرَحْمَةٍ اِذَا شَاءَ فَيُدْخِلُهُمُ الْجَنَّةَ فَهُوَ قَوْلُهٗ
عَزَّ وَجَلَّ وَعَلَى الْاَعْرَافِ رِجَالٌ اَلْاٰيَةَ وَالَّذِيْ يَدُلُّ
صَحَائِفُ اَعْمَالِهِمْ عَلٰى مَا ذَكَرْنَا مِنْ تِسْعَةٍ وَتِسْعِيْنَ سِجِلًّا
وَطَرِيْقُ ذٰلِكَ النَّقْلُ وَالسَّمْعُ وَاَمَّا الْمُقَرَّبُوْنَ فَيَدْخُلُوْنَ
الْجَنَّةَ بِغَيْرِ حِسَابٍ كَمَا جَاءَ فِي الْحَدِيْثِ اَنَّهٗ يَدْخُلُ
الْجَنَّةَ سَبْعُوْنَ اَلْفًا بِغَيْرِ حِسَابٍ فِيْ مَعَ كُلِّ وَاحِدٍ مِّنْهُمْ
سَبْعُوْنَ اَلْفًا بِغَيْرِ حِسَابٍ عَلٰى نَصِّ الْحَدِيْثِ الْمَشْهُوْرِ وَاَمَّا الْكَافِرُوْنَ
فَيَدْخُلُوْنَ النَّارَ بِغَيْرِ حِسَابٍ وَّمِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ مَنْ يُّحَاسَبُ
حِسَابًا يَّسِيْرًا ثُمَّ يُؤْمَرُ بِهٖ اِلَى الْجَنَّةِ عَلٰى مَا قَدَّمَ وَ
مِنْهُمْ مَّنْ يُّنَاقَشُ ثُمَّ اَمْرُهٗ اِلَى اللّٰهِ اِنْ شَاءَ اَمَرَ بِهٖ اِلَى
الْجَنَّةِ اَوْ اِلَى النَّارِ قَالَ عَزَّ وَجَلَّ فَاَمَّا مَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ
بِيَمِيْنِهٖ فَسَوْفَ يُحَاسَبُ حِسَابًا يَّسِيْرًا اَلْاٰيَةَ وَقَالَ
جَلَّ وَعَلَا وَكُلَّ اِنْسَانٍ اَلْزَمْنٰهُ طٰٓئِرَهٗ فِيْ عُنُقِهٖ وَنُخْرِجُ
لَهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ كِتٰبًا يَّلْقٰهُ مَنْشُوْرًا اِقْرَاْ كِتٰبَكَ كَفٰى
بِنَفْسِكَ الْيَوْمَ عَلَيْكَ حَسِيْبًا وَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ حَدِيْثِ عَلِيٍّ اِنَّ اللّٰهَ يُحَاسِبُ كُلَّ
الْخَلْقِ اِلَّا مَنْ اَشْرَكَ بِاللّٰهِ فَاِنَّهٗ لَا يُحَاسَبُ وَيُؤْمَرُ
بِهٖ اِلَى النَّارِ **فَصْلٌ** وَيَعْتَقِدُ اَهْلُ السُّنَّةِ اَنَّ الْجَنَّةَ

اور جب میزان بلند ہو جائے تو ایسے اعمال والا جنت مین داخل کیا جاویگا اور جب
ہلکی ہو جاوے تو ایسے اعمال والا ہاویہ دوزخ مین داخل کیا جاویگا ہاویہ کو ہاویہ اسلیے کہتے ہین
کہ وہ زمین مین سب سے نیچے ہی جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا پس جو شخص کہ اُسکی تول بھاری
ہو پس وہ زندگی خوش مین ہے یعنے بلند بہشت مین اور جو شخص کہ اُسکی تول ہلکی ہو پس
اُسکی ماں ہاویہ ہے یعنے اسکی اصل اور آرام اور پھر جانے کی جگہ آگ جلانے والی ہی اور وہ ہاویہ
ہی لوگ عملون کے تلنے مین تین قسم ہین انمین سے بعض وہ ہے جسکی نیکیان برائیون پر
غالب ہونگی پس اُسے جنت کیطرف لیجانے کا حکم دیا جاویگا اور انمین سے بعض وہ ہے
جسکی برائیان نیکیون پر غالب ہونگی پس اُسے دوزخ کی طرف لیجانے کا حکم ہوگا
اور اُن مین سے بعض وہ ہے جسکی دونون جانبون مین سے کوئی جانب بھی دوسری
جانب پر غالب نہ ہوگی وہ اصحاب اعراف ہین پھر جب اللہ تعالیٰ چاہیگا اپنی
رحمت فرماویگا اور انہین جنت مین لیجاویگا پس وہ اللہ تعالیٰ کا قول ہے اور
اعراف پر آدمی ہین الخ اور وہ چیز جو تولی جاویگی وہ اُنکے عملون کے صحیفے ہین
جیسے کہ ہمنے ننانوین صحیفون کا ذکر کیا اور اسکا طریقہ وہ ہی جو منقول
ہوا یا سُنا جائے۔ اور مقرب لوگ جنت مین بغیر حساب کے داخل ہونگے
جیسے کہ حدیث مین آیا ہے کہ جنت مین ستر ہزار بغیر حساب کے داخل ہونگے اور
اُن مین سے ہر ایک کے ساتھ ستر ہزار (اور اشخاص) ہونگے یہ حدیث مشہور مین
تصریح ہے۔ اور کافر لوگ دوزخ مین بغیر حساب کے داخل ہونگے اور مومنون
مین سے بعض ایسے ہونگے جو آسان حساب کیے جاوینگے پھر انہین
جنت کی طرف لیجانے کا حکم ہوگا جیسا کہ گذر چکا ہے اور اُنمین سے
بعض ایسے ہونگے جنکا خوب حساب ہوگا پھر اُسکا حکم اللہ کی طرف ہے
اگر چاہے تو انہین جنت مین لیجانے کا حکم دیوے چاہے تو دوزخ مین۔
اللہ تعالیٰ نے فرمایا پس جو شخص اپنا اعمال نامہ اپنے داہنے ہاتھ مین دیا گیا پس
قریب ہے کہ وہ آسان حساب کیا جاویگا آخر تک۔ اور اللہ بزرگ اور
بلند نے فرمایا اور ہر ایک انسان کا اعمالنامہ ہمنے اُسکی گردن مین لگا دیا اور
ہم اُسکو قیامت کے دن نکالینگے ایک کتاب کہ اُسے کھلا ہوا دیکھے گا (اُسکو کہا
جاویگا) کہ اپنی کتاب پڑھ آجکے دن تجھپر تیرا حساب لینے کے لیے تیری جان ہی کافی ہے
اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی حدیث مین فرمایا کہ اللہ تعالیٰ تمام خلقت کا
حساب لیگا مگر اُس شخص کا نہ لیگا جس نے اللہ کیساتھ شرک کیا اور اُسکو (بغیر حساب کے)
دوزخ کی طرف لیجانے کا حکم ہوگا **فصل** اور اہل سنت اعتقاد رکھتے ہین کہ جنت

فالنار مخلوقتان هما الدارانِ اعدهما الله تعالى جزاءً
للمثوبة والثواب لاهل الطاعة والايمان والاخرى
للعقاب والنكال لاهل المعاصي والطغيان هما
مذ خلقهما الله تعالى باقيتان لا يفنيان ابدا
وهي الجنة التي كان فيها ادم وحوا عليهما السلام وابليس لعين انتهى
ليس للعين ثم اخرج منهما القصة المشهورة و
انكر المعتزلة ذلك فالجنة لا يدخلونها ولتا
النار فلا يخرجون منها خالدون مخلدون لانكارهم
وتكذيبهم بذلك للمؤمن الموحد المطيع لله عز وجل
سبعين سنة بكبيرة واحدة وفي كتاب الله وسنة
رسول الله صلى الله عليه وسلم تكذيبهم قال الله
عز وجل وجنة عرضها السموت والارض اعدت
للمتقين وقال عز وجل اتقوا النار التي اعدت
للكافرين وما كان معدا كان موجودا يعلمه كل
عاقل فعلم انهما مخلوقتان وقال رسول الله صلى
الله عليه وسلم في حديث انس بن مالك فدخلت
الجنة فاذا انا بنهر حافتاه خيام اللؤلؤ فضربت
بيدي الى ماء نهري فاذا مسك اذفر قلت يا جبريل
ما هذا قال هذا الكوثر الذي اعطاك الله تعالى
وقال صلى الله عليه وسلم في حديث ابي هريرة
حين قيل له يا رسول الله اخبرنا عن الجنة ما
بناؤها قال عليه السلام لبنة من ذهب ولبنة
من فضة وملاطها مسك اذفر وحصاها اليا قوت
واللؤلؤ وترابها الورس والزعفران من دخلها يخلد
ولا يموت وينعم ولا يبأس ولا تخرق ثيابهم ولا
تبلى شبابهم فهذا دليل على انهما مخلوقتان
وان في الجنة آية لا يفنى كما قال الله تعالى
اكلها دائم وقال عز وجل لا مقطوعة
ولا ممنوعة فحرمها الحق واعين خلقها الله

وہ دوزخ دونون مخلوق ہین اور وہ دونون گھر ہین جن مین سے ایک کو
اللہ تعالے نے اہل طاعت اور اہل ایمان کی نعمت اور ثواب کے لیے اور
دوسرے کو گناہگارون اور سرکشون کے عذاب اور عقوبت کے لیے تیار
کیا جب سے اللہ تعالی نے انکو پیدا کیا وہ دونون باقی ہین کبھی فنا نہ ہونگی
اور یہ وہی بہشت ہے جسمین آدم اور حوا علیہما السلام اور ابلیس لعین تہا
پہر اُس سے نکالے گئے جیسے کہ مشہور قصہ ہے اور معتزلہ نے اسکا انکار کیا ہے
اور وہ جنت مین تو داخل نہ ہونگے اور دوزخ مین پس مجھے اپنی عمر کی قسم
ہے وہ اُسمین ہمیشہ ہی رہینگے کیونکہ ایک تو انہون نے اسکا انکار
کیا اور دوسرا انہون نے مومن موحد اللہ عزوجل کے تابعدار کے لیئے
اس بات کا حکم دیا کہ ایک گناہ کبیرہ کے بدلے ستر سال دوزخ مین
رہیگا حالانکہ اللہ عزوجل کی کتاب اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی حدیث
مین انکی تکذیب موجود ہے اللہ تعالی نے فرمایا اور بہشت کی طرف جسکا عرض
آسمان اور زمین ہی پرہیزگارون کے لیے تیار کی گئی ہے اور اللہ عزوجل نے
فرمایا اور ڈرو اُس آگ سے جو کافرونکے لیے تیار کی گئی ہے اور جو چیز تیار کی گئی ہے
وہ موجود ہوگی اُسے ہر ایک عاقل جانتا ہے پس معلوم ہوا کہ دونون مخلوق
ہین اور انس بن مالک کی حدیث مین رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا
مین جنت مین گیا ناگہان مین ایک نہر پر پہونچا جو جاری تہی اُسکے دونو
کنارون پر موتی کے خیمے تہے اور مینے اپنا ہاتہ پانی جاری کی طرف مارا تو ناگہان
وہ نہایت خوشبودار کستوری تہی مینے کہا اے جبریل یہ کیا ہے اُسنے کہا
یہ کوثر ہے جو اللہ تعالے نے تجھے دیا اور ابو ہریرہ کی حدیث مین حضرت
صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب آپ سے عرض کیا گیا کہ یا رسول اللہ ہمین
بہشت کی خبر دیجیے کہ اسکی بنا کیسی ہے آپنے فرمایا اسکی ایک اینٹ سونے
کی ہے اور ایک اینٹ چاندی کی ہے اور اسکا گارا کستوری خوشبودار ہے
اور اُسکے سنگریزے یاقوت اور موتی ہین اور اسکی مٹی ورس اور زعفران ہے
جو اُسمین جاویگا ہمیشہ رہیگا اور نہ مریگا اور خوش رہیگا اور تکلیف نہ پاویگا اور اُسکے
کپڑے پرانے نہ ہونگے اور اُسکی جوانی فنا نہ ہوگی پس یہ ان دونون کے مخلوق ہونے کی
دلیل ہے اور اس بات کی دلیل ہے کہ جنت کی نعمتین ہمیشہ رہینگی ختم نہ ہونگی
جیسا کہ اللہ تعالے نے فرمایا اُسکا میوہ اور سایہ ہمیشہ ہے اور اللہ عزوجل نے فرمایا
نہ کاٹا گیا اور نہ منع کیا گیا اور جنت کی نعمتون مین سے حور العین ہین اللہ تعالے نے

فِي الْجَنَّةِ لِلْبَقَاءِ لَا يَفْنَيْنَ وَلَا يَمُتْنَ كَمَا قَالَ عَزَّ وَجَلَّ
فِيهِنَّ قَاصِرَاتُ الطَّرْفِ لَمْ يَطْمِثْهُنَّ إِنْسٌ قَبْلَهُمْ وَلَا
جَانٌّ وَقَوْلُهُ تَبَارَكَ وَتَعَالَى حُورٌ مَقْصُورَاتٌ فِي الْخِيَامِ
وَرَوَتْ أُمُّ سَلَمَةَ زَوْجَةُ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
قَالَتْ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللهِ أَخْبِرْنِي عَنْ قَوْلِ اللهِ عَزَّ
وَجَلَّ كَأَمْثَالِ اللُّؤْلُؤِ الْمَكْنُونِ قَالَ صَفَاءُهُنَّ
كَصَفَاءِ الدُّرِّ فِي الْأَصْدَافِ إِلَى أَنْ قَالَ يَقُلْنَ نَحْنُ
الْخَالِدَاتُ فَلَا نَمُوتُ وَنَحْنُ النَّاعِمَاتُ فَلَا نَبْأَسُ وَنَحْنُ
الْمُقِيمَاتُ فَلَا نَظْعَنُ أَبَدًا وَنَحْنُ الرَّاضِيَاتُ فَلَا نَسْخَطُ
أَبَدًا وَهُنَّ فِي دَارِجٍ فَلَا يَقُلْنَ إِلَّا حَقًّا وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَادِقٌ وَلَا يَقُولُ إِلَّا حَقًّا فَأَخْبَرَ أَنَّهُنَّ
خَالِدَاتٌ لَا يَمُتْنَ وَرَوَى مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى
اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ لَا تُؤْذِي امْرَأَةٌ زَوْجَهَا فِي الدُّنْيَا
إِلَّا قَالَتْ زَوْجَتُهُ مِنَ الْحُورِ الْعِينِ لَا تُؤْذِيهِ قَاتَلَكِ
اللهُ فَإِنَّمَا هُوَ عِنْدَكِ دَخِيلٌ يُوشِكُ أَنْ يُفَارِقَكِ إِلَيْنَا
فَإِذَا ثَبَتَ أَنَّهُمَا لَا يَفْنَيَانِ وَمَا فِيهِمَا أَبَدًا فَلَا يَخْرُجُ
اللهُ تَعَالَى مِنَ الْجَنَّةِ أَحَدًا وَلَا يُسَلِّطُ عَلَى أَهْلِهَا الْمَوْتَ
فِيهَا وَلَا يَزُولُ عَنْهُمْ نَعِيمُهَا فَهُمْ فِي كُلِّ يَوْمٍ فِي مَزِيدٍ نَعِيمٍ
أَبَدَ الْآبَادِ وَتَمَامُ نَعِيمِهِمْ أَنَّ اللهَ يَأْمُرُ بِالْمَوْتِ فَيُذْبَحُ
عَلَى سُورٍ بَيْنَ الْجَنَّةِ وَالنَّارِ وَيُنَادِي الْمُنَادِي يَا أَهْلَ
الْجَنَّةِ خُلُودٌ وَلَا مَوْتَ عَلَى مَا وَرَدَ بِهِ الْخَبَرُ الصَّحِيحُ عَنِ النَّبِيِّ
صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ **فَصْلٌ** وَيَعْتَقِدُ أَهْلُ الْإِسْلَامِ
قَاطِبَةً أَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ بْنِ
هَاشِمٍ رَسُولُ اللهِ وَسَيِّدُ الْمُرْسَلِينَ وَخَاتَمُ النَّبِيِّينَ
وَأَنَّهُ مَبْعُوثٌ إِلَى النَّاسِ كَافَّةً وَإِلَى الْجِنِّ عَامَّةً
كَمَا قَالَ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ وَمَا أَرْسَلْنَاكَ إِلَّا كَافَّةً لِلنَّاسِ
وَمَا أَرْسَلْنَاكَ إِلَّا رَحْمَةً لِلْعَالَمِينَ وَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى
اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَدِيثِ أَبِي أُمَامَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ
فَضَّلَنِي عَلَى الْأَنْبِيَاءِ بِأَرْبَعٍ أَرْسَلَنِي إِلَى النَّاسِ كَافَّةً

جنت مین ہمیشہ رہنے کے لیے پیدا کیا نہ فنا ہونگے اور نہ مرینگے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے
فرمایا ہے ان کے ہیں بند رکھنے والیاں نظر کو نہیں نزدیک ہوا انکے انسان پہلے
اُن سے اور نہ جن اور فرمودہ اللہ تبارک و تعالیٰ کا حورین ہیں بند کی ہوئین ہیچ خیمون
کے اور حضرت ام سلمہ رضی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی بیوی نے روایت کی انہون نے
فرمایا مینے عرض کیا یا رسول اللہ مجھے اللہ تعالیٰ کے اس قول (یعنی چھپائے ہوئے
موتیون کی طرح) کا مطلب بتلائیے آپنے فرمایا انکی صفائی ایسی ہوگی جیسی
موتی کی صفائی سیپون مین ہوتی ہے یہان تک کہ آپنے فرمایا وہ کہتی ہین
ہم ہمیشہ رہنے والی ہین کبھی نہ مرینگی اور ہم خوش رہنے والی ہین تکلیف نہ
دیجاوینگی اور ہم اقامت کرنے والی ہین کبھی سفر نہ کرینگی اور ہم راضی رہنے
والی ہین کبھی خفا نہ ہونگی اور وہ سچ کے گھر مین ہین کبھی جھوٹ نہین کہتین
اور نبی صلے اللہ علیہ وسلم بھی سچے ہین سچ ہی فرماتے ہین پس آپنے خبر
دی کہ وہ ہمیشہ رہنے والی ہین مرتی نہین اور معاذ بن جبل نے نبی صلی اللہ علیہ
وسلم سے روایت کی آپنے فرمایا کوئی عورت اگر دنیا مین اپنے خاوند کو تکلیف
دیوی تو حور عین مین سے اُسکی عورت اُس عورت کو کہتی ہے کہ تجھے خدا ہلاک
کرے اسے تکلیف نہ دے کیونکہ وہ تیرے پاس مہمان ہے، قریب ہے کہ تجھ سے
جدا ہوکر ہماری طرف آجاویگا جب ثابت ہوا کہ بہشت اور دوزخ اور جو کچھ کہ
اُن مین ہے کبھی فنا نہ ہوگا پس اللہ تعالیٰ جنت سے کسی کو نہ نکالیگا اور انمین
رہنے پر موت کو مسلط نہ کریگا اور اُسکی نعمتین اُن سے دور نہ ہونگی وہ ہر روز
ہمیشہ ہی نعمتون کی زیادتی مین ہونگے اور انکی نعمتون کا پورا ہونا یہ ہے
کہ اللہ تعالےٰ موت کے ذبح کرنیکا حکم دیگا پس وہ بہشت اور دوزخ کے درمیان
ایک دیوار پر ذبح کر دیجاویگی اور پکارنیوالا پکاریگا اے جنت والو یہان ہمیشہ رہو گے
اور موت نہ آئیگی اور اے دوزخ والو یہان تمنے ہمیشہ رہنا ہے اور موت آئیگی جیسے کہ
صحیح حدیث نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے **فصل** اور تمام اہل اسلام اس بات
کا اعتقاد رکھتے ہین کہ حضرت محمد بن عبداللہ بن عبدالمطلب بن ہاشم اللہ کے
رسول ہین اور رسولون کے سردار ہین اور نبیون کی مہر ہین اور یہ کہ وہ تمام آدمیون اور
تمام جنون کی طرف بھیجے گئے ہین جیسا کہ اللہ عزوجل نے فرمایا اور نہین بھیجا
ہمنے تم کو مگر سب لوگون کے لیے اور نہین بھیجا ہمنے تمکو مگر رحمت واسطے عالمون
کے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ابی امامہ کی حدیث مین فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے دوسرے
نبیون پر مجھ کو چار باتون سے فضیلت دی ہے (اول یہ کہ) اللہ تعالیٰ نے مجھے تمام لوگون کی طرف بھیجا

وَذَكَرَ الْحَدِيثَ وَاَنَّهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُعْطِيَ مِنَ
الْمُعْجِزَاتِ مَا اُعْطِيَ غَيْرُهُ مِنَ الْاَنْبِيَاءِ وَزِيَادَةً وَقَدْ
عَدَّهَا بَعْضُ اَهْلِ الْعِلْمِ اَلْفَ مُعْجِزَةٍ مِنْهَا الْقُرْاٰنُ الْمَنْظُومُ
عَلٰى وَجْهٍ مَخْصُوصٍ مُفَارِقٍ لِجَمِيعِ اَوْزَانِ كَلَامِ الْعَرَبِ
وَنَظْمِهِ وَتَرْتِيبِهِ وَبَلَاغَتِهِ وَفَصَاحَتِهِ عَلٰى وَجْهٍ جَاوَزَ
فَصَاحَةَ كُلِّ فَصِيحٍ وَبَلَاغَةَ كُلِّ بَلِيغٍ وَعَجَزَتِ الْعَرَبُ اَنْ
يَاْتِيَ بِمِثْلِهِ وَلَا بِسُوْرَةٍ مِنْهُ كَمَا قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ
فَاْتُوا بِعَشْرِ سُوَرٍ مِثْلِهِ مُفْتَرَيَاتٍ فَلَمْ يَاْتُوا ثُمَّ قَالَ
تَعَالٰى فَاْتُوا بِسُوْرَةٍ مِنْ مِثْلِهِ فَعَجَزُوا عَنْ ذٰلِكَ مَعَ زِيَادَةِ
بَلَاغَتِهِمْ وَفَصَاحَتِهِمْ عَلٰى اَهْلِ زَمَانِهِمْ وَانْقَطَعُوا
فَظَهَرَ فَضْلُهُ عَلَيْهِمْ فَلِذٰلِكَ صَارَ الْقُرْاٰنُ مُعْجِزَةً
لَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَالْعَصَا فِي حَقِّ مُوسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ
لِاَنَّ مُوسٰى بُعِثَ فِي زَمَانِ السَّحَرَةِ الْحُذَّاقِ فِي صَنْعَتِهِمْ
فَتَلَقَّفَتْ عَصَا مُوسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ مَا سَحَرُوا بِهِ اَعْيُنَ
النَّاسِ وَخَيَّلُوهُ اِلَيْهِمْ فَغَلَبُوا هُنَالِكَ وَانْقَلَبُوا صَاغِرِينَ
وَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سُجَّدِينَ وَكَاِحْيَاءِ عِيسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ الْمَوْتٰى
وَاِبْرَاءِ الْاَكْمَهِ وَالْاَبْرَصِ لِاَنَّهُ عَلَيْهِ السَّلَامُ بُعِثَ فِي
زَمَنِ النَّاسِ فِيهِ اَطِبَّاءُ حُذَّاقٌ يُوقِفُونَ الْاَعْلَالَ وَ
الْاَسْقَامَ الَّتِي لَا تَبْرَأُ بِبَرَاعَتِهِمْ فِي حُذُوقِ الصَّنْعَةِ فَانْقَادُوا
اِلَيْهِ وَاٰمَنُوا بِهِ لِمَا وَرَّثَهُ فِي الصَّنْعَةِ عَلَيْهِمْ وَبَرَاعَتِهِ فِي الْمُعْجِزَةِ
لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَالْعَصَا وَاِحْيَاءِ الْمَوْتٰى فِي حَقِّ
مُوسٰى وَعِيسٰى عَلَيْهِمَا السَّلَامُ وَمِنْ مُعْجِزَاتِهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ
نَبْعُ الْمَاءِ مِنْ بَيْنِ اَصَابِعِهِ وَاِطْعَامُ الزَّادِ الْقَلِيلِ الْخَلْقِ الْكَثِيرَ
وَكَلَامُ الذِّرَاعِ الْمَسْمُومِ وَقَوْلُهُ تَاْكُلُ مِنِّي فَاِنِّي مَسْمُومٌ
وَانْشِقَاقُ الْقَمَرِ وَحَنِينُ الْجِذْعِ وَكَلَامُ الْبَعِيرِ وَمَجِيءُ
الشَّجَرَةِ اِلَيْهِ وَغَيْرُ ذٰلِكَ مِمَّا يَبْلُغُ اَلْفَ مُعْجِزَةٍ عَلٰى مَا
ذَكَرُوا وَاِنَّمَا لَمْ يَاْتِ لِنَبِيِّنَا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِ عَصَى
مُوسٰى وَيَدِهِ الْبَيْضَاءِ وَاِحْيَاءِ الْمَوْتٰى وَاِبْرَاءِ الْاَكْمَهِ وَ
الْاَبْرَصِ وَمِثْلِ نَاقَةِ صَالِحٍ وَالْمُعْجِزَاتِ الَّتِي كَانَتْ لِلْاَنْبِيَاءِ

اور آخر حدیث تک اُسنے بیان کیا۔ اور یہ کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو وہ تمام
معجزے بھی دیے گئے ہے جو آپکے سوا اور سے پہلے نبیون کو دیے گئے اور انکے سوا اور بھی
دیے گئے اور بعض اہل علم نے ہزار تک شمار کیے ہین اُنمین سے ایک تو قرآن مجید ہے
جو ایک خاص طریقے پر ترتیب دیا گیا ہے کلام عرب کے تمام وزنون کو جدا کرنیوالا ہے
اور اُسکی نظم اور ترتیب اور بلاغت اور فصاحت ایسے طریقے پر ہے کہ ہر ایک
فصیح کی فصاحت اور ہر ایک بلیغ کی بلاغت سے بڑھ گئی ہے اور عرب والے اُسکی
مثل پیدا کرنے سے عاجز ہو گئے ہین جیسا کہ اللہ عزوجل نے فرمایا کہ اسکی
مثل دس سورتین بنائی ہوئین لے آؤ پس وہ نہ لا سکے پھر اللہ عزوجل نے
فرمایا پس اسکی مانند ایک سورت ہی لے آؤ پس وہ اس سے بھی عاجز ہو گئے اور
ٹوٹ گئے باوجودیکہ اُنکی بلاغت اور فصاحت اپنے ہمعصر زمانے والون سے زیادہ تھی پس اُنکی
اس بزرگی اُنپر ظاہر ہو گئی اور اسلیے قرآن مجید آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے
لیے معجزہ ہو گیا جیسے کہ عصا حضرت موسی علیہ السلام کے حق مین معجزہ تھا کیونکہ
حضرت موسیٰ ایسے جادوگرون کے زمانہ مین مبعوث ہوئے تھے جو اپنے کام مین بڑے
کامل تھے اور جس چیز سے اُنہون نے لوگون کی آنکھون کی نظر بندی کی تھی اور
جو کچھ اُنکے خیال مین ڈالا تھا وہ سب کچھ حضرت موسیٰ کا عصا نگل گیا پس وہ
جادوگر وہان مغلوب ہو گئے اور ذلیل ہو کر لوٹے اور ڈالے گئے سجدہ کرتے ہوئے اور
جیسے کہ مردون کو زندہ کرنا اور مادرزاد اندھے اور کوڑھی کو اچھا کرنا حضرت عیسیٰ علیہ
السلام کا معجزہ تھا کیونکہ حضرت عیسی علیہ السلام ایسے زمانہ مین پیغمبر ہوئے تھے
جسمین بڑے حاذق طبیب تھے جو ایسی مرضون کو اوکھا ڈالتے تھے جو ایسے شخصون
سے بھی اچھی نہین ہوتی تھین جو اپنی صنعت کی مہارت مین بڑھے ہوئے تھے پس وہ
سب طبیب حضرت عیسے علیہ السلام کے فرمانبردار ہو گئے کیونکہ آپ اپنے کام مین انکے
بڑھ گئے تھے اور معجزے مین اُنسے فوقیت لیگئے تھے جو انہون نے اُنسے لیا تھا پس قرآن
مجید کا فصیح ہونا اور اُسکا عاجز کر دینا بھی صلعم کے لیے ایسا معجزہ ہے جیسے کہ عصا موسیٰ کے
حق مین مردہ کو زندہ کرنا عیسے کے حق مین معجزہ تھا اور امور مفصلہ ذیل بھی آنحضرت صلعم کے معجزات
مین سے ہین آپکی انگلیون مین سے پانی کا بہوٹنا اور تھوڑا سا توشہ بہت سی خلقت کو کہلانا اور بکری کے
زہر آلودہ ران کا کلام کرنا اور اُسکا کہنا کہ مجھے نہ کھاؤ کیونکہ مین زہر آلودہ ہون اور چاند کا پھٹنا
اور درخت خرما کے ستون کا رونا اور اونٹ کا کلام کرنا اور آپکی طرف درخت کا چلکر آنا اور سوائے انکے
اور معجزات جنکی تعداد ہزار تک ہے جیسا کہ ذکر کیا گیا ہے اور حضرت صلعم مفصلہ ذیل معجزے ظاہر نہین کیے مثلاً حضرت
موسیٰ کا عصا اور انکا سفید ہاتھ اور مردون کا زندہ کرنا اور مادرزاد اندھے اور کوڑھی کو اچھا کرنا اور جیسے کہ حضرت

الْأَمْرَيْنِ أَحَدِهِمَا لِئَلَّا يُكَذِّبَ لَهَا أُمَّةٌ فَيَهْلِكُوا كَمَا
هَلَكَتِ الْأُمَمُ قَبْلَهُمْ كَمَا قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى وَمَا مَنَعَنَا أَنْ
نُرْسِلَ بِالْآيَاتِ إِلَّا أَنْ كَذَّبَ بِهَا الْأَوَّلُونَ وَالثَّانِي لَوْ
جَاءَ بِمِثْلِ مَا جَاءَ بِهِ الْأَوَّلُونَ لَقَالُوا لَهُ مَا جِئْتَ بِغَرِيبٍ وَ
قَدْ نَقَلْتَ مِنْ مُوسٰى وَعِيسٰى فَأَنْتَ مِنْ أَتْبَاعِهِمْ لَا تُؤْمِنُ
لَكَ حَتّٰى تَأْتِيَنَا بِمَا لَمْ يَأْتِ بِهِ الْأَوَّلُونَ وَلِهٰذَا لَمْ يُؤْتِ
اللّٰهُ سُبْحَانَهُ نَبِيًّا مِنْ أَنْبِيَائِهِ مُعْجِزَةَ غَيْرِهِ بَلْ خَصَّ كُلَّ
نَبِيٍّ بِمُعْجِزَةٍ غَيْرِ مُعْجِزَةِ مَنْ كَانَ قَبْلَهُ **فَصْلٌ** وَ
يَعْتَقِدُ أَهْلُ السُّنَّةِ أَنَّ أُمَّةَ مُحَمَّدٍ عَلَيْهِ السَّلَامُ خَيْرُ
الْأُمَمِ أَجْمَعِينَ وَأَفْضَلُهُمْ أَهْلُ الْقَرْنِ الَّذِينَ شَاهَدُوهُ
وَآمَنُوا بِهِ وَصَحِبُوهُ وَبَايَعُوهُ وَتَابَعُوهُ وَقَاتَلُوا بَيْنَ
يَدَيْهِ وَفَدَوْهُ بِأَنْفُسِهِمْ وَأَمْوَالِهِمْ وَعَزَّرُوهُ وَنَصَرُوهُ
وَأَفْضَلُ أَهْلِ الْقَرْنِ أَهْلُ الْحُدَيْبِيَةِ الَّذِينَ بَايَعُوهُ
بَيْعَةَ الرِّضْوَانِ فَهُمْ أَلْفٌ وَأَرْبَعُ مِائَةِ رَجُلٍ وَهُمْ
أَهْلُ بَدْرٍ وَهُمْ ثَلٰثُ مِائَةٍ وَثَلَاثَةَ عَشَرَ رَجُلًا عَدَدَ
أَصْحَابِ طَالُوتَ وَأَفْضَلُهُمُ الْأَرْبَعُونَ أَهْلُ دَارِ الْخَيْزُرَانِ الَّذِينَ
أَسْلَمُوا بِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ وَأَفْضَلُهُمُ الْعَشَرَةُ الَّذِينَ شَهِدَ لَهُمُ
النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْجَنَّةِ وَهُمْ أَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ وَعُثْمَانُ
وَعَلِيٌّ وَطَلْحَةُ وَالزُّبَيْرُ وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ وَسَعْدٌ وَ
أَبُو عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ وَأَفْضَلُ هٰؤُلَاءِ الْعَشَرَةِ الْأَبْرَارِ الْخُلَفَاءُ
الرَّاشِدُونَ الْأَرْبَعَةُ الْأَخْيَارُ وَأَفْضَلُ الْأَرْبَعَةِ أَبُو بَكْرٍ ثُمَّ
عُمَرُ ثُمَّ عُثْمَانُ ثُمَّ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمْ وَلِهٰؤُلَاءِ
الْأَرْبَعَةِ الْخِلَافَةُ بَعْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلٰثُونَ
سَنَةً وَلِيَ مِنْهَا أَبُو بَكْرٍ سَنَتَيْنِ وَشَيْئًا وَعُمَرُ عَشْرًا وَعُثْمَانُ
اثْنَيْ عَشَرَ وَعَلِيٌّ سِتًّا ثُمَّ وَلِيَهَا مُعَاوِيَةُ تِسْعَ عَشَرَةَ سَنَةً
وَكَانَ قَبْلَ ذٰلِكَ وَلَّاهُ عُمَرُ الْإِمَارَةَ عَلٰى أَهْلِ الشَّامِ عِشْرِينَ
سَنَةً وَخِلَافَةُ الْأَئِمَّةِ الْأَرْبَعَةِ كَانَتْ بِاخْتِيَارِ الصَّحَابَةِ
وَالْتِفَاقِهِمْ وَرِضَاهُمْ وَلِفَضْلِ كُلِّ وَاحِدٍ مِنْهُمْ فِي عَصْرِهِ وَ
رِضَاهُ عَلٰى مَنْ سِوَاهُ مِنَ الصَّحَابَةِ وَلَمْ تَكُنْ بِالسَّيْفِ وَ

دو وجہین ہین ایک یہ کہ اگر ظاہر کیے جاوین اور لوگ انکی تکذیب کرین تو یہ امت بھی سابقہ امتون کی طرح ہلاک ہو۔ جیسے کہ اللہ تعالے نے فرمایا کہ ہمکو نشانیان بھیجنے سے بجز اسبات کے کسی نے نہین روکا کہ اگلون نے نشانیون کی پہلون نے تکذیب کی اور دوسری وجہ یہ ہے کہ اگر آپ نے ہی معجزے ظاہر کیے جو پہلے نبیون نے ظاہر کیے تھے تو لوگ کہتے کہ کوئی عجیب اور نادر چیز نہین لایا بلکہ تو موسے اور عیسے علیہما السلام کے سیکھے ہین پس تو انکے تابعدارون مین سے ہے اسلیے ہم تجھپر اسوقت تک ایمان نہین لاتے جبتک تو کوئی ایسا امر ظاہر نہ کرے جو پہلے نبیون نے نہ کیا ہو اور اسی مصلحت کی وجہ سے اللہ تعالے نے اپنے نبیون مین سے کسی نبی کو دوسرے نبی کا معجزہ نہین دیا بلکہ ہر ایک نبی کو ایسے معجزے سے مخصوص کیا جو اس سے پہلے نبی کے معجزے سے متفاوت تھا **فصل** اور اہل سنت اس بات کا بھی اعتقاد رکھتے ہین کہ محمد صلعم کی امت سب امتون سے بہتر ہے اور انمین سے بہتر اُن لوگ ہین جنہون نے حضرت صلعم کو دیکھا اور آپ پر ایمان لائے اور آپ کو سچا جانا اور آپ کی بیعت کی اور آپکی پیروی کی اور آپکے ساتھ لڑے اور آپکے اوپر اپنی جانین اور مال قربان کر دیے اور آپکی عزت اور مدد کی اور اُس قرن والون مین سے بہتر وہ لوگ ہین جنہون نے آپ سے بیعت رضوان کی اور وہ ہزار اور چار سو مرد ہین اور اُنسے افضل بدر والے ہین اور وہ تین سو تیران آدمی یعنے اصحاب طالوت کے مساوی ہین اور انمین سے افضل چالیس آدمی دار خیزران والے ہین جو حضرت عمر بن خطاب کے ساتھ پورے ہوے اور انمین سے افضل دس آدمی ہین جنکے لیے حضرت صلعم نے جنت کی شہادت دی اور وہ ابو بکر اور عمر اور عثمان اور علی اور طلحہ اور زبیر اور عبد الرحمن بن عوف اور سعد اور سعید اور ابو عبیدہ بن جراح ہین اور ان دس مین سے بہتر اُن چار کے افضل چار ون پسندیدہ خلفاء راشدین ہین اور ان چارون مین سے افضل ابو بکر رضہ ہین پھر عمر رضہ پھر عثمان رضہ پھر علی رضی اللہ تعالے عنہم ہین اور نبی صلعم کے بعد ان چارون کے لیے تیس برس خلافت رہی تیس برس مین سے دو برس اور کچھ زیادہ حضرت ابو بکر رضہ امیر رہے اور حضرت عمر رضہ دس برس اور حضرت عثمان بارہ برس اور حضرت علی رضہ چھ برس امیر رہے پھر حضرت معاویہ انیس برس امیر رہے اور پہلے اسکے حضرت عمر رضہ نے معاویہ رضہ کو اہل شام کی حکومت پر بیس برس تک امیر کیا تھا اور چارون امامون کی خلافت صحابہ رضہ کے پسند کرنے اور انکے اتفاق اور رضامندی سے ہوئی اور اس لیے بھی کہ اُنمین سے ہر ایک اپنے عصر اور زمانہ مین دوسرے اصحاب سے بزرگ تھا اور وہ خلافت تلوار اور

القهر والغلبة والاحق من هو افضل منه وانا كخليفة
ابو بكر الصديق رضوان الله عليه وسلامه وبركاته
فيا ثلاثي المهاجرين والانصار كانت وذلك لما توفي
رسول الله صلى الله عليه وسلم فقامت خطباء الانصار
فقالوا منا امير ومنكم امير فقام عمر بن الخطاب فقال
يا معشر الانصار الستم تعلمون ان النبي صلى الله عليه و
سلم امر ابا بكر ان يؤم الناس قالوا بلى قال فايكم
تطيب نفسه ان يتقدم ابا بكر قالوا معاذ الله ان نتقدم
ابا بكر في لفظ قال عمر فايكم تطيب نفسه ان يزيله عن
مقام اقامه فيه رسول الله صلى الله عليه فقالوا كلهم
كلنا لا يطيب نفسا فنستغفر الله فالتفت المهاجرون
فبايعوه باجمعهم وقدموه على والزبير وفي لفظ اهل في
النقل الصحيح لما بويع ابو بكر والوقت ضيق دم قام ثلثا
يقبل على الناس يقول ايها الناس اقلكم بيعتي عمر
من كاره فيقوم علي دم في وائل الناس فيقول لا اقيلك
ولا نستقيلك ابدا اقدمك رسول الله صلى الله عليه
وسلم فمن ذا يؤخرك وبلغنا عن الثقات ان عليا
كان احد الصحابة فلم يكن في امامة ابي بكر رضه وروي
انه بعد ان دخل الدار دخل علي علي بعد قتال الجمل
سأله هل عهد اليك رسول الله صلى الله عليه وسلم في
هذا الامر شيئا فقال نظرنا في امرنا فاذا الصلوة عند
الاسلام فرضيناها لدنيانا بما وفق الله ورسوله لديننا
فولينا الامر ابا بكر وذلك ان النبي صلى الله عليه وسلم
استخلف ابا بكر الصديق في اقامة الصلوة الفروضة
ايام مرضه فكان يأتيه بلال وقت كل صلوة فيؤذنه
بالصلوة فيقول عليه السلام مروا ابا بكر فليصل
بالناس وكان النبي صلى الله عليه وسلم يتكلم في شان
ابي بكر رض في حال صحته بما يبين للصحابة انه احق بذلك
بالخلافة بعده وذلك في حق عمر وعثمان وان كلا حين

ذریعہ اور غلبہ سے نہ ہو اور نہ اسطرح کہ کسی افضل سے چھین لی ہو لیکن حضرت ابو بکر صدیق
اسکی اپنی رضامندی اور سلام اور برکتین ہون) کی خلافت مہاجرین اور انصار کے اتفاق
سے ہوئی اور اسکا واقعہ یہ ہے کہ جب رسول اللہ صلعم نے وفات پائی تو انصار کے خطیب کھڑے ہوئے
اور کہنے لگے کہ ایک امیر ہم میں سے ہو اور ایک امیر تم میں سے ہو پس حضرت عمر بن خطاب متکلم
ہوئے اور کہنے لگے کہ اے انصار کے گروہ کیا تم نہین جانتے کہ نبی صلعم نے ابو بکر رض کو لوگون
کی امامت کرنیکا حکم دیا تھا انہون نے کہا ہان حضرت عمر نے کہا پس تم مین سے کون ہے
جسکا نفس ابو بکر رض کے آگے ہونیکو پسند کرتا ہے انہون نے کہا اللہ کی پناہ ہے اس سے کہ ہم ابو بکر رض کے
آگے ہون اور ایک اور لفظون مین یون ہے کہ تم مین سے کون ہے جسکا نفس اس بات کو پسند
کرتا ہے کہ ابو بکر رض کو اس مقام سے ہٹا دے جسمین اسے رسول اللہ صلعم نے کھڑا کیا تھا
ان سب نے کہا کہ ہم سب کے نفس اس امر کو پسند نہین کرتے ہم اللہ کی بخشش
مانگتے ہین پس انصار بھی مہاجرین کے ساتھ متفق ہو گئے اور سب نے حضرت ابو بکر رض
کی بیعت کر لی اور انمین حضرت علی اور حضرت زبیر بھی تھے اور اسی لیے نقل صحیح مین
کہا گیا ہے کہ جب حضرت ابو بکر رض کی بیعت کی گئی تو آپ تین دن کھڑے لوگون کی طرف
متوجہ ہو کر کہتے تھے کہ اے لوگو مین اپنی بیعت کو پھیرتا ہون کیا کوئی شخص میری
بیعت کو ناپسند کرتا ہے پس حضرت علی رض لوگون سے اٹھکے کہتے تھے کہ ہم
ہم تیری بیعت کو نہین چھیڑتے اور نہ کبھی چھیڑنا چاہتے ہین جب رسول اللہ صلعم
نے آپ کو آگے کیا تو آپ کو پیچھے کرنیوالا کون ہے اور ہمین بعد دیون کے
خبر پہنچی کہ حضرت علی رض حضرت ابو بکر رض کی امامت کے بارے مین بات چیت کرنیمین
سب صحابیون کو سخت ناخوش ہوئی اور وہ عبد اللہ بن کواء جمل کی لڑائی مین
حضرت علی رض کے پاس گئے اور انہون نے پوچھا کہ یا رسول اللہ صلعم نے خلافت کی بابت آپ سے
کچھ عہد کیا تھا حضرت علی رض نے کہا ہمنے اپنے معاملہ مین غور کیا تو دیکھا کہ نماز اسلام
کا بازو ہے پس ہم اپنی دنیا کے لیے بھی اسی چیز پر راضی ہو گئے جسکو اللہ اور اسکے
رسول نے ہمارے دین کے لیے پسند کیا پس ہمنے اپنے امر کا ابو بکر کو امیر کیا اور یہ اسطرح ہے
کہ نبی صلعم نے اپنی بیماری کے دنون مین ابو بکر صدیق کو نماز فرض کے قائم (یعنی امامت کے)
کرنیکا خلیفہ کیا اور ہر نماز کے وقت بلال رض حضرت صلعم کے پاس آتا تھا اور آپکو نماز کی
خبر دیتا تھا اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے کہ ابو بکر رض کو کہو کہ لوگون کو نماز پڑھا دے اور نبی
صلعم اپنی زندگی کی حالت مین ہی حضرت ابو بکر رض کو حقین ایسی باتین
کرتے تھے جس سے صحابہ کے لیے ظاہر ہوتا تھا کہ آپکے بعد ابو بکر رض سب لوگون سے خلافت کے زیادہ
لائق ہین اور اسی طرح حضرت عمر رض اور عثمان رض کے حق مین بھی کہا ان مین سے ہر ایک

مِنْهُمْ اَحَقُّ بِالْاَمْرِ فِیْ عَصْرِہٖ وَزَمَانِہٖ مِنْ ذٰلِكَ مَارَوَی ابْنُ بَطَّۃَ بِاِسْنَادِہٖ عَنْ عَلِیٍّ اَنَّہٗ قَالَ قِیْلَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ نُوَمِّرُ بَعْدَكَ قَالَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنْ تُؤَمِّرُوْا اَبَابَكْرٍ تَجِدُوْہُ اَمِیْنًا زَاھِدًا فِی الدُّنْیَا رَاغِبًا فِی الْاٰخِرَۃِ وَاِنْ تُؤَمِّرُوْا عُمَرَ تَجِدُوْہُ قَوِیًّا اَمِیْنًا لَایَخَافُ فِی اللّٰہِ لَوْمَۃَ لَائِمٍ وَاِنْ تُؤَمِّرُوْا عَلِیًّا تَجِدُوْہُ ھَادِیًا مَّھْدِیًّا فَلِذٰلِكَ اَجْمَعُوْا عَلٰی خِلَافَۃِ اَبِیْ بَكْرٍ وَقَدْ رُوِیَ عَنْ اِمَامِنَا اَبِیْ عَبْدِ اللّٰہِ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ رِوَایَۃٌ اُخْرٰی اَنَّ خِلَافَۃَ اَبِیْ بَكْرٍ ثَبَتَتْ بِالنَّصِّ الْجَلِیِّ وَالْاِشَارَۃِ وَھُوَ مَذْھَبُ الْحَسَنِ الْبَصْرِیِّ وَجَمَاعَۃٍ مِّنْ اَصْحَابِ الْحَدِیْثِ وَجْہُ ھٰذِہِ الرِّوَایَۃِ مَارَوَی اَبُوْ ھُرَیْرَۃَ رض عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنَّہٗ قَالَ لَمَّا عُرِجَ بِیْ اِلَی السَّمَآءِ سَاَلْتُ رَبِّیْ عَزَّ وَجَلَّ اَنْ یَّجْعَلَ الْخَلِیْفَۃَ مِنْ بَعْدِیْ عَلِیَّ بْنَ اَبِیْ طَالِبٍ رض فَقَالَتِ الْمَلٰٓئِكَۃُ یَا مُحَمَّدُ اِنَّ اللّٰہَ یَفْعَلُ مَا یَشَآءُ اَلْخَلِیْفَۃُ مِنْ بَعْدِكَ اَبُوْ بَكْرٍ وَقَالَ عَلَیْہِ السَّلَامُ فِیْ حَدِیْثِ ابْنِ عُمَرَ اَلَّذِیْ بَعْدِیْ اَبُوْ بَكْرٍ لَایَلْبَثُ بَعْدِیْ اِلَّا قَلِیْلًا وَعَنْ مُّجَاھِدٍ قَالَ قَالَ لِیْ عَلِیُّ ابْنُ اَبِیْ طَالِبٍ مَّا خَرَجَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مِنْ دَارِ الدُّنْیَا حَتّٰی عَھِدَ اِلَیَّ اَنَّ اَبَا بَكْرٍ یَلِیْ مِنْ بَعْدِیْ ثُمَّ عُمَرُ ثُمَّ عُثْمَانُ .. بَعْدَہٗ ثُمَّ عَلِیٌّ ثُمَّ مَنْ بَعْدِہٖ وَاَمَّا خِلَافَۃُ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ فَاِنَّمَا كَانَتْ بِاِخْتِیَارِ اَبِیْ بَكْرٍ فَالْتَقَتِ الصَّحَابَۃُ اِلٰی بَیْعَتِہٖ وَسَمَّوْہُ اَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ فَقَالَ عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ عَبَّاسٍ رض قَالُوْا لِاَبِیْ بَكْرٍ رض مَا تَقُوْلُ لِرَبِّكَ غَدًا اِذَا لَقِیْتَہٗ وَقَدِ اسْتَخْلَفْتَ عَلَیْنَا عُمَرَ وَقَدْ عَرَفْتَ فَظَاظَتَہٗ قَالَ اَقُوْلُ اسْتَخْلَفْتَ عَلَیْھِمْ خَیْرَ اَھْلِكَ وَاَمَّا خِلَافَۃُ عُثْمَانَ ابْنِ عَفَّانَ فَكَانَتْ اَیْضًا عَنِ اتِّفَاقِ الصَّحَابَۃِ وَذٰلِكَ اَنَّ عُمَرَ اَخْرَجَ اَوْلَادَہٗ عَنِ الْخِلَافَۃِ وَجَعَلَھَا شُوْرٰی بَیْنَ سِتَّۃِ نَفَرٍ وَھُمْ طَلْحَۃُ وَالزُّبَیْرُ وَسَعْدُ بْنُ اَبِیْ وَقَّاصٍ وَعُثْمَانُ وَعَلِیٌّ وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ ابْنُ عَوْفٍ فَاَخْرَجَ طَلْحَۃَ وَالزُّبَیْرَ وَاسْتَعْفَی نَفْسَھُمْ

اپنے عصر اور زمانہ میں خلافت کے لیئے زیادہ لائق ہے اور انہیں چار میں سے وہ روایت بھی جو ابن بطہ نے اپنی اسناد سے حضرت علی رض سے روایت کی انہوں نے کہا عرض کیا گیا یا رسول اللہ آپکے بعد ہم کسکو امیر بناوین حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر تم ابوبکر رض کو امیر بناؤ گے تو اُسے امین دنیا کو ترک کرنیوالا آخرت کی رغبت کرنیوالا پاؤ گے اور اگر تم عمر رض کو امیر بناؤ گے تو اُسے قوی امانتدار پاؤ گے جو ملامت کرنیوالے کی ملامت سے اللہ کے رستے میں نہیں ڈرتا اور اگر تم علی رض کو امیر بناؤ گے تو اُسے ہدایت کرنیوالا ہدایت کیا گیا پاؤ گے پس اسیواسطے ابوبکر رض کی خلافت پر سب متفق ہوئے اور امام ابوعبداللہ احمد بن حنبل سے ایک اور روایت بھی مروی ہے کہ ابوبکر رض کی خلافت نص جلی اور اشارہ سے ثابت ہوئی ہے اور حسن بصری اور اصحاب حدیث میں سے ایک جماعت کا یہی مذہب ہے اس روایت کی دلیل وہ ہے جو ابوہریرہ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی آپنے فرمایا جب مجھے آسمان کی طرف معراج ہوا تو میں نے اپنے اللہ عزوجل سے سوال کیا کہ میرے بعد علی بن ابی طالب کو خلیفہ بنادے تو فرشتوں نے کہا کہ اے محمد اللہ جو چاہتا ہے کرتا ہے آپکے بعد ابوبکر رض خلیفہ ہونگے اور ابن عمر رض کی حدیث میں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وہ شخص جو میرے بعد ابوبکر رض سے تھوڑی ہی مدت خلیفہ رہیگا اور مجاہد سے روایت ہے اُسنے کہا مجھ سے حضرت علی بن ابی طالب نے کہا کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم دنیا سے تشریف نہیں لے گئے یہان تک کہ آپنے مجھ سے عہد کیا کہ ابوبکر میرے بعد امیر ہوگا پھر عمر رض پھر عثمان رض پھر اسکے بعد علی رض اور حضرت عمر بن خطاب رض کی خلافت حضرت ابوبکر رض کے خلیفہ بنانے سے تھی پس صحابہ رض نے انکی بیعت کی تا بعد ازیں اور انکا نام امیر المؤمنین رکھا۔ عبداللہ بن عباس رض نے کہا صحابہ رض نے حضرت ابوبکر رض سے کہا کل جب تو اپنے رب سے ملے گا تو کیا جواب دیگا کیونکہ آپنے ہمپر عمر رض کو خلیفہ بنا دیا اور آپ اسکی طبیعت کی سختی کو بھی جانتے ہو حضرت ابوبکر رض نے کہا میں کہونگا (یا اللہ) میں نے تیری مخلوق میں سے بہتر شخص کو اُنپر خلیفہ بنایا اور حضرت عثمان کی خلافت بھی صحابہ رض کے اتفاق سے تھی اور یہ اس طرح ہے کہ حضرت عمر رض نے اپنی اولاد کو خلافت سے نکالدیا اور اُسکا چھ شخصوں کے درمیان مشورہ مقرر کر دیا اور وہ طلحہ اور زبیر اور سعد بن ابی وقاص اور عثمان رض اور علی رض اور عبدالرحمن بن عوف رضے اللہ عنہم تھے حضرت طلحہ رض اور زبیر رض اور سعد نے تو اپنے نفسوں کو اس سے نکال لیا

مِنْهَا فَبَقِيَتْ بَيْنَ عَلِيٍّ وَعُثْمَانَ وَعَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ
فَقَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ لِعَلِيٍّ
وَعُثْمَانَ اَنَا اخْتَارُ اَحَدَكُمَا لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ
فَاَخَذَ بِيَدِ عَلِيٍّ فَقَالَ يَا عَلِيُّ عَلَيْكَ عَهْدُ اللّٰهِ وَمِيْثَاقُهٗ
وَذِمَّتُهٗ وَذِمَّةُ رَسُوْلِهٖ اِذَا اَنَا بَايَعْتُكَ لَتَشْخَصَنَّ لِلّٰهِ
لِلّٰهِ وَلِرَسُوْلِهٖ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَلَتَسِيْرَنَّ بِسِيْرَةِ رَسُوْلِهٖ
وَاَبِيْ بَكْرٍ وَعُمَرَ فَخَافَ عَلِيٌّ اَنْ لَا يَقْوٰى عَلٰى مَا قَوَّاهُ عَلَيْهِ
فَلَمْ يُجِبْهُ ثُمَّ اَخَذَ بِيَدِ عُثْمَانَ فَقَالَ لَهٗ مِثْلَ مَا قَالَ
لِعَلِيٍّ فَاَجَابَهٗ عُثْمَانُ عَلٰى ذٰلِكَ فَمَسَحَ يَدَ عُثْمَانَ فَبَايَعَهٗ
وَبَايَعَ عَلِيٌّ رض ثُمَّ بَايَعَ النَّاسُ اَجْمَعُ فَصَارَ عُثْمَانُ بْنُ
عَفَّانَ خَلِيْفَةً بَيْنَ النَّاسِ بِاتِّفَاقِ الْكُلِّ فَكَانَ اِمَامًا
حَقًّا اِلٰى اَنْ مَاتَ وَلَمْ يُوْجَدْ فِيْ اَمْرِهٖ مَا يُوْجِبُ الطَّعْنَ
فِيْهِ وَلَا فِسْقًا وَلَا قَتْلًا خِلَافَ مَا قَالَتِ الرَّوَافِضُ
نَبَّاهُمُ اللّٰهُ وَاَمَّا خِلَافَةُ عَلِيٍّ فَكَانَتْ عَنِ اتِّفَاقٍ اَجْمَعَ
وَاِجْمَاعِ الصَّحَابَةِ لِمَا رَوٰى اَبُوْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنُ بَطَّةَ عَنْ
مُحَمَّدِ بْنِ الْحَنَفِيَّةِ قَالَ كُنْتُ مَعَ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ فِيْ عُثْمَانَ
بْنِ عَفَّانَ رض مَحْصُوْرٌ فَاَتَاهُ رَجُلٌ فَقَالَ اِنَّ اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ
مَقْتُوْلٌ لِلْمَعْرَكَةِ فَقَامَ عَلِيٌّ رض فَاَخَذَتْ بِوَسْطِهٖ نَحْوِيْ فَاَخَذَ
عَلَيْهِ فَقَالَ خَلِّ لَا اُمَّ لَكَ قَالَ فَاَتٰى عَلِيٌّ الدَّارَ وَقَدْ
قُتِلَ عُثْمَانُ فَاَتٰى دَارَهٗ وَدَخَلَهَا فَاَغْلَقَ بَابَهٗ فَاَتَاهُ
النَّاسُ فَضَرَبُوْا عَلَيْهِ الْبَابَ فَدَخَلُوْا عَلَيْهِ فَقَالُوْا اِنَّ
عُثْمَانَ قَدْ قُتِلَ وَلَا بُدَّ لِلنَّاسِ مِنْ خَلِيْفَةٍ وَلَا نَعْلَمُ
اَحَدًا اَحَقَّ بِهَا مِنْكَ فَقَالَ لَهُمْ عَلِيٌّ لَا تُرِيْدُوْنَنِيْ
فَاِنِّيْ لَكُمْ وَزِيْرٌ خَيْرٌ مِّنْ اَمِيْرٍ قَالُوْا وَاللّٰهِ لَا نَعْلَمُ اَحَدًا
اَحَقَّ بِهَا مِنْكَ قَالَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَاِنْ اَبَيْتُمْ عَلَيَّ
فَاِنَّ بَيْعَتِيْ لَا تَكُوْنُ سِرًّا وَلٰكِنْ اَخْرُجُ اِلَى الْمَسْجِدِ فَمَنْ
شَاءَ اَنْ يُّبَايِعَنِيْ بَايَعَنِيْ قَالَ فَخَرَجَ رض اِلَى الْمَسْجِدِ فَبَايَعَهُ
النَّاسُ فَكَانَ اِمَامًا حَقًّا اِلٰى اَنْ قُتِلَ خِلَافَ مَا قَالَتِ
الْخَوَارِجُ اَنَّهٗ لَمْ يَكُنْ اِمَامًا فَنَبَّاهُمُ اللّٰهُ وَاَمَّا قِتَالُهٗ

اور حضرت علیؓ اور عثمانؓ اور عبدالله بن عوف کو درمیان خلافت رہگئی
پس عبدالرحمنؓ نے کہا میں تم دونوں میں سے ایک کو الله اور اسکے رسول اور مومنوں
کے لیے پسند کرتا ہوں پس انہوں نے حضرت علیؓ کا ہاتھ پکڑ لیا اور کہا اے علی تجھ پر
کا عہد اور اسکا وعدہ اور ذمہ اور اسکے رسول کا ذمہ ہے جب میں آپ کی بیعت کروں
تو آپ کو الله اور اسکے رسول اور مومنوں کی خیر خواہی ضرور کرنی ہوگی اور اسکے
رسول کے طریقہ پر اور ابوبکرؓ اور عمرؓ کے طریقے پر چلنا ہوگا پس حضرت علیؓ
اس امر سے ڈر گئے کہ شاید میں اسقدر قوی نہ ہوں جسقدر وہ اس امر پر قوی تھے
اسلیے انہوں نے کچھ جواب نہ دیا پھر عبدالرحمنؓ نے حضرت عثمانؓ کا ہاتھ پکڑا اور
جو کچھ حضرت علیؓ سے کہا تھا انکو بھی وہی کہا تو حضرت عثمانؓ نے انکی اس بات
کو قبول کر لیا پس حضرت عبدالرحمنؓ نے حضرت عثمانؓ کے ہاتھ کو پکڑا اور انکی بیعت کر لی
پھر سب لوگوں نے بیعت کر لی پس حضرت عثمان بن عفان کے اتفاق سے لوگوں میں
خلیفہ ہو گئے اور وہ امام برحق تھے یہانتک کہ فوت ہو گئے اور انمیں کوئی امر ایسا نہ پایا
گیا جو انمیں کسی قسم کے طعن کو یا انکے فسق یا قتل کو واجب کرے برخلاف
اسکے جو رافضیوں نے کہا انکو بلا کرے اور حضرت علیؓ کی خلافت ایک جماعت کے اتفاق
سے اور اجماع صحابہ سے تھی جیسا کہ ابو عبدالله بن بطہ نے محمد بن حنفیہ سے روایت کیا انہوں نے
کہا میں حضرت علیؓ بن ابوطالب کے ساتھ تھا اور حضرت عثمان بن عفان نبد
کیے گئے تھے پس حضرت علیؓ کے پاس ایک شخص آیا اور کہنے لگا کہ امیر المومنین رض
اسوقت قتل کیے جاتے ہیں تو حضرت علیؓ اٹھ کھڑے ہوئے چونکہ میں آپکو تکلیف
پہونچنے کا خوف ہوا لہذا میں نے آپ کی کمر پکڑ لی پس کہنے لگے مجھے چھوڑ دے تیری ماں نہ ہو
محمد بن حنفیہ نے کہا کہ حضرت علیؓ حضرت عثمانؓ کے گھر کو آئے مگر حضرت عثمانؓ قتل
ہو چکے تھے پس اپنے گھر کو آئے اور داخل ہوئے اور دروازہ بند کر دیا پس انکے پاس لوگ
آئے اور دروازہ توڑ دیا اور انکے پاس اندر گئے اور کہنے لگے کہ عثمانؓ قتل ہو چکے ہیں اور
لوگوں کے لیے کوئی خلیفہ ضرور ہونا چاہیے اور خلافت کے لیے ہم کسی کو تجھ سے زیادہ
لائق نہیں سمجھتے پس علیؓ نے کہا تم میرے لیے اس کا ارادہ نہ کرو کیونکہ میں تمہارے لیے
وزیر ہوں جو امیر سے بہتر ہے انہوں نے کہا خدا کی قسم ہم خلافت کے لیے کسی کو تم سے زیادہ
لائق نہیں سمجھتے حضرت علیؓ نے کہا اگر تم لوگ میری بات نہیں مانتے تو میری بیعت
پوشیدہ نہ ہوگی لیکن مسجد میں جاتا ہوں اور جو شخص میری بیعت کرنا چاہے کرے محمد بن
حنفیہ نے کہا حضرت علیؓ مسجد میں گئے تو لوگوں نے انکی بیعت کی پس وہ امام برحق تھے یہانتک کہ
قتل کیے گئے برخلاف اسکے جو خارجیوں نے کہا کہ وہ ہرگز امام نہ تھے خارجیوں کے لیے ہلاکی ہو اور حضرت علیؓ کی

بِطَلْحَةَ وَالزُّبَيْرِ وَعَائِشَةَ وَمُعَاوِيَةَ فَقَدْ نَصَّ الْإِمَامُ أَحْمَدُ
رَحِمَهُ اللّٰهُ عَلَى الْإِمْسَاكِ عَنْ ذٰلِكَ وَجَمِيعِ مَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ مِنْ
مُنَازَعَةٍ وَمُنَافَرَةٍ وَخُصُومَةٍ لِأَنَّ اللّٰهَ تَعَالَى يُزِيلُ ذٰلِكَ
مِنْ بَيْنِهِمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ كَمَا قَالَ عَزَّ وَجَلَّ وَنَزَعْنَا مَا فِي صُدُورِهِمْ
مِنْ غِلٍّ إِخْوَانًا عَلَىٰ سُرُرٍ مُتَقٰبِلِينَ وَلِأَنَّ عَلِيًّا كَانَ عَلَى
الْحَقِّ فِي قِتَالِهِمْ لِأَنَّهُ كَانَ يَعْتَقِدُ صِحَّةَ إِمَامَتِهِ عَلَى مَا
بَيَّنَّا مِنِ اتِّفَاقِ أَهْلِ الْحَلِّ وَالْعَقْدِ مِنَ الصَّحَابَةِ عَلَى
إِمَامَتِهِ وَخِلَافَةِ فَمَنْ خَرَجَ عَنْ ذٰلِكَ بَعْدُ وَنَاصَبَهُ
حَرْبًا كَانَ بَاغِيًا خَارِجًا عَنِ الْإِمَامِ فَجَازَ قِتَالُهُ وَمَنْ
قَاتَلَهُ مِنْ مُعَاوِيَةَ وَطَلْحَةَ وَالزُّبَيْرِ طَلَبُوا ثَأْرَ عُثْمَانَ خَلِيفَةِ
حَيِّ الْمَقْتُولِ ظُلْمًا وَالَّذِينَ قَتَلُوهُ كَانُوا فِي عَسْكَرِ عَلِيٍّ رض
فَكُلٌّ ذَهَبَ إِلَى تَأْوِيلٍ صَحِيحٍ فَأَحْسَنُ أَحْوَالِنَا الْإِمْسَاكُ
فِي ذٰلِكَ وَرَدُّهُمْ إِلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ وَهُوَ أَحْكَمُ الْحَاكِمِينَ
وَخَيْرُ الْفَاصِلِينَ وَالِاشْتِغَالُ بِعُيُوبِ أَنْفُسِنَا وَتَطْهِيرُ
قُلُوبِنَا مِنْ أُمَّهَاتِ الذُّنُوبِ وَظَوَاهِرِنَا مِنْ مُوبِقَاتِ
الْأُمُورِ وَأَمَّا خِلَافَةُ مُعَاوِيَةَ بْنِ سُفْيَانَ فَثَابِتَةٌ
صَحِيحَةٌ بَعْدَ مَوْتِ عَلِيٍّ وَبَعْدَ خَلْعِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ
اللّٰهُ تَعَالَى عَنْهُمَا نَفْسَهُ عَنِ الْخِلَافَةِ وَتَسْلِيمِهَا إِلَى مُعَاوِيَةَ
لِرَأْيٍ رَآهُ الْحَسَنُ وَمَصْلَحَةٍ عَامَّةٍ تَحَقَّقَتْ لَهُ وَهِيَ
حَقْنُ دِمَاءِ الْمُسْلِمِينَ وَتَحْقِيقُ قَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
وَسَلَّمَ فِي الْحَسَنِ رض ابْنِي هٰذَا سَيِّدٌ يُصْلِحُ اللّٰهُ تَعَالَى بِهِ
بَيْنَ فِئَتَيْنِ عَظِيمَتَيْنِ فَوَجَبَتْ إِمَامَتُهُ بِعَقْدِ الْحَسَنِ
لَهُ فَسُمِّيَ عَامُ الْجَمَاعَةِ لِارْتِفَاعِ الْخِلَافِ بَيْنَ الْجَمِيعِ
وَاتِّبَاعِ الْكُلِّ لِمُعَاوِيَةَ رض لِأَنَّهُ لَمْ يَكُنْ هُنَاكَ مُنَازِعٌ
قَالَتْ فِي الْخِلَافَةِ وَخِلَافَتُهُ مُدَّةٌ فِي قَوْلِ النَّبِيِّ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ مَا رُوِيَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ تَدُومُ الْإِسْلَامُ خَمْسًا وَ
ثَلَاثِينَ سَنَةً أَوْ سِتًّا وَثَلَاثِينَ أَوْ سَبْعًا وَثَلَاثِينَ وَالْمُرَادُ
بِالرَّمْيِ فِي هٰذَا الْحَدِيثِ الْقُوَّةُ فِي الدِّينِ وَالْخَمْسُ

طلحہ اور زبیر اور عائشہ اور معاویہ سے لڑنا پس امام احمد رحمہ اللہ نے اس واقعہ کو بیان کرنے
سے اور ان تمام حالات کے بیان کرنے سے جو انکے درمیان جھگڑا اور ایک دوسرے سے
نفرت لڑائی بھی بند رہنے پر تصریح کی ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ قیامت کے دن انمین سے اس
عداوت کو دور کر دیگا جیسا کہ اللہ عزوجل نے فرمایا اور جو کچھ انکے سینوں مین کدورت
تھی اُسے ہمنے نکالدیا اور وہ بھائی ہوجاوینگے تختون پر آمنے سامنے اور اسلیے کہ
حضرت علی رض حق پر تھے جیسا کہ ہمنے انکی امامت اور خلافت پر صحابہ مین سے اہل حل
اور عقد کا اتفاق بیان کردیا پس جو شخص اسکے بعد انکی خلافت سے نکل گیا
اور انکی لڑائی کے لیے تیار ہوگیا وہ باغی اور امام کے حکم سے نکلنے والا ہوگا اس
سے لڑنا جائز ہوگا اور جس نے حضرت علی رض سے لڑائی کی جیسے معاویہ رض اور طلحہ رض اور
زبیر رض تو انہون نے حضرت عثمان رض کا جو خلیفہ حق تھے اور ظلم سے قتل کیے گئے تھے
قصاص طلب کیا اور جنہون نے انکو قتل کیا تھا وہ حضرت علی رض کے لشکر مین تھے
پس ہر ایک نے صحیح تاویل کرنے کی طرح رجوع کیا لیکن ہمارے حال کے لئے اس
واقعہ کے بیان کرنے سے بند رہنا اور انکے معاملہ کو اللہ عزوجل کی طرف سپرد کرنا زیادہ
اچھا ہے کیونکہ وہ سب حاکمون کا حاکم ہے اور سب فیصلہ کرنیوالون سے اچھا فیصلہ کرنیوالا ہے
اور ہمارے لیے اپنے نفسون کے عیبون مین اور گناہون کی ماؤن سے اپنے دلون اور ظاہر
حالات کو ہلاک کرنیوالی باتون سے پاک کرنے مین مشغول ہونا زیادہ لائق
ہے اور معاویہ بن سفیان کی خلافت پس بعد وفات حضرت علی رض ثابت اور
صحیح ہے اور بعد اسکے کہ حسن بن علی رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے اپنے آپ کو خلافت
سے علیحدہ کر دیا اور اُسے معاویہ رض کی سپرد کر دیا اور انکا یہ کام کسی خیال کی وجہ سے تھا
جسکو اُنہون نے مناسب سمجھا اور مصلحت عام کے لیے تھا جو انکو معلوم ہوئی اور مصلحت
مسلمانون کے خونون کو بچانا تھا اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اس قول کو ثابت کرنا
تھا جو آپنے حضرت حسن رض کی حق مین فرمایا تھا کہ یہ میرا بیٹا سردار ہے اور اسکے ذریعہ سے اللہ تعالیٰ
بڑی بڑی دو جماعتون مین صلح کریگا تو معاویہ کی امامت حضرت حسن رض کے مقرر
کرنے سے واجب ہوگئی اور اس سال کا نام سال جماعت کہا گیا کیونکہ سب مین
سے اختلاف جاتا رہا تھا اور سب معاویہ رض کے تابع ہوگئے تھے کیونکہ تیسری صدی
خلافت مین جھگڑا کرنے والا موجود نہ تھا اور معاویہ رض کی خلافت نبی صلی اللہ علیہ
وسلم کے قول مین مذکور ہے اور وہ یہ ہے جو نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے
آپنے فرمایا اسلام کی چکی پینتیس ۳۵ برس یا چھتیس ۳۶ برس یا سینتیس برس
پھریگی اور چکی سے مراد اس حدیث مین قوت فی الدین ہے اور پانچ

السِّنِينَ الْفَاضِلَةَ عَنِ الثَّلَاثِينَ فَهِيَ مِنْ جُمْلَةِ خِلَافَةِ
مُعَاوِيَةَ إِلَى تَمَامِ تِسْعَةَ عَشَرَ سَنَةً فَتَنَبَّهْ وَلَا تَكُنْ
كَمَلَتْ بِعَلِيٍّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ ثَلَاثِينَ وَنَحْسِنُ الظَّنَّ بِنِسَاءِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَجْمَعِينَ وَنَعْتَقِدُ أَنَّهُنَّ أُمَّهَاتُ الْمُؤْمِنِينَ
وَأَنَّ عَائِشَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا أَفْضَلُ نِسَاءِ الْعَالَمِينَ وَبَرَّأَهَا اللَّهُ تَعَالَى
مِنْ قَوْلِ الْمُلْحِدِينَ فِيهَا مَا تَقْرَؤُهُ وَيُتْلَى إِلَى يَوْمِ الدِّينِ
وَكَذَلِكَ فَاطِمَةُ بِنْتُ نَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَضِيَ
اللَّهُ تَعَالَى عَنْهَا وَعَنْ بَعْلِهَا وَأَوْلَادِهَا أَفْضَلُ نِسَاءِ
الْعَالَمِينَ وَيَجِبُ مَوَالَاتُهَا وَمَحَبَّتُهَا كَمَا يَجِبُ لَكِ فِي حَقِّ
أَبِيهَا صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
فَاطِمَةُ بَضْعَةٌ مِنِّي يُرِيبُنِي مَا يُرِيبُهَا فَهَؤُلَاءِ أَهْلُ الْقُرْآنِ
هُمُ الَّذِينَ ذَكَرَهُمُ اللَّهُ فِي كِتَابِهِ وَأَثْنَى عَلَيْهِمْ فَهُمُ الْمُهَاجِرُونَ
الْأَوَّلُونَ وَالْأَنْصَارُ الَّذِينَ صَلَّوْا إِلَى الْقِبْلَتَيْنِ قَالَ
اللَّهُ تَعَالَى فِيهِمْ لَا يَسْتَوِي مِنْكُمْ مَنْ أَنْفَقَ مِنْ قَبْلِ الْفَتْحِ
وَقَاتَلَ أُولَئِكَ أَعْظَمُ دَرَجَةً مِنَ الَّذِينَ أَنْفَقُوا مِنْ بَعْدُ
وَقَاتَلُوا وَكُلًّا وَعَدَ اللَّهُ الْحُسْنَى وَقَالَ جَلَّ وَعَلَا
وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا مِنْكُمْ وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ
فِي الْأَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِينَ مِنْ قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ
لَهُمْ دِينَهُمُ الَّذِي ارْتَضَى لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُمْ مِنْ بَعْدِ
خَوْفِهِمْ أَمْنًا وَقَالَ تَعَالَى وَالَّذِينَ مَعَهُ أَشِدَّاءُ عَلَى الْكُفَّارِ
رُحَمَاءُ بَيْنَهُمْ تَرَاهُمْ رُكَّعًا سُجَّدًا إِلَى قَوْلِهِ يُعْجِبُ الزُّرَّاعَ
لِيَغِيظَ بِهِمُ الْكُفَّارَ وَرَوَى جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ أَبِيهِ قَوْلَ عُمَرَ
جَلَّ مُحَمَّدٌ رَسُولُ اللَّهِ وَالَّذِينَ مَعَهُ فِي الْعُسْرِ وَالْيُسْرِ وَ
الْغَارِ وَالْعَرِيشِ أَبُو بَكْرٍ أَشِدَّاءُ عَلَى الْكُفَّارِ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ
رُحَمَاءُ بَيْنَهُمْ عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ تَرَاهُمْ رُكَّعًا سُجَّدًا عَلِيُّ بْنُ
أَبِي طَالِبٍ يَبْتَغُونَ فَضْلًا مِنَ اللَّهِ وَرِضْوَانًا طَلْحَةُ وَالزُّبَيْرُ
حَوَارِيُّ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سِيمَاهُمْ فِي وُجُوهِهِمْ
مِنْ أَثَرِ السُّجُودِ سَعْدٌ وَسَعِيدٌ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَوْفٍ وَ
أَبُو عُبَيْدَةَ ابْنُ الْجَرَّاحِ هَؤُلَاءِ الْعَشَرَةُ ذَلِكَ مَسْلَمُهُمْ

برس جو تیس ۳۰ سے زائد ہین پس وہ منجملہ خلافت حضرت معاویہ رض کے ہین جو
پورے انیس سال اور کچھ مہینون تک رہی ہین کیونکہ تیس سال تو حضرت
علی رض تک ہی پورے ہو چکے تھے جیسے کہ ہمنے بیان کر دیا اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم
کی تمام بیویون پر ہمکو حسن ظن ہی اور ہم اعتقاد رکھتے ہین کہ وہ مومنون
کی مائین ہین اور (انمین سے) عائشہ رض تمام جہان کی عورتون سے افضل ہین
اور انکو اللہ تعالی نے ملحدون کے قول سے پاک کیا جو انکے حق مین کہتے تھے اور
جسکو ہم پڑھتے ہین اور قیامت تک پڑھا جاویگا اور اسی طرح ہمارے نبی صلعم
کی بیٹی فاطمہ اللہ تعالی اُسسے اور انکے خاوند سے اور انکی اولاد سے راضی ہو وہ)
سب جہان کی عورتون سے افضل ہین اور اُنسے پیار اور محبت رکھنی واجب ہے
جیسے کہ انکے باپ حضرت صلعم سے پیار اور محبت رکھنا واجب ہے نبی صلی اللہ علیہ و
سلم نے فرمایا فاطمہ رض میرا ایک ٹکڑا ہے جو بات اُسے رنج دیتی ہے مجھے بھی رنج
دیتی ہے پس یہ لوگ اہل قرآن ہین جنکا ذکر اللہ تعالی نے اپنی کتاب مین فرمایا
اور انکی تعریف کی پس وہ پہلے مہاجرین ہین اور انصار جنہون نے دو قبلون
کی طرف نماز پڑھی اللہ تعالی نے اُنکے حق مین فرمایا تم مین وہ شخص جس نے
پہلے فتح مکہ کے خرچ کیا اور لڑائی کی برابر نہین (بلکہ) وہ لوگ درجون مین بڑھکر
ہین اُن لوگون سے جنہون نے بعد مکہ فتح ہونے کے خرچ کیا اور لڑائی کی اور ہر ایک
کو اللہ نے اچھا وعدہ دیا اور اللہ بزرگ اور غالب نے فرمایا وعدہ کیا اللہ نے اُن
لوگون سے جو تم مین سے ایمان لائے اور اچھے کام کیے البتہ انکو زمین مین خلیفہ کریگا
جیسا کہ اُن لوگون کو خلیفہ کیا تھا جو اُنسے پہلے تھے اور البتہ اُنکے دین کو
انکے لیے محکم کریگا جو اُنکے لیے پسند ہی اور البتہ اُنکے خوف کے بعد اُنکے لیے
امن سے بدل دیگا اور اللہ تعالی نے فرمایا کہ اور جو لوگ کہ پیغمبر کے ساتھ ہین کافرون پر سخت ہین
اور آپسمین رحم دل ہین تو انکو دیکھیگا کہ رکوع سجدہ کرتے خدا کے اس قول تک کہ خوش
کرتا ہی کھیتی کرنیوالون کو تاکہ اُنکے سبب کافرون کو غصے مین لاوے جعفر بن محمد
نے اپنے باپ سے روایت کی خدا عزوجل کی اس قول کی تفسیر مین کہ محمد صاحب
اللہ کے رسول ہین اور جو لوگ تنگی اور فراخی اور غار اور چوپہر مین انکے
ساتھ ہین ابوبکر رض ہین اور کافرون پر سخت عمر فاروق ہین اور آپسمین مہربان
عثمان ہین تو انکو دیکھیگا کہ رکوع کرتے سجدہ کرتے علی بن ابی طالب ہین اللہ کا فضل
اور اُسکی خوشنودی طلب کرتے ہین طلحہ اور زبیر جو حضرت صلعم کے خاص مددگار تھے اُنکے
چہرون مین سجدے کے اثر سے نشانی ہی سعد اور سعید اور عبدالرحمن بن عوف اور ابوعبیدہ

فِي التَّوْرٰىةِ وَمَثَلُهُمْ فِي الْاِنْجِيْلِ كَزَرْعٍ اَخْرَجَ شَطْاَهُ يَعْنِيْ
مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاٰزَرَهٗ بِاَبِيْ بَكْرٍ فَاسْتَغْلَظَ بِعُمَرَ
فَاسْتَوٰى عَلٰى سُوْقِهٖ بِعُثْمَانَ يُعْجِبُ الزُّرَّاعَ بِعَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ
لِيَغِيْظَهُمْ بِالنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَصْحَابِهِ الْكُفَّارَ
وَاتَّفَقَ اَهْلُ السُّنَّةِ عَلٰى وُجُوْبِ الْكَفِّ عَمَّا شَجَرَ بَيْنَهُمْ وَ
الْاِمْسَاكِ عَنْ مَسَاوِيْهِمْ وَاِظْهَارِ فَضَائِلِهِمْ وَمَحَاسِنِهِمْ
وَتَسْلِيْمِ اَمْرِهِمْ اِلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ عَلٰى مَا كَانَ وَجَرٰى مِنَ
اخْتِلَافِ عَلِيٍّ وَطَلْحَةَ وَالزُّبَيْرِ وَعَائِشَةَ وَمُعَاوِيَةَ رَضِيَ
اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمْ عَلٰى مَا قَدَّمْنَا بَيَانَهٗ وَاِعْطَاءِ كُلِّ ذِيْ فَضْلٍ
فَضْلَهٗ كَمَا قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ وَالَّذِيْنَ جَآءُوْا مِنْ بَعْدِهِمْ
يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِاِخْوَانِنَا الَّذِيْنَ سَبَقُوْنَا
بِالْاِيْمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِيْ قُلُوْبِنَا غِلًّا لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا رَبَّنَا
اِنَّكَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ وَقَالَ تَعَالٰى تِلْكَ اُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ لَهَا مَا
كَسَبَتْ وَلَكُمْ مَا كَسَبْتُمْ وَلَا تُسْئَلُوْنَ عَمَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ وَ
قَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا ذُكِرَ اَصْحَابِيْ فَاَمْسِكُوْا وَفِيْ
لَفْظٍ فَاِيَّاكُمْ وَمَا شَجَرَ بَيْنَ اَصْحَابِيْ فَلَوْ اَنْفَقَ اَحَدُكُمْ
مِثْلَ اُحُدٍ ذَهَبًا بَلَغَ مُدَّ اَحَدِهِمْ وَلَا نَصِيْفَهٗ وَقَالَ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ حَدِيْثِ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ طُوْبٰى
لِمَنْ رَاٰنِيْ وَمَنْ رَاٰى مَنْ رَاٰنِيْ وَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
لَا تَسُبُّوْا اَصْحَابِيْ فَمَنْ سَبَّهُمْ فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَقَالَ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ رِوَايَةِ اَنَسٍ اَنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ
اخْتَارَنِيْ وَاخْتَارَ لِيْ اَصْحَابِيْ فَجَعَلَهُمْ اَنْصَارِيْ وَجَعَلَهُمْ
اَصْهَارِيْ وَاَنَّهٗ يَجِيْءُ فِيْ اٰخِرِ الزَّمَانِ قَوْمٌ يَنْقُصُوْنَهُمْ
اَلَا فَلَا تُوَاكِلُوْهُمْ اَلَا فَلَا تُشَارِبُوْهُمْ اَلَا فَلَا تُنَاكِحُوْهُمْ
اَلَا فَلَا تُصَلُّوْا مَعَهُمْ اَلَا فَلَا تُصَلُّوْا عَلَيْهِمْ حَلَّتْ عَلَيْهِمُ اللَّعْنَةُ
وَرَوٰى جَابِرٌ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى
اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَدْخُلُ النَّارَ اَحَدٌ مِّمَّنْ بَايَعَ تَحْتَ
الشَّجَرَةِ وَرَوٰى اَبُوْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَطَّلَعَ اللّٰهُ عَلٰى اَهْلِ بَدْرٍ فَقَالَ يَا اَهْلَ

توریت مین ہے اور اسیطرح انجیل مین جیسے کھیتی نے اپنی سوئی نکالی
مراد اس سے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہین پھر اسکو ابوبکر رضہ کی مدد سے محکم کیا پھر
عمر فاروق کی مدد سے موٹی ہوئی پھر عثمان رضہ کی مدد سے اپنی نالی پہ کھڑی ہوئی
کھیتی کرنے والیکو خوش لگتی ہے یعنے علی بن ابیطالب کی مدد سے تاکہ نبی صلعم اور آپکے
اصحاب سے کافرون کو غصے مین لاوے اور اہل سنت کا اسپر اتفاق ہے کہ جو جھگڑا
اصحاب کے درمیان واقع ہوا اُس سے باز رہنا اور اُنکے قصورون سے زبان کو بند
رکھنا اور انکی بزرگیون اور نیکیون کا ظاہر کرنا اور انکے کام کو خدا کی سپرد کرنا جس
طور پر کہ علی رضہ اور طلحہ رضہ اور زبیر رضہ اور عائشہ رضہ اور معاویہ رضہ کے درمیان اختلاف
واقع اور جاری ہوا جیسا ہمنے بیان کیا واجب ہے اور اسیطرح ہر بزرگی والے
کو بزرگ جاننا جیسے کہ اللہ عزوجل نے فرمایا اور جو لوگ اُنسے پیچھے آئے کہتے ہین
الٰہی ہمکو اور ہمارے بھائیون کو جو ہم سے پہلے ایمان لائے بخشدے اور ہمارے دلون مین
ایمان والون کے لیے کینہ مت ڈال اے ہمارے رب بیشک تو شفقت کرنیوالا مہربان
ہے اور اللہ تعالے نے فرمایا کہ یہ ایک امت ہے جو گذر چکی اُنکا ہے جو اُنہون نے
کمایا اور تمہارا ہے جو تمنے کمایا اور تمکو اُنکے عملون سے پوچھ نہ ہوگی اور حضرت صلے
اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب میرے اصحاب کا ذکر ہو تو اپنی زبان کو اُنکے عیبون
سے روکو اور ایک روایت مین ہے کہ جو اختلاف میرے اصحاب کے درمیان واقع ہوا
اُسمین (دخل دینے سے) بچو سو اگر تم مین سے کوئی اُحد (پہاڑ) کے برابر سونا خرچ
کرے تو انکی ایک مد کے (ثواب) کو نہ پہونچے (بلکہ) اور نہ اُسکے نصف کو اور حضرت
صلے اللہ علیہ وسلم نے انس رضہ بن مالک کی حدیث مین فرمایا کہ خوشی ہو اُس شخص کے
لیے جس نے مجھکو اور میرے دیکھنے والون (اصحاب) کو دیکھا اور حضرت صلعم نے فرمایا کہ میرے
اصحاب کو برا مت کہو پس جو شخص انکو برا کہے اُسپر خدا کی لعنت ہے اور حضرت صلعم نے
انس رضہ کی حدیث مین فرمایا کہ مقرر اللہ عزوجل نے مجھ کو اور میرے اصحاب کو برگزیدہ کیا
تو انکو میرا مددگار اور سسرال ٹھیرایا اور مقرر پچھلے زمانے مین ایک لوگ آوینگے
جو انکی تہمت کو گھٹاوینگے خبردار نہ اُنکے ساتھ کھانا نہ اُنکے ساتھ پینا نہ اُنسے نکاح کرنا خبردار
نہ اُنکے ساتھ نماز پڑھنا اور نہ اُنکا جنازہ پڑھنا اُنپر خدا کی لعنت اتری اور جابر
رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جن لوگون نے
درخت کے نیچے (مجھ سے) بیعت کی اُن مین سے کوئی دوزخ مین داخل نہین ہوگا
اور ابوہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالی جنگ بدر
والے اصحاب پر خبردار ہو چکا سو اُن نے فرمایا کہ اے

بکذب اعملوا ما شئتم فقد غفرت لکم وعن ابن عمر رضی الله عنهما قال
قال رسول الله صلی الله علیه وسلم انما اصحابی مثل
النجوم فایهم اخذتم بقوله اهتدیتم وعن ابن
بریدة عن ابیه قال قال النبی صلی الله علیه وسلم
قال من مات من اصحابی بارض جعل شفیعا لاهل
تلک الارض قال سفیان بن عیینة من نطق فی
اصحاب رسول الله صلی الله علیه وسلم بکلمة فهو
صاحب هوی واهل السنة اجمعوا علی الشهود للعامة
بالجنة للمسلمین فی اسمائهم والصلوة خلف کل بر منهم
وفاجر والعدل منهم والجائر ومن قتلوه وقصبوه وقد
استفاضت بذلک فلا یقطعوا لاحد من اهل القبلة
بجنة ولا نار مطیعا کان او عاصیا زهیدا کان او عاملا
او عالما الا ان یظهر منه علی بدعة وضلالة اجمعوا
علی تسلیم المعجزات للانبیاء والکرامات للاولیاء
وان الغلو والتقصیر من قبل الله لا من احد من
خلقه من السلاطین فی الملوک ولا من الموالیک فمن غمت
القدریة والمحکومون لما روی انس بن مالک ان
رسول الله صلی الله علیه وسلم قال ان الغلاء والرخص
جندان من جنود الله اسلم احدهما الرغبة والاخر
الرهبة فاذا اراد الله ان یغلیه قذف الرغبة فی
قلوب التجار فبشروه فاذا اراد ان یرخصه قذف الرهبة
فی صدور التجار فحزنوه من ایدیهم والاول العادل
المؤمن الکیس ان یتبع ولا یبتدع ولا یتعالی ویتعمق
ویتکلف لما لا یعنیه ویترک فیهلک قال عبد الله
ابن مسعود رضی الله عنه اتبعوا ولا تبتدعوا فقد کفیتم وقال
معاذ بن جبل رضی الله عنه ایاک ومعترضات الامور وان
تقول الا فتی ما هذا فقال مجاهد حین بلغه هذا
من معاذ فکذلک نقول الا فتی ما هذا فاما الان فقد
فعلی المؤمن ان یلزم السنة والجماعة فالسنة ما

ہر معاملہ جو تمہارا جی چاہے کرو سو البتہ میں نے تمکو بخش دیا اور ابن عمر رضی اللہ عنہما سے
ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میرے اصحاب تو ستارون کی مثل ہین
تم ان مین سے جسکی بات لوگے راہ پاؤگے اور بریدہ اپنے باپ سے روایت کرتا ہے
کہا کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو میرے اصحاب مین سے کسی زمین مین مرجاوے
تو خدا اسکو اس زمین والون کے لیے شفیع پہنچائیگا اور سفیان بن عیینہ نے
کہا کہ جو شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب کے حق مین بری بات کہے وہ بدعتی ہے
اور اہل سنت کا اسپر اجماع ہے کہ مسلمانون کو حاکمون اور انکے اہل کارون کا
کہا ماننے اور فرمانبرداری کیجے اور ان مین سے ہر ایک کے پیچھے نماز پڑھنے خواہ
نیک ہو یا بدعادل ہو یا ظالم اور جسکو والی بناوین اور قائم کرین اور نائب کرین
اور اسپر بھی اجماع ہے کہ اہل قبلہ مین سے کسی کو نہ یقینا بہشتی کہین نہ دوزخی
خواہ فرمانبردار ہو یا نافرمان راہ یاب ہو یا گمراہ یا سرکش مگر جبکہ اسکی بدعت
اور گمراہی پر اطلاع ہوجاوے اور اسپر بھی اجماع ہے کہ نبیون کے معجزون اور
ولیون کی کرامتون کو ماننا واجب ہے اور یہ کہ گرانی اور ارزانی خدا کی
طرف سے ہے کسی مخلوق کی طرف سے نہین نہ حاکمون اور بادشاہون کی
طرف سے اور نہ تاجرون کی طرف سے جیسے قدریہ اور نجومیون نے کہا ہے دلیل
اس حدیث کی جو انس بن مالک نے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم نے فرمایا کہ گرانی اور ارزانی خدا کے لشکرون مین سے دو لشکر ہین
ایک کا نام رغبت ہے دوسرے کا نام رہبت سو جب اللہ تعالی ارزانی کرنا
چاہتا ہے تو سوداگرون کے دلون مین اسکی رغبت ڈالتا ہے تو وہ اسکو
بھیجتے ہین پھر جب اللہ اسکی ارزانی چاہتا ہے تو سوداگرون کے دل مین
خوف ڈالدیتا ہے سو وہ اسکو اپنے ہاتھ سے نکالدیتے ہین سو مومن عاقل
اور دانا کو لائق ہے کہ سنت کی پیروی کرے اور بدعت نہ نکالے اور زیادتی
کرے اور نہ مشکل باتین نکالے اور نہ تکلف کرے تاکہ گمراہ ہو پہلے پس
ہلاک ہوا عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے کہا کہ سنت کی پیروی کرو اور بدعت نہ نکالو
کہ البتہ تمکو کافی ہے اور معاذ بن جبل نے کہا کہ مشکل باتون سے بچتے
رہو اور کسی چیز کو یہ نہ کہو کہ یہ کیا ہے پھر جب یہ بات معاذ رضی اللہ عنہ کی مجاہد رحمہ اللہ کو
پہونچی تو انہون نے کہا ہم کہا کرتے تھے کہ یہ چیز کیا ہے لیکن اب تو ہم نہ کہینگے
گے سو مومن پر سنت اور جماعت کی پیروی کرنا لازم ہے۔ پس

سنت تو وہ

سنة رسول الله والجماعة ما اتفق عليه اصحاب رسول الله
صلى الله عليه وسلم في خلافة الائمة الاربعة الخلفاء الراشدين
المهديين رحمة الله عليهم اجمعين وان لا يكاثر اهل
البدع ولا يداينهم ولا يسلم عليهم لان امامنا احمد
ابن حنبل رحمه الله قال من سلم على صاحب بدعة فقد
احبه لقول النبي صلى الله عليه وسلم افشوا السلام بينكم
تحابوا ولا يجالسهم ولا يقرب منهم ولا يهنئهم في
الاعياد واوقات السرور ولا يصلي عليهم اذا ماتوا او
لا يترحم عليهم اذا ذكروا بل يبينا نهم ويعادیهم في الله
عز وجل معتقدا ابطلان مذهب اهل بدعة
محتسبا بذلك الثواب الجزيل والاجر الكثير وروي
عن النبي صلى الله عليه وسلم انه قال من نظر
الى صاحب بدعة بغضا له في الله ملا الله قلبه امنا
وايمانا ومن اشهر صاحب بدعة بغضا له في الله
امنه الله يوم القيمة ومن استخف بصاحب بدعة رفعه
الله تعالى في الجنة مائة درجة ومن لقيه بالبشر
بما يسره فقد استخف بما انزل الله تعالى على محمد صلى الله
عليه وسلم وعن ابي المغيرة عن ابن عباس رضي الله تعالى
عنه انه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ابى الله
عز وجل ان يقبل عمل صاحب بدعة حتى يدع بدعته
وقال فضيل بن عياض من احب صاحب بدعة احبط
الله عمله واخرج نور الايمان من قلبه واذا علم الله
عز وجل من رجل انه مبغض لصاحب بدعة رجوت
الله تعالى ان يغفر ذنوبه وان قل عمله واذا رايت
مبتدعا في طريق فخذ طريقا اخر وقال فضيل بن عياض
سمعت سفيان بن عيينة يقول من تبع جنازة مبتدع
لم يزل في سخط الله تعالى حتى يرجع وقد لعن النبي صلى
الله عليه وسلم المبتدع فقال صلى الله عليه وسلم من
احدث حدثا او اوى محدثا فعليه لعنة الله والملئكة

طریقہ ہو حضرتؐ نے جاری کیا اور جماعت سے مراد وہ طریقہ ہی جسپر رسول اللہ صلے
اللہ علیہ وسلم کے اصحاب نے چارون امامون خلفاء راشدین مہدیین رحمۃ اللہ
علیہم اجمعین کی خلافت مین اجماع کیا اور نہ اہل بدعت سے زیادہ مجلس کرے اور
نہ انکے پاس جاوے اور نہ انکو سلام کرے اسواسطے کہ ہمارے امام احمد بن حنبل رحمہ
اللہ نے فرمایا کہ جس نے بدعتی کو سلام کیا تو البتہ اُسنے اسکو دوست رکھا کیونکہ
صلے اللہ علیہ وسلم کی اس حدیث کی دلیل سے کہ آپس مین سلام پھیلاؤ تاکہ تمہارے
درمیان محبت ہو جائے اور نہ اُنکے پاس بیٹھے اور نہ اُنکے نزدیک ہووے اور نہ
عیدون اور خوشی کے وقتون مین انکو مبارکباد کہے اور جب وہ مرجاوین تو
انکا جنازہ نہ پڑھے اور جب انکا ذکر ہو تو انکو رحمت نہ بھیجے بلکہ اللہ کے واسطے اُن
سے دور رہے اور دشمنی رکھے اس حال مین کہ بدعتیون کے مذہب کو باطل جانتا ہو اُس
سے بہت ثواب اور زیادہ اجر کی امید رکھتا ہو اور حضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے روایت
ہی کہ آپ نے فرمایا کہ جو شخص بدعتی کو اللہ کے واسطے دشمنی سے دیکھے تو خدا اُسکے دل
کو امن اور ایمان سے بھر دیتا ہی اور جو اللہ کے واسطے بدعتی کو غصے سے جھڑکے خدا اُسکو
قیامت کے دن امن مین رکھیگا اور جو شخص بدعتی کو حقیر جانے خدا تعالی بہشت
مین اسکا سو درجہ بلند کریگا اور جو شخص اُسکو بشارت یا خوشی سے ملے تو البتہ
اُسنے ہلکا جانا اُسچیز کو جو محمد صلے اللہ علیہ وسلم پر اتاری گئی اور ابو المغیرہ
سے روایت ہی اُسنے ابن عباس رضؓ سے روایت کی کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ
وسلم نے فرمایا کہ بدعتی جب تک اپنی بدعت کو نہ چھوڑے خدا اُسکا کوئی
عمل قبول نہین کرتا اور فضیل بن عیاض رضؓ نے کہا کہ جو شخص بدعتی کو
دوست رکھے خدا اُسکے عمل کو باطل کر دیتا ہے اور اُسکے دل سے ایمان
کا نور نکال ڈالتا ہے اور جب اللہ عزوجل کسی مرد کی یہ بات معلوم کرتا ہی
کہ وہ بدعتی سے دشمنی رکھتا ہی تو مین اللہ تعالی سے امیدوار ہون کہ اسکے
گناہون کو بخش دے اگرچہ اُسکا نیک عمل کم ہو اور جب تو کسی بدعتی کو راہ
مین دیکھے تو (وہ راہ چھوڑکر) اور راہ لے اور فضیل بن عیاض سے
کہا مین نے سفیان بن عیینہ سے سُنا کہتا تھا کہ جو شخص بدعتی کے
جنازے کے ساتھ جاوے وہ ہمیشہ خدا کے غصے مین رہتا ہے پھر آنے
تک اور البتہ حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے بدعتی پر لعنت کی ہے سو حضرتؐ
صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص بدعت نکالے یا بدعتی کو جگہ
دے تو اُسپر اللہ اور فرشتون

وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ لَا يَقْبَلُ اللّٰهُ مِنْهُ الصَّرْفَ وَالْعَدْلَ
يَعْنِيْ بِالصَّرْفِ الْفَرِيْضَةَ وَبِالْعَدْلِ النَّافِلَةَ وَعَنْ اَبِيْ
اَيُّوْبَ السِّجِسْتَانِيِّ اَنَّهٗ قَالَ اِذَا حَدَّثَتِ الرَّجُلَ بِالسُّنَّةِ
فَقَالَ دَعْنَا مِنْ هٰذَا وَحَدِّثْنَا بِمَا فِي الْقُرْاٰنِ فَاعْلَمْ اَنَّهٗ
ضَالٌّ **فَصْلٌ** وَاعْلَمْ اَنَّ لِاَهْلِ الْبِدَعِ عَلَامَاتٍ
يُعْرَفُوْنَ بِهَا فَعَلَامَاتُ اَهْلِ الْبِدْعَةِ الْوَقِيْعَةُ فِيْ اَهْلِ
الْاَثَرِ وَعَلَامَةُ الزَّنَادِقَةِ تَسْمِيَتُهُمْ اَهْلَ الْاَثَرِ بِالْحَشْوِيَّةِ
وَيُرِيْدُوْنَ اِبْطَالَ الْاٰثَارِ وَعَلَامَةُ الْقَدَرِيَّةِ تَسْمِيَتُهُمْ
اَهْلَ الْاَثَرِ مُجْبِرَةً وَعَلَامَةُ الْجَهْمِيَّةِ تَسْمِيَتُهُمْ اَهْلَ
السُّنَّةِ مُشَبِّهَةً وَعَلَامَةُ الرَّافِضَةِ تَسْمِيَتُهُمْ اَهْلَ
الْاَثَرِ نَاصِبِيَّةً وَكُلُّ ذٰلِكَ عُصْبَةٌ وَغِيَاظٌ لِاَهْلِ السُّنَّةِ
وَلَا اِسْمَ لَهُمْ اِلَّا اِسْمٌ وَاحِدٌ وَهُوَ اَصْحَابُ الْحَدِيْثِ
وَلَا يَلْتَصِقُ بِهِمْ مَا لَقَّبَهُمْ بِهٖ اَهْلُ الْبِدَعِ كَمَا لَمْ يَلْتَصِقْ
بِالنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَسْمِيَةُ كُفَّارِ مَكَّةَ سَاحِرًا
وَشَاعِرًا وَمَجْنُوْنًا وَمَفْتُوْنًا وَكَاهِنًا وَلَمْ يَكُنْ اِسْمُهٗ
عِنْدَ اللّٰهِ وَعِنْدَ مَلٰٓئِكَتِهٖ وَعِنْدَ اَنْبِيَائِهٖ وَجِنِّهٖ وَسَائِرِ
خَلْقِهٖ اِلَّا رَسُوْلًا نَبِيًّا بَرِيْئًا مِنَ الْعَاهَاتِ كُلِّهَا قَالَ اللّٰهُ
تَعَالٰى اُنْظُرْ كَيْفَ ضَرَبُوْا لَكَ الْاَمْثَالَ فَضَلُّوْا فَلَا
يَسْتَطِيْعُوْنَ سَبِيْلًا هٰذَا اٰخِرُ مَا اَلَّفْنَاهُ فِيْ بَابِ مَعْرِفَةِ الصَّانِعِ
وَالْاِعْتِقَادِ عَلٰى مَذْهَبِ اَهْلِ السُّنَّةِ وَالْجَمَاعَةِ عَلَى الْاِخْتِصَارِ
وَالْقُدْرَةِ ثُمَّ نَرُدُّ هٰذِهِ الْجُمْلَةَ بِفَصْلَيْنِ اٰخَرَيْنِ لَا
يَسَعُ لِلْعَاقِلِ الْمُؤْمِنِ جَهْلُهُمَا اِذَا اَرَادَ سُلُوْكَ الْمَحَجَّةِ الْعُظْمٰى
اَلْفَصْلَانِ فِيْمَا لَا يَجُوْزُ اِطْلَاقُهٗ عَلَى الْبَارِيْ مِنَ الصِّفَاتِ
وَالْاَخْلَاقِ الْعِبَادِ وَالنَّقَائِصِ وَمَا يَجُوْزُ مِنْ ذٰلِكَ وَالْفَصْلُ
الثَّانِيْ فِيْ بَيَانِ مَقَالَةِ الْفِرَقِ الضَّالَّةِ مِنْ طَرِيْقِ الْهُدٰى
الدَّاحِضَةِ الْمُحَجَّةِ فِيْ يَوْمِ الدِّيْنِ وَالْمُحَاسَبَةِ اَمَّا الْفَصْلُ
الْاَوَّلُ فِيْمَا لَا يَجُوْزُ اِطْلَاقُهٗ عَلَى الْبَارِيْ عَزَّ وَجَلَّ مِنَ
الصِّفَاتِ فَسَيَحْتَمِلُ اِضَافَةَ الْيَدِ مِنَ الْاَخْلَاقِ وَمَا يَجُوْزُ
مِنْ ذٰلِكَ لَا يَجُوْزُ اَنْ يُوْصَفَ الْبَارِيْ تَعَالٰى بِالْجَهْلِ وَ

وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ لَا يَقْبَلُ اللّٰهُ مِنْهُ الصَّرْفَ وَالْعَدْلَ
اور سب لوگون کی لعنت ہے اللہ اُس سے نہ صرف قبول کریگا اور نہ
عدل کو مراد صرف سو فرض عبادت ہے اور عدل سے نفل - اور ابو ایوب
سجستانی سے روایت ہے کہ جب تو کسی مرد سے حدیث بیان کرے
اور وہ کہے کہ ہمکو اس سے چھوڑ اور جو قرآن مین ہے وہ ہم سے بیان کر تو جان
لے کہ وہ بے شک گمراہ ہے **فصل** اور جان لے کہ تحقیق بدعتیون کی گئی
نشانیان ہین جن سے پہچانے جاتے ہین سو بدعتیون کی نشانی اہل حدیث
کی عیبت کرنا ہے اور زندیقون (چھپے مرتد) کی نشانی یہ ہے کہ وہ اہل
حدیث کا نام مجبرہ رکھتے ہین - اور فرقہ جہمیہ کی نشانی یہ ہے کہ وہ اہل
سنت کا نام مشبہہ رکھتے ہین - اور رافضیون کی نشانی یہ ہے
کہ وہ اہل حدیث کو ناصبیہ کہتے ہین اور یہ سب اہل سنت کے
لیے تعصب اور غصہ ہے اور ایک نام کے سوائے انکا کوئی نام نہین
اور وہ نام اہل حدیث ہے اور جو بدعتیون نے اُن کو لقب دیا
ہے اُس سے اُن کو کچھ لگاؤ نہین جیسا کہ حضرت صلے اللہ علیہ وسلم
کو ساحر اور شاعر اور مجنون اور مفتون اور کاہن کے نام سے جو کفار
مکہ نے رکھا تھا لگاؤ نہین - اور حالانکہ خدا کے نزدیک اور اُس کے
فرشتون اور آدمیون اور جنون اور تمام مخلوق کے نزدیک آپ
کا نام صرف رسول نبی تھا سب عیبون سے پاک اللہ تعالے نے
فرمایا کہ دیکھ اُنھون نے تیرا کیا کیا نام رکھا پس گمراہ ہوگئے راہ
نہین پا سکتے یہ اخیر اُس چیز کا ہے جو ہمنے اہل سنت والجماعۃ
کے مذہب پر خدا کی پہچان اور اعتقاد کے باب مین قدرت کے
موافق مختصر تالیف کیا پھر ہم اس جملے کے پیچھے اور دو فصلین لاتے
ہین جن کا جاننا مومن عاقل کو ضرور ہے جب دلیل کی راہ چلنا
چاہے - پہلی فصل صفتون اور بندون کی عادتون اور عیبون کے
بیان مین جن کا خدای تعالے پر جائز نہین ہے اور جن کا بولنا خدا
کے حق مین جائز ہے اور دوسری فصل اُن فرقون کے قول کے
بیان مین جو ہدایت کی راہ سے گمراہ ہین اور جن کی حجت جزا اور
حساب کے دن باطل ہے پہلی فصل اُن صفتون اور عادتون کے بیان
مین جن کا بولنا اللہ تعالے پر جائز نہین ہے اور اُن کا خدا کی طرف
نسبت کرنا محال ہے اور جن کا بولنا خدا کے حق مین جائز ہے کس عادتی اور

الشَّكِّ وَالظَّنِّ وَغَلَبَةِ الظَّنِّ وَالسَّهْوِ وَالنِّسْيَانِ وَالسِّنَةِ
وَالنَّوْمِ وَالْغَفْلَةِ وَالْغَفْلَةِ وَالْعَجْزِ وَالْمَوْتِ وَالْحَرَسِ
وَالصَّمَمِ وَالْعَمَى وَالشَّهْوَةِ وَالنُّفُورِ وَالْمَيْلِ وَالْحَرَدِ وَالْغَيْظِ
وَالْحُزْنِ وَالتَّأَسُّفِ وَالْكَمَدِ وَالْحَسْرَةِ وَالتَّلَهُّفِ وَ
الْأَلَمِ وَاللَّذَّةِ وَالنَّفْعِ وَالْمَضَرَّةِ وَالتَّمَنِّي وَالْعَزْمِ وَ
الْكَذِبِ وَلَا يَجُوزُ أَنْ يُسَمَّى إِيمَانًا خِلَافَ مَا قَالَتِ السَّالِمِيَّةُ
وَتَعَلُّقُهُمْ بِقَوْلِهِ عَزَّ وَجَلَّ وَمَنْ يَكْفُرْ بِالْإِيمَانِ فَقَدْ
حَبِطَ عَمَلُهُ مَحْمُولٌ عَلَى أَنَّهُ مَنْ يَكْفُرُ بِوُجُوبِ الْإِيمَانِ
كَانَ كَمَنْ كَفَرَ بِالرَّسُولِ وَمَا جَاءَ بِهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
مِنَ اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ مِنَ الْأَوَامِرِ وَالنَّوَاهِي وَلَا يَجُوزُ أَنْ
يُوصَفَ عَزَّ وَجَلَّ بِأَنَّهُ مُطِيعٌ وَلَا مُحِبٌّ لِنِسَاءِ الْعَالَمِ وَ
لَا يَجُوزُ عَلَيْهِ الْحُدُودُ وَالنِّهَايَةُ وَلَا الْقُبْلُ وَلَا الْبَعْدُ وَلَا
تَحْتُ وَلَا قُدَّامُ وَلَا خَلْفُ وَلَا كَيْفَ لِأَنَّ جَمِيعَ ذَلِكَ مَا
وَرَدَ بِهِ الشَّرْعُ إِلَّا مَا ذَكَرْنَا مِنْ أَنَّهُ عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوَى
عَلَى مَا وَرَدَ بِهِ الْقُرْآنُ وَالْأَخْبَارُ بَلْ هُوَ عَزَّ وَجَلَّ خَالِقُ
جَمِيعِ الْجِهَاتِ فَلَا يَجُوزُ عَلَيْهِ الْكَيْنُونَةُ وَاخْتُلِفَ فِي جَوَازِ
تَسْمِيَتِهِ بِالشَّخْصِ فَمَنْ جَوَّزَ ذَلِكَ فَلِقَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَدِيثِ الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ لَا شَخْصَ أَغْيَرُ
مِنَ اللَّهِ وَلَا شَخْصَ أَحَبُّ إِلَيْهِ الْمَعَاذِيرُ مِنَ اللَّهِ وَمِنْ
مَنَعَ ذَلِكَ فَلِأَنَّ لَفْظَ الْخَبَرِ لَيْسَ بِصَرِيحٍ فِي الشَّخْصِ لِاحْتِمَالِ
أَنْ يَكُونَ مَعْنَاهُ لَا أَحَدَ أَغْيَرُ مِنَ اللَّهِ وَقَدْ وَرَدَ فِي
بَعْضِ أَلْفَاظِ لَا أَحَدَ أَغْيَرُ مِنَ اللَّهِ وَلَا يَجُوزُ أَنْ يُسَمَّى
فَاضِلًا وَعَتِيقًا وَفَقِيهًا وَلَا فَهِيمًا وَلَا فَطِنًا وَلَا مُحَقِّقًا
وَعَاقِلًا وَمُوَقِّرًا وَلَا طَيِّبًا وَقِيلَ يَجُوزُ وَلَا عَادِيًا لِأَنَّ
ذَلِكَ مَنْسُوبٌ إِلَى زَمَنِ عَادٍ وَهُوَ مُحْدَثٌ وَلَا مُطِيقًا
لِأَنَّهُ خَالِقُ كُلِّ طَاقَةٍ وَهِيَ مَنَاهِيَةٌ وَلَا مُحَفُوظًا لِأَنَّهُ
هُوَ الْحَافِظُ وَلَا يَجُوزُ وَصْفُهُ بِالْمُبَاشَرَةِ وَلَا يَجُوزُ وَصْفُهُ
بِأَنَّهُ مُكْتَسِبٌ لِأَنَّ ذَلِكَ مُحْدَثٌ بِقُدْرَةٍ مُحْدَثَةٍ وَ
اللَّهُ تَعَالَى عَنْ ذَلِكَ وَلَا يَجُوزُ عَلَيْهِ الْعَدَمُ وَهُوَ قَدِيمٌ

شک اور ظن اور غالب گمان اور بھول چوک اور اونگھ اور نیند اور بیماری اور
غنت اور عاجزی اور موت اور گنگے پن اور بہرے پن اور اندھے پن اور شہوت اور
نفرت اور رغبت اور غصہ اور کڑھاپن اور غم اور افسوس اور دلگیری اور پشیمانی اور رنج
اور دکھ اور لذت اور نفع اور ضرر اور آرزو اور قصد اور جھوٹ سے خدا کی صفت کرنا
جائز نہیں ہے اور خدا کا نام ایمان کہنا بھی جائز نہیں ہے اور فرقہ سالمیہ
کا قول اسکے برخلاف ہے انہوں نے خدا عزوجل کے اس قول سے دلیل پکڑی
ہے اور جو شخص ایمان سے کافر ہو تو اسکا کیا اکارت ہوا سو مراد اس سے
یہ ہے کہ جس نے ایمان کے واجب ہونے سے انکار کیا گویا اس نے رسول صلے اللہ
علیہ وسلم کا اور جو آپ خدا کی طرف سے لائے اور نہی لائے اسکا انکار کیا اور خدا کو
فرمانبردار کہنا بھی جائز نہیں ہے اور نہ یہ کہنا کہ وہ جہان کی عورتوں کو
حاملہ کرنے والا ہے اور نہ اسکی کوئی حد اور نہایت ٹھیرانا جائز ہے اور نہ
قبل اور نہ بعد اور نہ پستی اور نہ آگا نہ پیچھا اور نہ یہ کہ وہ کسطرح ہے اسلیے کہ
ان سب باتوں میں شرع وارد نہیں ہوئی سوای اسکے جو ہمنے ذکر کیا
کہ وہ عرش پر قرار گیر ہے جس طور پر کہ قرآن اور حدیثوں میں وارد ہوا بلکہ
اللہ عزوجل تمام جہتوں کا پیدا کرنے والا ہے اور اسکو کتنا کہنا بھی جائز
نہیں ہے اور اسمیں اختلاف ہے کہ خدا کو شخص کہنا جائز ہے یا نہیں سو
جو شخص اسکو جائز کہتا ہے وہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے قول کی دلیل سے
جو مغیرہ بن شعبہ رض کی حدیث میں ہے کہ کوئی شخص اللہ سے زیادہ غیرت
دار نہیں اور خدا سے زیادہ کسی کو عذر پیارا نہیں اور جس نے اس سے منع
کیا ہے تو اس وجہ سے کہ حدیث کا لفظ شخص میں صریح نہیں ہے اسواسطے
احتمال ہے کہ اسکے معنے یہ ہوں کہ خدا سے زیادہ کوئی غیرت دار نہیں اور بعض
روایتوں میں صریح آیا ہے کہ خدا سے زیادہ کوئی غیرت دار نہیں اور خدا کو
فاضل اور عتیق اور فقیہ اور فہیم کہنا بھی جائز نہیں اور نہ اسکو دانا اور
محقق اور عاقل اور عزت دینے والا اور نہ طیب کہنا جائز ہے اور بعض نے کہا
کہ جائز ہے اور نہ اسکو عادی کہنا جائز ہے اسواسطے کہ عاد کو زمانے کی طرف منسوب کیا
عاد کا زمانہ نیا پیدا کیا گیا ہے اور نہ اسکو طاقت والا کہنا جائز ہے اسواسطے کہ وہی طاقت کا
پیدا کرنیوالا ہے اور طاقتوں کی ایک نہایت ہے اور خدا کو محفوظ کہنا بھی جائز نہیں ہے اسواسطے کہ وہ خود
نگہبان ہے اور مباشرت سے بھی اسکی تعریف کرنا جائز نہیں ہے اور اس سے بھی اسکی صفت کرنا
جائز نہیں کہ وہ کسب کرنے والا ہے اسواسطے کہ کسب نئی قدرت سے پیدا ہوا ہے اور اللہ اس سے بلند ہے اور

لا بقدم ولا أقل كوجود خلافا لما قال ابن كلاب من
انه قديم بقدم وهو باق لا يفنى وهو عز وجل عالم
بمعلومات غير متناهية وقادر بمقدورات غير متناهية
خلافا لما ذهبت اليه المعتزلة من ان كل ذلك متناه و
اما الصفات التي يجوز وصفه عز وجل بها فاضحك
والغضب والسخط والرضاء وقد قدمنا ذلك
في اول الباب ويجوز وصفه بانه موجود لقوله تعالى قل
الله عند وبجوز وصفه بانه شئ لقول تعالى قل
اى شئ اكبر شهادة قل الله ويجوز ان يوصف
بانه نفس وذات وعين من غير تشبيه بجارحة
الانسان على ما تقدم بيانه ويجوز وصفه بانه
كائن من غير حد لقوله عز وجل وكان الله بكل
شئ عليما وكان الله بكل شئ رقيبا ويجوز وصفه
بانه قديم وباق وبانه مستطيع لان معنى
الاستطاعة القدرة وهو موصوف بالقدرة ويجوز
وصفه بانه عارف ومتيقن وواثق ودار لان جميع
ذلك راجع الى معنى العالم ولم يرد الشرع بمنع ذلك
ولا اللغة بل قال الشاعر اللهم لا ادري وانت
الداري ويجوز وصفه بانه راء ويرجع الى معنى العالم
ويجوز وصفه بانه مطلع على خلقه وعباده بمعنى
عالم بهم وكذلك واجد بمعنى عالم ويجوز وصفه بانه
جميل ومجمل لصنع في الصنع الى خلقه ويجوز وصفه
بانه ذيان على معنى انه مجاز لعباده على افعالهم
الدين الحساب كما تدين تدان مالك يوم الدين
اى يوم الحساب وعلى معنى الشارع لعباده عبادة
وشريعة دعاهم اليها وفرض ذلك عليهم ثم هو
يجازيهم على ما فعلوا فيها ويجوز وصفه بانه مقدر
على معنى التقدير لانه كل شئ خلقه بقدر الذي
قدر فهدى وعلى معنى الخبر قال الا امرأته قدرنا

نہ صفت قدم سے (جو ذات پر زائد ہے) اور اسکے وجود کی کوئی ابتدا نہیں ابن کلاب نے
اسکے برخلاف کہا کہ وہ قدیم ہے قدم کی صفت سے اور وہ باقی ہے کبھی فانی نہیں ہوگا
اور اللہ عزوجل کے معلومات کی کوئی انتہا نہیں اور اسکے مقدورات کی بھی کوئی
انتہا نہیں معتزلہ نے اسکے برخلاف دعوی کیا ہے کہ ان سب باتوں کی ایک انتہا
ہے لیکن جن صفتوں سے خدا کی صفت کرنا جائز ہے وہ خوشی اور ہنسنا اور غصہ اور
غضب اور راضی ہونا ہے اور ہنسنا اسکو باب کے ابتدا میں پہلے بیان کر چکے ہیں اور خدا کو
موجود کہنا بھی جائز ہے خدا کے اس قول کی دلیل سے اور اسنے خدا کو اپنے تئیں
موجود پایا اور خدا کو شے کہنا بھی جائز ہے اس آیت کی دلیل سے تو کہہ کونسی
چیز زیادہ گواہی کے لائق ہے تو کہہ اللہ تعالی کو نفس کہنا بھی جائز ہے اور
ذات اور عین بھی بدون تشبیہ دینے کے کسی عضو سے جیسا کہ اسکا بیان
پہلے گذر چکا ہے اور اس سے بھی خدا کی صفت کرنا جائز ہے کہ وہ ہمیشہ والا ہے
بغیر کسی حد معین کے اللہ عزوجل کے اس قول کی دلیل سے اور اللہ ہر چیز جاننے والا
اور اللہ ہر چیز پر نگہبان ہے اور اللہ کو قدیم کہنا بھی جائز ہے اور باقی بھی اور
اسکو مستطیع کہنا بھی جائز ہے اس واسطے کہ استطاعت کے معنے قدرت
کے ہیں اور وہ قدرت سے موصوف ہے اور اسکو عارف اور متیقن اور واثق اور دار کہنا
بھی جائز ہے اس واسطے کہ ان سب لفظوں کے معنے ہیں جاننے والا اور شرع میں
اسکی ممانعت وارد نہیں ہوئی اور نہ لغت میں بلکہ شاعر نے کہا کہ الٰہی میں نہیں
جانتا اور تو جانتا ہے اور اسکو راء بھی کہنا بھی جائز ہے اس واسطے کہ اسکے معنے بھی
عالم کے ہیں یعنی جاننے والا اور اس سے بھی اسکی صفت کرنا جائز ہے کہ وہ اپنی
مخلوق اور بندوں پر مطلع ہے ان معنوں سے کہ وہ انکو جانتا ہے اور اسی طرح واجد
کے معنے بھی عالم ہیں اور اسکو جمیل اور مجمل کہنا بھی جائز ہے بمعنی صانع
اپنی مخلوق کے ساتھ احسان کرنے میں اور اسکو ذیان کہنا بھی جائز ہے
ان معنوں سے کہ وہ اپنے بندوں کو انکے کاموں کا بدلا دینے والا ہے اور
دین کے معنے حساب کے ہیں جیسا کریگا بدلہ پاویگا مالک ہے دین کے دن
کا یعنے حساب کے دن کا یا ان معنوں سے کہ اسنے اپنے بندوں کے لیے عبادت اور
شریعت پیدا کی جسکی طرف انکو بلایا اور جو اوپر فرض کی ہے جو انہوں نے
اوپر کیا اسکا انکو بدلہ دیگا اور اللہ کو مقدر کہنا بھی جائز ہے تقدیر کے معنوں
سے اللہ نے فرمایا کہ ہم نے ہر چیز کو اندازے پیدا کیا جسکو اللہ نے معین کیا اور راہ دکھلائی
اور خیر کے معنوں سے بھی خدا نے فرمایا مگر اسکی عورت کہ ہم نے مقدر کیا

إِنَّهَا لَمِنَ الْغَابِرِينَ أَيْ أَخْبَرْنَا لُوطًا عَلَيْهِ السَّلَامُ بِأَنَّ
امْرَأَتَهُ مِنَ الْبَاقِينَ فِي الْعَذَابِ مِنْ دُونِ أَهْلِهِ وَلَا
يَجُوزُ أَنْ يَكُونَ مَعْنَاهُ الظَّنَّ وَالشَّكَّ تَعَالَى اللَّهُ عَنْ
ذَلِكَ وَيَجُوزُ وَصْفُهُ بِأَنَّهُ نَاظِرٌ عَلَى مَعْنَى أَنَّهُ رَاءٍ مُدْرِكٌ
لِلْأَشْيَاءِ عَلَى مَعْنَى أَنَّهُ مُدَبِّرٌ وَمُقَدِّرٌ تَعَالَى عَنْ ذَلِكَ
وَيَجُوزُ وَصْفُهُ بِأَنَّهُ شَفِيقٌ عَلَى مَعْنَى الرَّحْمَةِ لِخَلْقِهِ وَ
الرَّأْفَةِ كَذَا عَلَى مَعْنَى الْخَوْفِ وَالْحُزْنِ وَكَذَلِكَ يَجُوزُ
وَصْفُهُ بِأَنَّهُ رَفِيقٌ عَلَى مَعْنَى الرَّحْمَةِ وَالتَّعَطُّفِ بِخَلْقِهِ
كَذَا عَلَى مَعْنَى التَّثْبِيتِ فِي الْأُمُورِ وَالْإِجْمَالِ فِي صُدُورِهَا
وَالسَّلَامَةِ مِنْ عَوَارِضِهَا وَيَجُوزُ وَصْفُهُ بِأَنَّهُ سَخِيٌّ كَمَا
يَجُوزُ وَصْفُهُ بِأَنَّهُ كَرِيمٌ وَجَوَادٌ لِأَنَّ مَعْنَى الْكُلِّ
التَّفَضُّلُ وَالْإِحْسَانُ إِلَى خَلْقِهِ وَلَا يُقْصَدُ بِذَلِكَ الرَّخَاوَةُ
وَاللِّينُ عَلَى مَا هُوَ فِي اللُّغَةِ مُسْتَعْمَلٌ فِي ضِدِّ سَخِيَّةٍ وَقَدْ
يُسَخَّى إِذَا كَانَ لَيِّنًا وَيَجُوزُ وَصْفُهُ بِأَنَّهُ آمِرٌ وَنَاهٍ وَ
مُبِيحٌ وَحَاظِرٌ وَمُحَلِّلٌ وَمُحَرِّمٌ وَفَارِضٌ وَمُلْزِمٌ وَمُوجِبٌ
وَنَادِبٌ وَمُرْشِدٌ وَقَاضٍ وَحَاكِمٌ عَلَى مَا ذَكَرْنَاهُ وَ
كَذَلِكَ يَجُوزُ وَصْفُهُ بِأَنَّهُ وَاعِدٌ وَمُتَوَاعِدٌ وَمُخَوِّفٌ
وَمُحَذِّرٌ وَذَامٌّ وَمَادِحٌ وَمُخَاطِبٌ وَمُتَكَلِّمٌ وَقَائِلٌ كُلُّ ذَلِكَ رَاجِعٌ إِلَى مَعْنَى أَنَّهُ مَوْصُوفٌ بِالْكَلَامِ
وَيَجُوزُ وَصْفُهُ بِأَنَّهُ مُعْدِمٌ عَلَى مَعْنَى أَنَّهُ لَمْ يُوجِدْ
وَلَمْ يَفْعَلْ وَعَلَى مَعْنَى أَنَّهُ مُعْدِمٌ لِمَا أَوْجَدَهُ بَعْدَ
إِيجَادِهِ بِقَطْعِ الْبَقَاءِ عَنْهُ فَيُعْدِمُ بِذَلِكَ وَيَجُوزُ
وَصْفُهُ بِأَنَّهُ فَاعِلٌ بِمَعْنَى أَنَّهُ مُخْتَرِعٌ لِمَا أَتَى مَا
فَعَلَهُ وَخَالِقٌ لَهُ وَجَاعِلٌ بِقُدْرَتِهِ فَاسْتَحَقَّ لِذَلِكَ
هَذَا الْوَصْفَ لَا عَلَى مَعْنَى الْمُبَاشَرَةِ لِلْأَشْيَاءِ لِأَنَّ
حَقِيقَةَ ذَلِكَ تَلَاقِي الْأَجْسَامِ وَمُمَاسَّتُهَا وَاللَّهُ سُبْحَانَهُ
تَعَالَى مُتَعَالٍ عَنْ ذَلِكَ وَكَذَلِكَ يَجُوزُ وَصْفُهُ بِأَنَّهُ
جَاعِلٌ عَلَى مَعْنَى أَنَّهُ فَاعِلٌ وَفِعْلُهُ مَفْعُولٌ لِقَوْلِهِ
تَعَالَى وَجَعَلْنَا اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ آيَتَيْنِ وَيَجُوزُ أَنْ يَكُونَ

کہ پیچھے رہنے والوں سے ہے یعنے ہم نے لوط علیہ السلام کو خبر دی کہ اسکی عورت عذاب
مین باقی رہنے والون مین سے ہے بدون اسکے اور گھر والون کے اور اسکے معنے شک اور ظن
کے کرنا جائز نہین ہے اللہ تعالی اس سے بلند ہے اور اسکو ناظر کہنا بھی جائز ہے
ان معنون سے کہ وہ چیزون کو دیکھنے والا اور پانے والا ہے نہ ان معنون سے کہ وہ
تردد اور فکر مند ہے اللہ اس سے بلند ہے اور اسکو شفیق کہنا بھی جائز ہے ان معنون
سے کہ وہ اپنی مخلوق کے ساتھ رحمت اور نرمی کرتا ہے نہ خوف اور غم کے معنون
سے اور اسیطرح اسکو رفیق کہنا بھی جائز ہے ان معنون سے کہ وہ اپنی مخلوق پر
رحمت اور مہربانی کرتا ہے نہ ان معنون سے کہ وہ کاموں مین ثابت رکھتا ہے
اور انکی درستی مین کوشش کرتا ہے اور انکے انجام سے مستغنی ہے مین اور اسکو
سخی کہنا بھی جائز ہے جیسے اسکو کریم اور جواد کہنا جائز ہے اس واسطے کہ ان
سب لفظون کے معنے ایک ہی ہین یعنے اپنی مخلوق پر فضل اور احسان کرنیوالا
ہے سختی اور نرمی اس سے مقصود نہین جیسا کہ لغت مین مستعمل ہے کہتے
ہین کہ زمین سخی ہے اور کاغذ سخی ہے جبکہ دونون نرم ہون اور ان لفظون
سے بھی اسکی صفت کرنا جائز ہے کہ وہ حکم کرنیوالا اور منع کرنیوالا اور مباح
کرنے والا اور روکنے والا اور حلال کرنے والا اور حرام کرنے والا فرض کرنیوالا اور
واجب کرنیوالا اور مستحب ٹھیرانے والا اور راہ دکھانیوالا اور قاضی اور حاکم
ہے جیسا ہمنے ذکر کیا اور اسیطرح اللہ کے حق مین یہ کہنا بھی جائز ہے کہ وہ
وعدہ کرنیوالا اور عذاب کا وعدہ دینے والا اور ڈرانیوالا اور مذمت کرنیوالا اور مدح کرنیوالا
اور خطاب کرنیوالا اور کلام کرنیوالا اور کہنے والا ہے ان سب کے معنے یہی ہین کہ وہ کلام
کرنیسے موصوف ہے اور اسکی صفت یون کرنا بھی جائز ہے کہ وہ نابود کرنیوالا ہے ان معنون
سے کہ نہ اُسنے پیدا کیا اور نہ کیا اور ان معنون سے کہ وہ اپنی پیدا کی چیز کو پیدا کرنے
کے بعد نیست و نابود کر سکتا ہے اور اسکی زندگی قطع کر سکتا ہے سو وہ نیست و
نابود ہو جاتی ہے اور اسکو فاعل کہنا بھی جائز ہے ان معنون سے کہ وہ اپنی پیدا کی چیز
کا ایجاد اور پیدا کرنیوالا اور اپنی قدرت سے بنانیوالا ہے سو وہ اس سبب سے اس وصف کا
مستحق ہے نہ ان معنون سے کہ وہ چیزون کو خود بنانے سے بناتا ہے اس واسطے کہ اسکی
حقیقت جسمون کا باہم ملنا اور چھونا ہے اور اللہ سبحانہ تعالی اس سے بلند ہے
اور اسی طرح اسکو جاعل کہنا بھی جائز ہے ان معنون سے کہ وہ کرنیوالا
ہے اور اسکا فعل مفعول ہے جیسے اللہ تعالے نے فرمایا اور ہم نے رات
اور دن کو دو نشانیان بنایا اور جائز ہے

الجعل بمعنى الحكم قال عز وجل فجعلناه قرآنا عربيا و
يجوز وصفه بانه تارك في الحقيقة كما وصف بانه فاعل
على معنى انه فاعل بعد فعله الآخر بدلا من الاول
بقدرته العامة الشاملة لا على معنى كف النفس و
منعها عما يؤول الى فعله ويجوز وصفه بانه يوجد على
معنى انه يخلق وكذلك يجوز وصفه بانه مكون
على معنى انه موجد ويجوز وصفه بانه مثبت على
معنى انه يوجد في الشئ البقاء والثبات كما قال الله
عز وجل يمحو الله ما يشاء ويثبت وعنده ام الكتاب
ويجوز وصفه بانه عامل وصانع بمعنى خالق ويجوز
وصفه بانه مصيب على معنى ان افعاله واقعة على
ما قصده واراده من غير تفاوت وتزايد وتناقص لانه
تعالى عالم بها وبحقايقها وكيفياتها لا على معنى ازدياد
موافق لامر امره بفعلها تعالى عز ذلك ويجوز اطلاق
هذه الصفة على عبد من عبيده فيقال انه مصيب
بمعنى انه مطيع لربه متبع لامره منته الى نهيه كذلك
اذا كان مطيعا لمن هو فوقه ورئيسه ويجوز وصف افعاله
عز وجل بانه صواب على معنى انها حق وثابت ويجوز
وصفه بانه مثيب ومنعم على معنى انه يجعل الثواب
صنعا معظما وكذلك يجوز وصفه بانه معاقب مجازيا
على معنى انه يهين العاصي ويذله على معصيته ويجوز
وصفه بانه قديم الاحسان على معنى انه موصوف
بالخلق والرزق في القديم قال عز وجل ان الذين
سبقت لهم منا الحسنى ويجوز وصفه بانه دليل وقد
نص الامام احمد عليه في حق رجل قال له زودني
عوة قال اريد الحج قال اخرج الى طرسوس فقال له قل يا
عَنْ اَيُّوْبَ عَلَيْهِ السَّلَامُ يَوْمَ عَاشُوْرَآءَ وَتَابَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى اٰدَمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ يَوْمَ عَاشُوْرَآءَ وَغَفَرَ اللّٰهُ تَعَالٰى ذَنْبَ دَاوٗدَ عَلَيْهِ السَّلَامُ يَوْمَ عَاشُوْرَآءَ وَوُلِدَ عِيْسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ يَوْمَ عَاشُوْرَآءَ وَيَوْمُ الْقِيٰمَةِ فِيْ يَوْمِ عَاشُوْرَآءَ وَفِيْ لَفْظٍ اٰخَرَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رض قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَامَ يَوْمَ عَاشُوْرَآءَ كَتَبَ اللّٰهُ لَهٗ عِبَادَةَ سِتِّيْنَ سَنَةً بِصِيَامِهَا وَقِيَامِهَا وَمَنْ يَوْمَ عَاشُوْرَآءَ اَعْطٰى ثَوَابَ اَلْفِ شَهِيْدٍ وَمَنْ صَامَ يَوْمَ عَاشُوْرَآءَ كَتَبَ اللّٰهُ لَهٗ اَجْرَ اَهْلِ سَبْعِ سَمٰوٰتٍ وَمَنْ فَطَّرَ مُؤْمِنًا يَوْمَ عَاشُوْرَآءَ فَكَاَنَّمَا اَفْطَرَ عِنْدَهٗ جَمِيْعَ اُمَّةِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَشْبَعَ بُطُوْنَهُمْ وَمَنْ مَسَحَ رَاْسَ يَتِيْمٍ فِيْ يَوْمِ عَاشُوْرَآءَ رُفِعَتْ لَهٗ بِكُلِّ شَعْرَةٍ عَلٰى رَاْسِهٖ دَرَجَةٌ فِي الْجَنَّةِ فَقَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رض يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ لَقَدْ فَضَّلَنَا اللّٰهُ تَعَالٰى يَوْمَ عَاشُوْرَآءَ قَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَلَقَ اللّٰهُ تَعَالَى السَّمٰوٰتِ يَوْمَ عَاشُوْرَآءَ وَالْاَرْضَ كَمِثْلِهٖ وَخَلَقَ الْجِبَالَ يَوْمَ عَاشُوْرَآءَ وَالنُّجُوْمَ كَمِثْلِهٖ وَخَلَقَ الْعَرْشَ يَوْمَ عَاشُوْرَآءَ وَالْكُرْسِيَّ كَمِثْلِهٖ وَخَلَقَ اللَّوْحَ يَوْمَ عَاشُوْرَآءَ وَالْقَلَمَ كَمِثْلِهٖ وَخَلَقَ جِبْرَئِيْلَ يَوْمَ عَاشُوْرَآءَ وَالْمَلٰئِكَةَ كَمِثْلِهٖ وَخَلَقَ اٰدَمَ فِيْ يَوْمِ عَاشُوْرَآءَ وَوُلِدَ اِبْرٰهِيْمُ عَلَيْهِ السَّلَامُ فِيْ يَوْمِ عَاشُوْرَآءَ وَنَجَّاهُ اللّٰهُ تَعَالٰى يَوْمَ عَاشُوْرَآءَ وَفَدّٰى اللّٰهُ ابْنَهٗ يَوْمَ عَاشُوْرَآءَ وَاَغْرَقَ فِرْعَوْنَ فِيْ يَوْمِ عَاشُوْرَآءَ وَرَفَعَ اِدْرِيْسَ عَلَيْهِ السَّلَامُ فِيْ يَوْمِ عَاشُوْرَآءَ وَكَشَفَ الضُّرَّ عَنْ اَيُّوْبَ عَلَيْهِ السَّلَامُ فِيْ يَوْمِ عَاشُوْرَآءَ وَرَفَعَ عِيْسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ فِيْ يَوْمِ عَاشُوْرَآءَ وَوُلِدَ عِيْسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ فِيْ يَوْمِ عَاشُوْرَآءَ وَتَابَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى اٰدَمَ فِيْ يَوْمِ عَاشُوْرَآءَ وَغَفَرَ ذَنْبَ دَاوٗدَ فِيْ يَوْمِ عَاشُوْرَآءَ وَاَعْطَى اللّٰهُ الْمُلْكَ لِسُلَيْمٰنَ فِيْ يَوْمِ عَاشُوْرَآءَ

حضرت ایوب علیہ السلام سے دن عاشورا کے اور اللہ تعالےٰ نے حضرت آدم علیہ السلام سے توبہ قبول کی عاشورا کے دن اور اللہ تعالےٰ نے حضرت داؤد علیہ السلام کا گناہ معاف کیا عاشورا کے دن اور پیدا ہوئے حضرت عیسےٰ علیہ السلام عاشورا کے دن اور قیامت کا دن عاشورا کے دن میں ہوگا اور ابن عباسؓ سے ایک اور لفظ میں ہے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو کوئی عاشورا کے دن میں روزہ رکھے اللہ تعالےٰ اسکے لیئے ساٹھ برس کی عبادت لکھیگا جنکے دن میں روزہ اور رات کو قیام ہوا ہو اور جو کوئی عاشورا کے دن میں روزہ رکھے وہ ہزار شہید کا ثواب دیا جاویگا اور جو کوئی عاشورا کے دن میں روزہ رکھے اللہ تعالےٰ اسکے لیئے ساتوں آسمانوں کے رہنے والوں کا ثواب لکھے گا اور جو کوئی عاشوراء کے دن ایک مومن کا روزہ کھولاوے تو گویا اسنے اپنے پاس حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی تمام امت کا روزہ کھولایا اور انکے پیٹ بھر دیئے اور جو کوئی عاشورا کے دن ایک یتیم کے سر پر ہاتھ پھیرے تو بلند کیا جاویگا اسکے لیئے یتیم کے سر کے ہر بال کے عوض بہشت میں ایک درجہ تو حضرت عمر بن خطابؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ اللہ تعالیٰ نے ہمکو عاشورا کے دن میں بڑی فضیلت دی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہاں اللہ تعالیٰ نے آسمانوں کو پیدا کیا عاشورا کے دن اور زمین کو بھی اسیطرح اور پہاڑوں کو پیدا کیا عاشورا کے دن اور ستاروں کو اسیطرح اور عرش کو پیدا کیا عاشورا کے دن اور کرسی کو اسیطرح اور لوح کو پیدا کیا عاشورا کے دن اور قلم کو اسیطرح اور حضرت جبریل کو پیدا کیا عاشورا کے دن اور فرشتوں کو اسیطرح اور حضرت آدمؑ کو پیدا کیا عاشورا کے دن اور حضرت ابراہیم پیدا ہوئے عاشورا کے دن میں اور اللہ تعالیٰ نے اسکو نجات دی عاشورا کے دن میں اور اسکے بیٹے سے اللہ نے عوض دیا عاشورا کے دن میں اور فرعون کو غرق کیا عاشورا کے دن میں اور حضرت ادریس علیہ السلام کو آسمان پر اٹھا لیا عاشورا کے دن میں اور حضرت ایوب علیہ السلام سے تکلیف دور کی عاشورا کے دن میں اور اٹھا لیا حضرت عیسےٰ علیہ السلام کو عاشورا کے دن میں اور حضرت عیسےٰ علیہ السلام پیدا کیئے گئے عاشورا کے دن میں اور اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام سے توبہ قبول کی عاشورا کے دن اور حضرت داؤد علیہ السلام کا گناہ معاف فرمایا عاشورا کے دن اور اللہ تعالیٰ نے بادشاہی دی حضرت سلیمان کو عاشورا

کے دن

وَاسْتَوَى الرَّبُّ تَبَارَكَ وَتَعَالَى عَلَى الْعَرْشِ فِي يَوْمِ عَاشُورَاءَ وَيَوْمُ الْقِيَامَةِ فِي يَوْمِ عَاشُورَاءَ وَاَوَّلُ مَطَرٍ نَزَلَ مِنَ السَّمَاءِ يَوْمَ عَاشُورَاءَ وَاَوَّلُ رَحْمَةٍ نَزَلَتْ فِي يَوْمِ عَاشُورَاءَ وَمَنِ اغْتَسَلَ يَوْمَ عَاشُورَاءَ لَمْ يَمْرَضْ مَرَضًا الَّا مَرَضَ الْمَوْتِ وَمَنِ اكْتَحَلَ بِالْاِثْمِدِ يَوْمَ عَاشُورَاءَ لَمْ تَرْمَدْ عَيْنُهُ تِلْكَ السَّنَةَ كُلَّهَا وَمَنْ عَادَ مَرِيضًا يَوْمَ عَاشُورَاءَ فَكَاَنَّمَا عَادَ وَلَدَ اٰدَمَ عَامَّةً وَمَنْ سَقَى شَرْبَةً مِنْ مَّاءٍ يَوْمَ عَاشُورَاءَ فَكَاَنَّمَا لَمْ يَعْصِ اللّٰهَ طَرْفَةَ عَيْنٍ وَمَنْ صَلّٰى اَرْبَعَ رَكَعَاتٍ يَوْمَ عَاشُورَاءَ يَقْرَءُ فِي كُلِّ رَكْعَةٍ فَاتِحَةَ الْكِتَابِ مَرَّةً وَخَمْسِيْنَ مَرَّةً قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ غَفَرَ اللّٰهُ لَهٗ ذُنُوْبَ خَمْسِيْنَ عَامًا مَّاضِيًا وَّخَمْسِيْنَ عَامًا مُّسْتَقْبَلًا وَبَنَى اللّٰهُ تَعَالٰى لَهٗ فِي الْمَلَاِ الْاَعْلٰى اَلْفَ قَصْرٍ مِّنْ نُّوْرٍ وَّقَدْ وَرَدَ فِي حَدِيْثٍ اٰخَرَ اَرْبَعُ رَكَعَاتٍ بِتَسْلِيْمَتَيْنِ يَقْرَءُ فِي كُلِّ رَكْعَةٍ فَاتِحَةَ الْكِتَابِ مَرَّةً وَّاحِدَةً وَاِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ زِلْزَالَهَا مَرَّةً وَّقُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ مَرَّةً وَّقُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ مَّرَّةً وَّيُصَلِّيْ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبْعِيْنَ مَرَّةً اِذَا فَرَغَ مِنْهَا غَفَرَ اللّٰهُ لَهٗ ذُنُوْبَ سَبْعِيْنَ عَامًا مَّاضِيًا وَّسَبْعِيْنَ عَامًا مُّسْتَقْبَلًا وَبَنَى اللّٰهُ تَعَالٰى لَهٗ فِي الْمَلَاِ الْاَعْلٰى سَبْعِيْنَ اَلْفَ قَصْرٍ مِّنْ نُّوْرٍ وَّقَدْ وَرَدَ فِي حَدِيْثٍ اٰخَرَ اَرْبَعُ رَكَعَاتٍ بِتَسْلِيْمَتَيْنِ يَقْرَءُ فِي كُلِّ رَكْعَةٍ فَاتِحَةَ الْكِتَابِ مَرَّةً وَّاحِدَةً وَاِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ زِلْزَالَهَا مَرَّةً وَّقُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ مَرَّةً وَّقُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ مَّرَّةً وَّيُصَلِّيْ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبْعِيْنَ مَرَّةً اِذَا فَرَغَ مِنْهَا غَفَرَ اللّٰهُ لَهٗ ذُنُوْبَ خَمْسِيْنَ عَامًا مَّاضِيًا وَّخَمْسِيْنَ عَامًا مُّسْتَقْبَلًا وَبَنَى اللّٰهُ تَعَالٰى لَهٗ فِي الْمَلَاِ الْاَعْلٰى اَلْفَ قَصْرٍ مِّنْ نُّوْرٍ وَّقَدْ وَرَدَ فِي حَدِيْثٍ اٰخَرَ اَرْبَعُ رَكَعَاتٍ بِتَسْلِيْمَتَيْنِ يَقْرَءُ فِي كُلِّ رَكْعَةٍ فَاتِحَةَ الْكِتَابِ مَرَّةً وَّاحِدَةً وَاِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ زِلْزَالَهَا مَرَّةً وَّقُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ مَرَّةً وَّقُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ مَّرَّةً وَّيُصَلِّيْ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبْعِيْنَ مَرَّةً اِذَا فَرَغَ مِنْهَا مَرْوِيٌّ ذٰلِكَ فِيْ حَدِيْثِ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رض وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَيْضًا قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ افْتُرِضَ عَلٰى بَنِيْ اِسْرَائِيْلَ صَوْمُ يَوْمٍ فِي السَّنَةِ وَهُوَ يَوْمُ عَاشُوْرَاءَ الْعَاشِرُ مِنَ الْمُحَرَّمِ فَصُوْمُوْهُ وَوَسِّعُوْا فِيْهِ عَلٰى عِيَالِكُمْ وَمَنْ وَّسَّعَ عَلٰى عِيَالِهٖ مِنْ مَّالِهٖ فِيْ يَوْمِ عَاشُوْرَاءَ وَسَّعَ اللّٰهُ عَلَيْهِ سَائِرَ سَنَتِهٖ وَمَنْ صَامَ هٰذَا الْيَوْمَ كَانَ لَهٗ كَفَّارَةَ اَرْبَعِيْنَ سَنَةً وَمَا مِنْ اَحَدٍ اَحْيَا لَيْلَةَ عَاشُوْرَاءَ لَقِيَ اللّٰهَ صَائِمًا مَّاتَ وَلَمْ يَمُتْ بِالْمَوْتِ وَفِيْ حَدِيْثِ عَلِيٍّ كَرَّمَ اللّٰهُ وَجْهَهٗ قَالَ قَالَ

اور چڑھا پروردگار بلند اور برکت والا عرش پر عاشورا کے دن اور قیامت کا دن ہوگا عاشورا کے دن اور پہلی بار آسمان سے مینہ عاشورا کے دن برسا اور پہلی رحمت عاشورا کے دن میں اتری اور جو کوئی عاشورا کے دن نہائے وہ کسی بیماری سے بیمار نہ ہوگا سوا موت کی بیماری کے اور جو کوئی عاشورا کے دن سرمہ لگاوے تو اسکی آنکھ نہ دکھیگی اس سال ساری میں اور جو کوئی عاشورا کے دن کسی بیمار کی عیادت کرے تو گویا اسنے عیادت کی آدم کی تمام اولاد کی اور جو کوئی عاشورا کے دن ایک بار پانی پلاوے کو گویا اسنے اللہ تعالیٰ کی نافرمانی آنکھ کے ایک بلک مارنے کی برابر نہیں کی اور جو کوئی عاشورا کے دن چار رکعت پڑھے ہر رکعت میں سورہ فاتحہ ایک بار اور پچاس بار پڑھے قل ہو اللہ احد تو اللہ تعالیٰ اسکے لیئے پچاس سال گذشتہ کے گناہ اور پچاس سال آیندہ کے بخشدیگا اور اللہ تعالیٰ اسکے لیئے اوپر کے گروہ میں بنا دیگا ہزار محل نور سے اور ایک حدیث میں آیا ہے چار رکعتیں دو سلاموں سے ہر رکعت میں پڑھے سورہ فاتحہ ایکبار اور اذا زلزلت الارض زلزالہا ایک بار اور قل یا ایہا الکفرون ایک بار اور قل ہو اللہ احد ایک بار اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر ستر بار درود بھیجے جب اس سے فارغ ہو یہ روایت کیا گیا ہے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث میں اور نیز ابوہریرہ رضی سے روایت ہے کہا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بنی اسرائیل پر فرض کیا گیا ایک دن کا روزہ سال بھر میں اور وہ عاشورا کا دن ہے۔ محرم سے دسوان دن ہو تم اسدن روزہ رکھو اور اسدن اپنے عیال پر فراخی کرو اور جو کوئی اپنے اہل پر اپنے مال سے فراخی کرتا ہے عاشورا کے دن میں تو اللہ تعالیٰ اوسپر تمام سال فراخی کرے گا اور جو کوئی روزہ رکھے اسدن میں تو وہ اسکے لیئے چالیس سال کا کفارہ ہوجاویگا اور نہیں کوئی جو عاشورا کی رات زندہ رکھے اور صبح کو روزہ دار اٹھے وہ مرجاوے اور اپنی موت کو نہ جانتا ہو اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی حدیث میں ہے۔ کہا حضرت

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَحْيَا لَيْلَةَ عَاشُوْرَاءَ
اَحْيَاهُ اللّٰهُ تَعَالٰى مَا شَاءَ وَعَنْ سُفْيَانَ بْنِ عُيَيْنَةَ عَنْ
جَعْفَرٍ الْكُوْفِيِّ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْتَشِرِ وَكَانَ مِنْ
اَفْضَلِ مَنْ رُئِيَ بِالْكُوْفَةِ عَلٰى مَا قِيْلَ فِيْ زَمَانِهٖ اَنَّهٗ
بَلَغَهٗ اَنَّ مَنْ وَسَّعَ عَلٰى عِيَالِهٖ فِيْ يَوْمِ عَاشُوْرَاءَ وَسَّعَ
اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ سَائِرَ سَنَتِهٖ قَالَ سُفْيَانُ فَجَرَّبْنَا ذٰلِكَ
مُنْذُ خَمْسِيْنَ سَنَةً فَلَمْ نَرَ اِلَّا سَعَةً وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ
قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ وَسَّعَ عَلٰى
اَهْلِهٖ فِيْ عَاشُوْرَاءَ وَسَّعَ اللّٰهُ عَلَيْهِ سَائِرَ سَنَتِهٖ وَقِيْلَ
عَنْ بَعْضِ السَّلَفِ اَنَّهٗ قَالَ مَنْ صَامَ يَوْمَ الزِّيْنَةِ
يَوْمَ عَاشُوْرَاءَ اَدْرَكَ مَا فَاتَهٗ مِنْ صِيَامِ السَّنَةِ
وَمَنْ تَصَدَّقَ فِيْهِ يَوْمَئِذٍ اَدْرَكَ مَا فَاتَهٗ مِنْ صَدَقَةِ
السَّنَةِ وَقَالَ يَحْيَى بْنُ كَثِيْرٍ مَنِ اكْتَحَلَ يَوْمَ عَاشُوْرَاءَ
بِكُحْلٍ فِيْهِ مِسْكٌ لَمْ يَشْتَكِ عَيْنَهٗ اِلٰى قَابِلٍ مِنْ ذٰلِكَ
الْيَوْمِ وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ نَصْرٍ عَنْ وَالِدِهٖ بِاِسْنَادِهٖ عَنْ اَبِيْ
غَلِيْفٍ اِبْنِ اُمَيَّةَ بْنِ خَلَفٍ الْجُمَحِيِّ قَالَ رَاَى النَّبِيُّ صَلَّى
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى بَنِيَّ صُرَدًا قَالَ هٰذَا اَوَّلُ طَائِرٍ
صَامَ عَاشُوْرَاءَ وَقَالَ قَيْسُ بْنُ عُبَادَةَ كَانَتِ الْوُحُوْشُ
تَصُوْمُ يَوْمَ عَاشُوْرَاءَ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِ قَالَ
قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَفْضَلُ
صِيَامٍ بَعْدَ شَهْرِ رَمَضَانَ شَهْرُ اللّٰهِ الَّذِيْ يَدْعُوْنَهٗ
الْمُحَرَّمَ وَاَفْضَلُ الصَّلٰوةِ بَعْدَ الْمَفْرُوْضَةِ وَفِيْ جَوْفِ
اللَّيْلِ الصَّلٰوةُ يَوْمَ عَاشُوْرَاءَ وَعَنْ عَلِيٍّ كَرَّمَ اللّٰهُ
وَجْهَهٗ قَالَ اِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِيْ
شَهْرِ الْمُحَرَّمِ تَابَ اللّٰهُ عَلٰى قَوْمٍ وَيَتُوْبُ عَلٰى اٰخَرِيْنَ
وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رض قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَامَ اٰخِرَ يَوْمٍ مِنْ ذِي الْحِجَّةِ وَاَوَّلَ
يَوْمٍ مِنَ الْمُحَرَّمِ فَقَدْ خَتَمَ السَّنَةَ الْمَاضِيَةَ بِصَوْمٍ
وَافْتَتَحَ السَّنَةَ الْمُسْتَقْبَلَةَ بِصَوْمٍ وَجَعَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ

رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو کوئی عاشورا کی رات کو
جاگتا رہے اُسکو زندہ رکھیگا اللہ تعالی جبتک چاہے اور روایت ہی
سفیان بن عیینہ سے اُسنے جعفر کوفی سے اُسنے ابراہیم بن محمد منتشر سے اور
ابراہیم اُن سب سے افضل تھے جو کوفہ میں دیکھے گئے اس بیان پر جو اُسکو
زمانہ میں کہا گیا۔ اسکو پہونچا جو شخص اپنے عیال پر فراخی کرے
عاشورا کے دن تو اللہ تعالے اُسپر اُسکے سال میں فراخی کرے گا
سفیان نے کہا سو ہمنے تجربہ کیا اسکا پچاس سال سے سو ہمنے دیکھا سوا
فراخی کے اور عبداللہ سے روایت ہی کہا حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
نے فرمایا جو شخص اپنے گھر کے لوگوں پر عاشورا کے دن فراخی کریگا تو اللہ تعالی
اُسپر تمام سال فراخی کرے گا اور بعض سلف سے روایت ہے کہا اُسنے کہا
جو شخص زینت کے دن کا روزہ رکھے یعنے عاشورا کے دن کا تو وہ پالیگا
جو اس سے فوت ہوا سال کے روزوں میں سے اور جو کوئی اسدن صدقہ کریگا
تو وہ پالیگا جو اس سے فوت ہوا سال کے صدقہ میں اور یحیے بن کثیر نے
کہا جو شخص عاشورا کے دن سرمہ لگاوے اس سرمہ میں سے جسمیں کستوری ہو تو اُسکی
آنکھ اُسدن سے آیندہ سال تک نہ دُکھیگی اور ہمکو خبر دی ابو نصر نے اپنے
باپ سے اپنے اسناد سے ابو غلیظ بن امیہ بن خلف جمحی سے کہا حضرت
نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے میرے گھر پر مجھ کو دیکھا تو فرمایا یہ پہلا جانور ہے
جسنے عاشورے کے دن کا روزہ رکھا اور قیس بن عبادہ نے کہا جنگل کے
جانور روزہ رکھتے ہیں عاشورا کے دن ہیں اور حضرت ابوہریرہؓ سے روایت
ہے کہا حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بہتر روزے رمضان
کے بعد اللہ کے مہینے کے روزے ہیں جسکو بولتے ہیں محرم اور بہتر نماز
فرض اور رات کے درمیان کی نماز کے بعد وہ نماز ہے جو عاشورا کے
دن میں ہو اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے روایت ہے کہا حضرت رسول
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ کے مہینے محرم میں اللہ نے ایک قوم سے
توبہ قبول کی اور اوروں سے توبہ قبول کرے گا اور حضرت ابن عباسؓ
سے روایت ہے کہا حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو کوئی روزہ
رکھے آخر دن میں ذی الحجہ سے اور پہلے دن میں محرم سے تو اُسنے سال
ختم کیا پچھلا روزہ سے اور اگلا شروع کیا روزہ سے اور کردیگا
اللہ عزوجل اسکے لیے

لَهُ كَفَّارَةَ خَمْسِيْنَ سَنَةً وَعَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ
قَالَتْ كَانَ عَاشُوْرَاءُ يَوْمًا تَصُوْمُهُ قُرَيْشٌ فِي الْجَاهِلِيَّةِ
وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصُوْمُهُ بِمَكَّةَ
فَلَمَّا قَدِمَ الْمَدِيْنَةَ فَرَضَ صِيَامَ رَمَضَانَ فَمَنْ شَاءَ صَامَ عَاشُوْرَاءَ
وَمَنْ شَاءَ تَرَكَهُ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رض قَالَ قَدِمَ رَسُوْلُ
اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِيْنَةَ فَوَجَدَ الْيَهُوْدَ تَصُوْمُ
يَوْمَ عَاشُوْرَاءَ فَسَأَلَ عَنْ ذٰلِكَ فَقَالُوْا هٰذَا يَوْمٌ الَّذِيْ
اَظْهَرَ عَزَّ وَجَلَّ فِيْهِ مُوْسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ وَبَنِيْ اِسْرَائِيْلَ
عَلٰى قَوْمِ فِرْعَوْنَ فَنَحْنُ نَصُوْمُ تَعْظِيْمًا لَهُ فَقَالَ النَّبِيُّ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْنُ اَحَقُّ بِمُوْسٰى مِنْكُمْ فَاَمَرَ
بِصَوْمِهِ **فَصْلٌ** وَاخْتَلَفَ الْعُلَمَاءُ رض فِيْ تَسْمِيَتِهِ
بِيَوْمِ عَاشُوْرَاءَ فَقَالَ اَكْثَرُهُمْ اِنَّمَا سُمِّيَ يَوْمَ عَاشُوْرَاءَ
لِاَنَّهُ عَاشِرُ يَوْمٍ مِنْ اَيَّامِ الْمُحَرَّمِ وَقَالَ بَعْضُهُمْ اِنَّمَا سُمِّيَ
عَاشُوْرَاءَ لِاَنَّهُ عَاشِرُ الْكَرَامَاتِ الَّتِيْ اَكْرَمَ اللّٰهُ عَزَّ
وَجَلَّ هٰذِهِ الْاُمَّةَ بِهَا اَوَّلُهَا رَجَبٌ وَهُوَ شَهْرُ اللّٰهِ
تَعَالَى الْاَصَمُّ وَاِنَّمَا جَعَلَهُ كَرَامَةً لِهٰذِهِ الْاُمَّةِ وَفَضَّلَهُ
عَلٰى سَائِرِ الشُّهُوْرِ كَفَضْلِ هٰذِهِ الْاُمَّةِ عَلٰى سَائِرِ الْاُمَمِ
الْكَرَامَةُ الثَّانِيَةُ شَهْرُ شَعْبَانَ وَفَضَّلَهُ عَلٰى سَائِرِ
الشُّهُوْرِ كَفَضْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى سَائِرِ
الْاَنْبِيَاءِ وَالثَّالِثَةُ شَهْرُ رَمَضَانَ وَفَضَّلَهُ عَلٰى سَائِرِ
الشُّهُوْرِ كَفَضْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى عَلٰى خَلْقِهِ وَالرَّابِعَةُ لَيْلَةُ
الْقَدْرِ وَهِيَ خَيْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَهْرٍ وَالْخَامِسَةُ يَوْمُ الْفِطْرِ
وَهُوَ يَوْمُ الْجَزَاءِ وَالسَّادِسَةُ اَيَّامُ الْعَشْرِ وَهِيَ اَيَّامُ
ذِكْرِ اللّٰهِ تَعَالٰى وَالسَّابِعَةُ يَوْمُ عَرَفَةَ وَصَوْمُهُ
كَفَّارَةُ سَنَتَيْنِ وَالثَّامِنَةُ يَوْمُ النَّحْرِ وَهُوَ يَوْمُ الْقُرْبَانِ
وَالتَّاسِعَةُ يَوْمُ الْجُمُعَةِ وَهُوَ سَيِّدُ الْاَيَّامِ وَالْعَاشِرَةُ
يَوْمُ عَاشُوْرَاءَ وَصَوْمُهُ كَفَّارَةُ سَنَةٍ وَكُلُّ وَقْتٍ
مِّنْ هٰذِهِ الْاَيَّامِ كَرَامَةٌ جَعَلَهَا اللّٰهُ لِهٰذِهِ الْاُمَّةِ
تَكْفِيْرًا لِذُنُوْبِهِمْ وَتَطْهِيْرًا لِخَطَايَاهُمْ وَقَالَ

پچاس سال کا کفارہ اور روایت ہے عروہ سے اسنے حضرت عائشہ سے کہ کہا
عاشورا ایسا دن ہے جسکا روزہ رکھتے تھے قریش جاہلیت میں اور رسول
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مکہ میں اسکا روزہ رکھا کرتے تھے پھر جب مدینہ میں آئے
تو رمضان کا روزہ فرض کیا گیا سو جو چاہے عاشورا کے دن کا روزہ
رکھے اور جو چاہے ترک کرے اور ابن عباس سے روایت ہے کہا حضرت
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ میں یہودیوں کو عاشورا کے دن کا روزہ
رکھتے پایا تو انسے آپ نے پوچھا اونہوں نے کہا وہ دن ہے جسمیں اللہ عزوجل
نے حضرت موسے علیہ السلام کو اور بنی اسرائیل کو فرعون کی قوم پر غالب
فرمایا سو ہم اسکی تعظیم کے لیئے روزہ رکھتے ہیں پس فرمایا حضرت رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم زیادہ حق دار ہیں موسی کے ساتھ تمسے اور آپنے اسدن
کے روزہ کا حکم فرمادیا **فصل** اور علما نے اختلاف کیا ہے اسدن کے عاشورا
کا دن نام ہونے میں ان میں کے اکثر نے کہا عاشورا کا دن اسی لیئے نام ہوا
کہ وہ اس بزرگی کا دسواں ہے جو بزرگی دی اللہ عزوجل نے اس امت کو
سے پہلا اسکا رجب ہے اور وہ اللہ تعالے کا مہینہ بہرا ہے اور اسکو اللہ تعالی
نے اس امت کیلیے ہی بزرگ کیا ہے اور اسکی بزرگی باقی تمام مہینوں پر ایسی ہے
جیسے اس امت کی بزرگی تمام امتوں پر ہے دوسرا شعبان کا مہینہ ہے اور اسکی
بزرگی تمام مہینوں پر ایسی ہے جیسے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی بزرگی تمام پیغمبروں
پر ہے اور تیسرے رمضان کا مہینہ ہے اور اسکی بزرگی تمام مہینوں پر
ایسی ہے جیسی اللہ تعالی کی بزرگی اسکی تمام مخلوق پر ہے اور چوتھی لیلۃ القدر
ہے اور وہ ہزار مہینے سے بہتر ہے اور پانچویں عید الفطر کا دن اور وہ مزدوری
ملنے کا دن ہے اور چھٹے ذی حجہ کے دس دن ہیں اور وہ اللہ تعالی کے ذکر کے دن ہیں اور
ساتویں عرفہ کا دن ہے اور اسکا روزہ دو سال کا کفارہ ہے اور آٹھویں
قربانی کا دن ہے اور نویں جمعہ کا دن ہے اور وہ سب دنوں
کا سردار ہے۔ اور دسویں عاشورا کا دن ہے
اور اس کا روزہ ایک سال کا کفارہ ہے
اور ہر ایک وقت ان دنوں میں سے بزرگی ہے۔
جسکو اللہ تعالے نے اس امت کے لیئے بنایا ہے
ان کے گناہوں کے لیئے کفارہ اور ان کے گناہوں
کا پاک کرنے والا اور ان میں سے بعض نے کہا

بَعْضُهُمْ إِنَّمَا سُمِّيَ عَاشُورَاءَ لِأَنَّ اللهَ تَعَالَى أَكْرَمَ فِيهِ
عَشَرَةً مِنَ الْأَنْبِيَاءِ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ بِعَشْرِ كَرَامَاتٍ
أَحَدُهَا أَنَّهُ عَزَّ وَجَلَّ تَابَ عَلَى آدَمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ
وَالثَّانِيَةُ رَفَعَ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ إِدْرِيسَ عَلَيْهِ السَّلَامُ فِيهِ
مَكَانًا عَلِيًّا وَالثَّالِثَةُ اسْتَوَتْ سَفِينَةُ نُوحٍ عَلَيْهِ السَّلَامُ
فِيهِ عَلَى الْجُودِيِّ وَالرَّابِعَةُ وُلِدَ إِبْرَاهِيمُ عَلَيْهِ السَّلَامُ
فِيهِ وَاتَّخَذَهُ اللهُ تَعَالَى خَلِيلًا وَأَنْجَاهُ مِنْ نَارِ
نَمْرُودَ فِيهِ وَالْخَامِسَةُ تَابَ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ عَلَى دَاوُدَ
عَلَيْهِ السَّلَامُ فِيهِ وَرَدَّ الْمُلْكَ عَلَى سُلَيْمَانَ عَلَيْهِ السَّلَامُ
وَالسَّادِسَةُ كَشَفَ اللهُ ضُرَّ أَيُّوبَ عَلَيْهِ السَّلَامُ
فِيهِ وَالسَّابِعَةُ نَجَّى اللهُ عَزَّ وَجَلَّ مُوسَى عَلَيْهِ السَّلَامُ
مِنَ الْبَحْرِ وَأَغْرَقَ فِرْعَوْنَ فِي الْبَحْرِ فِيهِ وَالثَّامِنَةُ نَجَّى
اللهُ عَزَّ وَجَلَّ يُونُسَ عَلَيْهِ السَّلَامُ مِنْ بَطْنِ الْحُوتِ
فِيهِ وَالتَّاسِعَةُ رَفَعَ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ عِيسَى عَلَيْهِ السَّلَامُ
إِلَى السَّمَاءِ فِيهِ وَالْعَاشِرَةُ وُلِدَ نَبِيُّنَا صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ
وَسَلَّمَ فِيهِ **فَصْلٌ** وَاخْتَلَفُوا فِي أَيِّ يَوْمٍ هُوَ
مِنَ الْمُحَرَّمِ فَقَالَ أَكْثَرُهُمُ الْيَوْمُ الْعَاشِرُ مِنَ الْمُحَرَّمِ
وَهُوَ الصَّحِيحُ لِمَا تَقَدَّمَ وَقَالَ بَعْضُهُمْ هُوَ الْحَادِي
عَشَرَ مِنْهُ وَنُقِلَ عَنْ عَائِشَةَ رضا أَنَّهُ هُوَ التَّاسِعُ مِنْهُ
وَعَنِ الْحَكَمِ بْنِ الْأَعْرَجِ أَنَّهُ سَأَلَ ابْنَ عَبَّاسٍ رضا عَنْ
أَيِّ يَوْمٍ نَصُومُ عَاشُورَاءَ فَقَالَ إِذَا رَأَيْتَ هِلَالَ
الْمُحَرَّمِ فَاعْدُدْ ثُمَّ أَصْبِحْ صَائِمًا مِنَ التَّاسِعِ قُلْتَ
كَذَلِكَ كَانَ يَصُومُهُ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
قَالَ نَعَمْ وَفِي حَدِيثٍ آخَرَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضا أَيْضًا
أَنَّهُ كَانَ يَقُولُ صَامَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ
وَسَلَّمَ يَوْمَ عَاشُورَاءَ وَأَمَرَ بِصِيَامِهِ قَالُوا يَا رَسُولَ
اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تُعَظِّمُهُ الْيَهُودُ وَالنَّصَارَى
فَقَالَ يَا رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا كَانَ
الْعَامُ الْمُقْبِلُ إِنْ شَاءَ اللهُ تَعَالَى صُمْنَا الْيَوْمَ التَّاسِعَ

عاشورا اسلیئے ہی نام رکھا گیا کہ اللہ نے بزرگی دی دسوں کو پیغمبروں میں سے علیہم السلام دس بزرگیں ایک اُن میں سے یہ ہے کہ اللہ عزوجل نے توبہ قبول کی حضرت آدم علیہ السلام کی اسدن میں اور دوسرے اللہ تعالیٰ نے حضرت ادریس علیہ السلام کو اُٹھا لیا اسدن مکان بلند میں یعنے بہشت میں اور تیسرے ٹھیری کشتی حضرت نوح علیہ السلام کی اسدن میں جودی پہاڑ پر اور چوتھے حضرت ابراہیم علیہ السلام پیدا کیئے گئے اسدن میں اور اللہ تعالیٰ نے انکو اپنا خالص دوست بنایا اور انکو نجات دی آگ سے نمرود کی اسدن میں اور پانچویں اللہ عزوجل نے حضرت داؤد علیہ السلام کی توبہ قبول کی اسدن میں اور حضرت سلیمان علیہ السلام پر ملک پھیر دیا اسدن میں اور چھٹے اللہ تعالیٰ نے حضرت ایوب علیہ السلام سے تکلیف دور کی اسدن میں اور ساتویں اللہ عزوجل نے نجات دی حضرت موسےٰ علیہ السلام کو دریا سے اور فرعون کو غرق کر دیا دریا میں اسدن میں اور آٹھویں اللہ عزوجل نے حضرت یونس علیہ السلام کو نجات دی مچھلی کے پیٹ سے اسدن میں اور نویں اللہ عزوجل نے حضرت عیسےٰ علیہ السلام کو اُٹھا لیا آسمان کیطرف اسدن میں اور دسویں ہمارے نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پیدا کیئے گئے اسدن میں فضل اور انہوں نے اختلاف کیا کہ محرم میں سے کون سے دن میں عاشورا ہے کہا اُن کے اکثروں نے کہ وہ دسواں دن محرم ہے اور یہی صحیح ہے ان دلیلوں سے جو پہلے گذر چکیں اور کہا انکے بعض نے وہ گیارہواں دن ہے محرم سے اور حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ وہ محرم سے نواں دن ہے اور حکیم بن اعرج سے روایت ہے اُسنے ابن عباس سے پوچھا کس دن سے عاشورا کا روزہ رکھا جاوے کہا تو جب محرم کا چاند دیکھے پھر گنتا رہ پھر اُسکے نویں دن سے روزہ رکھ دینے کہا اسیطرح کا روزہ رکھتے تھے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے کہا ہاں اور نیز ابن عباس سے ایک اور حدیث میں ہے کہ وہ کہا کرتے تھے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عاشورا کے دن کا روزہ رکھا اور حکم کیا اُسکے روزہ رکھنے کا صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ اسدن کی یہود اور نصاریٰ تعظیم کرتے ہیں تو فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جب اگلا سال ہوگا تو انشاء اللہ تعالیٰ ہم نویں دن روزہ رکھینگے۔

فَلَمْ يَأْتِ الْعَامُ الْمُقْبِلُ حَتّٰى تُوُفِّيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى
اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ رض فِيْ لَفْظٍ اٰخَرَ قَالَ
رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَئِنْ عِشْتُ اِلَى قَابِلٍ
اِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى صُمْتُ يَوْمَ التَّاسِعِ مَخَافَةَ اَنْ
يَفُوْتَ يَوْمَ عَاشُوْرَاءَ فَصْلٌ وَنَذْكُرُ مِنْ فَضَائِلِ
يَوْمِ عَاشُوْرَاءَ اَنَّ الْحُسَيْنَ بْنَ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا
قُتِلَ فِيْهِ رُوِيَ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ رض اَنَّهَا قَالَتْ كَانَ
رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ مَنْزِلِيْ اِذْ
دَخَلَ عَلَيَّ الْحُسَيْنُ رض فَطَالَعْتُ عَلَيْهِمَا مِنَ الْبَابِ
وَاِذَا الْحُسَيْنُ رض عَلٰى صَدْرِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
وَسَلَّمَ يَلْعَبُ وَفِيْ يَدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
قِطْعَةٌ مِنْ طِيْنٍ وَدِمُوْعُهُ تَجْرِيْ فَلَمَّا خَرَجَ الْحُسَيْنُ
دَخَلْتُ فَقُلْتُ بِاَبِيْ اَنْتَ وَاُمِّيْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا
طَالَعْتُ عَلَيْكَ وَفِيْ يَدِكَ طِيْنَةٌ وَاَنْتَ تَبْكِيْ فَقَالَ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِيْ فَلَمَّا فَرَحْتُ بِهٖ وَهُوَ عَلٰى
صَدْرِيْ يَلْعَبُ اَتَانِيْ جِبْرَئِيْلُ ع وَنَاوَلَنِيْ الطِّيْنَةَ
الَّتِيْ يُقْتَلُ عَلَيْهَا فَلِذٰلِكَ بَكَيْتُ وَرُوِيَ عَنِ الْحَسَنِ
الْبَصْرِيِّ رح اَنَّهُ قَالَ اِنَّ سُلَيْمَانَ بْنَ عَبْدِ الْمَلِكِ
رَاَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَنَامِ يُبَشِّرُهٗ
وَيُلَاطِفُهٗ فَلَمَّا اَصْبَحَ سَاَلَ الْحَسَنَ رض عَنْ ذٰلِكَ
فَقَالَ لَهُ الْحَسَنُ رض لَعَلَّكَ فَعَلْتَ اِلٰى اَهْلِ بَيْتِ
رَسُوْلِ اللّٰهِ ص مَعْرُوْفًا فَقَالَ نَعَمْ وَجَدْتُ رَاْسَ حُسَيْنِ
بْنِ عَلِيٍّ رض فِيْ خِوَانِ يَزِيْدَ بْنِ مُعَاوِيَةَ فَكَسَوْتُهُ خَمْسَةً مِنَ
الثِّيَابِ وَصَلَّيْتُ عَلَيْهِ مَعَ جَمَاعَةٍ مِنْ اَصْحَابِيْ وَقَبَرْتُهٗ
فَقَالَ لَهُ الْحَسَنُ لَقَدْ رَضِيَ اللّٰهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
وَسَلَّمَ عَنْكَ بِسَبَبِ ذٰلِكَ وَاَحْسَنَ اِلَى الْحَسَنِ رَحِمَهُ اللّٰهُ
وَاَمَرَهٗ بِالْجَوَائِزِ وَرُوِيَ عَنْ حَمْزَةَ بْنِ الزَّيَّاتِ قَالَ رَاَيْتُ
النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاِبْرٰهِيْمَ الْخَلِيْلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ
فِي الْمَنَامِ يُصَلِّيَانِ عَلٰى قَبْرِ حُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ رض وَاَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرٍ

پس اگلا سال نہیں آیا تھا کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم رحلت فرما گئے
ابن عباس نے ایک اور لفظ میں کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے
فرمایا اگر میں آئندہ سال تک زندہ رہا تو میں انشاء اللہ نویں دن کا
روزہ رکھونگا اس سے ڈر کے کہ آپ سے عاشوراء کا دن فوت ہو جائے۔
فصل اور ہم بیان کرتے ہیں فضائل میں سے عاشوراء کے دن کے یہ
کہ حضرت حسین بن علی رضی اللہ عنہما شہید کیے گئے اسدن میں حضرت
ام سلمہ سے روایت کی گئی ہے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے گھر
میں تھے ناگہان آپ کی پاس حضرت حسین آگئے پھر میں نے انپر نگاہ کی دروازے
سے تو امام حسینؓ حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کے سینے مبارک
پر کھیل رہے تھے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ مبارک میں کچھ
تھوڑی سی مٹی تھی اور آپ کے آنسو جاری تھے پھر جب چلے گئے حضرت حسین
میں آئی اور میں نے کہا میرے ماں اور باپ آپ پر قربان یا رسول اللہ میں نے
آپ کو دیکھا آپ کے ہاتھ میں مٹی تھی اور آپ رو رہے تھے تو رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھ سے جب میں حسین سے خوش ہوا جب وہ میرے
سینے پر کھیل رہا تھا تو میرے پاس جبریل آئے اور مجھکو یہ مٹی دی جسپر حسینؓ
قتل کیا جاویگا اسلئے میں روتا ہوں اور روایت ہے حضرت حسن بصری سے
کہا سلیمان عبد الملک نے حضرت نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا
کہ آپ اسکو بشارت دیتے ہیں اور اسپر مہربانی فرماتے ہیں جب اُنے صبح
کی تو پوچھا حسن بصری سے اس خواب سے حسن نے اس سے کہا شاید تو نے
کی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اہل بیت سے کوئی نیکی کہا ہاں میں نے سر پایا
حسین بن علیؓ کا یزید بن معاویہ کے خزانہ میں تو اسکو میں نے پہنائے پانچ
کفن دیباج سے اور میں نے اسپر جنازہ پڑھا جماعت کے ساتھ اپنے دو سو
میں سے اور میں نے اسکو قبر میں رکھا تو حسن نے اُس سے کہا بیشک رسول
صلی اللہ علیہ وسلم تجھ سے اس سبب سے راضی ہو گئے تو سلیمان نے حسن رحمہ اللہ
کی طرف نیکی کی اور اُسکے لیئے انعاموں کا حکم دیا اور روایت ہے حمزہ بن
زیات سے کہا میں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم اور ابراہیم خلیل علیہ السلام
کو خواب میں دیکھا کہ وہ دونو حضرت حسین بن علی کی قبر پر جنازہ
پڑھ رہے تھے اور مجھکو خبر دی ابو نصر نے

عَنْ وَالِدِهٖ بِاِسْنَادِهٖ عَنْ اَبِیْ اُسَامَةَ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ
قَالَ هَبَطَ عَلٰی قَبْرِ الْحُسَیْنِ بْنِ عَلِیٍّ رض یَوْمَ اُصِیْبَ سَبْعُوْنَ
اَلْفَ مَلَكٍ یَبْكُوْنَ عَلَیْهِ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَةِ **فَصْلٌ**
وَقَدْ طَعَنَ قَوْمٌ عَلٰی مَنْ صَامَ هٰذَا الْیَوْمَ الْعَظِیْمَ وَمَا
رَوٰی فِیْهِ مِنَ التَّعْظِیْمِ وَزَعَمُوْا اَنَّهٗ لَا یَجُوْزُ صِیَامُهٗ لِاَجْلِ
قَتْلِ الْحُسَیْنِ بْنِ عَلِیٍّ فِیْهِ وَقَالُوْا یَنْبَغِیْ اَنْ تَكُوْنَ الْمُصِیْبَةُ
فِیْهِ عَامَّةً لِجَمِیْعِ النَّاسِ لِفَقْدِهٖ فِیْهِ وَاَنْتُمْ تَتَّخِذُوْنَهٗ
یَوْمَ فَرَحٍ وَسُرُوْرٍ وَتَاْمُرُوْنَ فِیْهِ بِالتَّوْسِعَةِ عَلَی الْعِیَالِ
وَالتَّفَكُّرِ الْكَثِیْرِ وَالصَّدَقَةِ عَلَی الْفُقَرَاءِ وَالضُّعَفَاءِ
وَالْمَسَاكِیْنِ وَلَیْسَ هٰذَا مِنْ حَقِّ الْحُسَیْنِ عَلٰی جَمَاعَةِ
الْمُسْلِمِیْنَ وَهٰذَا الْقَائِلُ مُخْطِیٌ وَمَذْهَبُهٗ قَبِیْحٌ فَاسِدٌ
لِاَنَّ اللّٰهَ تَعَالٰی اخْتَارَ لِسِبْطِ نَبِیِّهٖ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ
وَسَلَّمَ اَلشَّهَادَةَ فِیْ اَشْرَفِ الْاَیَّامِ وَاَعْظَمِهَا وَاَجَلِّهَا
وَاَرْفَعِهَا عِنْدَهٗ لِیَزِیْدَهٗ بِذٰلِكَ رِفْعَةً فِیْ دَرَجَاتِهٖ وَ
كَرَامَاتِهٖ مُضَافَةً اِلٰی كَرَامَتِهٖ وَبَلَغَهٗ مَنَازِلَ الْخُلَفَاءِ الرَّاشِدِیْنَ
اَلشَّهَادَةُ بِالشَّهَادَةِ وَلَوْ جَازَ اَنْ یَتَّخِذَ یَوْمَ مَوْتِهٖ یَوْمَ
مُصِیْبَةٍ لَكَانَ یَوْمُ الْاِثْنَیْنِ اَوْلٰی بِذٰلِكَ اِذْ قَبَضَ
اللّٰهُ تَعَالٰی نَبِیَّهٗ مُحَمَّدًا صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَكَذٰلِكَ
اَبُوْ بَكْرِنِ الصِّدِّیْقِ قُبِضَ فِیْهِ وَهُوَ مَا رَوٰی هِشَامُ
بْنُ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ رض قَالَتْ قَالَ اَبُوْ بَكْرٍ رض لِاَیِّ
یَوْمٍ تُوُفِّیَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْهِ قُلْتُ یَوْمَ
الْاِثْنَیْنِ قَالَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اِنِّیْ اَرْجُوْ اَنْ اَمُوْتَ فِیْهِ
فَمَاتَ رض فِیْهِ وَفَقْدُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ
وَفَقْدُ اَبِیْ بَكْرٍ رض اَعْظَمُ مِنْ فَقْدِ غَیْرِهِمَا وَقَدِ اتَّفَقَ
النَّاسُ عَلٰی شَرَفِ یَوْمِ الْاِثْنَیْنِ وَفَضِیْلَةِ صَوْمِهٖ وَاَنَّهٗ
تُعْرَضُ فِیْهِ الْاَعْمَالُ وَفِیْ یَوْمِ الْخَمِیْسِ تُرْفَعُ اَعْمَالُ
الْعِبَادِ وَكَذٰلِكَ یَوْمُ عَاشُوْرَاءَ لَا یُتَّخَذُ یَوْمَ مُصِیْبَةٍ
وَلَا اَنْ یُتَّخَذَ یَوْمُ عَاشُوْرَاءَ یَوْمَ مُصِیْبَةٍ لَیْسَ بِاَوْلٰی
مِنْ اَنْ یُتَّخَذَ یَوْمَ فَرَحٍ وَسُرُوْرٍ وَلِمَا قَدْ مَنَا ذِكْرُهٗ

اپنے باپ سے اپنے اسناد سے ابو اسامہ سے اسنے جعفر بن محمد سے کہا حضرت
حسین بن علی کی قبر پر جس دن وہ شہید ہوئے اترے ستر ہزار فرشتے رو تے
رہینگے اسپر قیامت کے دن تک فصل اور ایک قوم نے جو اس دن
بزرگ کا روزہ رکھے اسپر طعن کیا ہے اور جو تعظیم وارد ہے اس دن میں
اور انہوں نے گمان کیا کہ اس دن میں روزہ جائز نہیں بسبب قتل ہونے
حسین بن علی کے اس دن میں اور کہا کہ واجب ہے کہ اس دن میں عام مصیبت
ہو تمام لوگوں کو اس دن حسین رضی اللہ عنہ کے گم ہونے کی وجہ سے حالانکہ
تم اس دن کو فرحت اور خوشی کا دن بناتے ہو اور تم اس دن میں حکم کرتے
ہو عیال پر فراخی کرنے اور بہت خرچ کرنے کا اور فقیروں اور ضعیفوں
اور مسکینوں پر صدقہ کرنے کا حالانکہ یہ نہیں ہے حضرت حسین کے حق سے
جو تمام مسلمانوں پر ہے اور یہ کہنے والا خطا کرنیوالا ہے اور اسکا
مذہب برا اور فاسد ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے چن لیا اپنے نبی محمد صلی اللہ علیہ
وسلم کے بیٹے کو شہادت میں سب دنوں میں سے بڑے بزرگ اور بہت
بڑے اور بڑی بزرگی والے اور بہت بلند دن میں اپنے نزدیک تاکہ اسکو
زیادہ کرے اس شہادت سے بلندی اسکے درجوں اور اسکی بزرگیوں میں
اسکی بزرگی کیطرف زیادہ کرنا اور اسکو پہنچاوے خلفاء راشدین کے مرتبوں
میں جو شہادت سے شہید ہوئے اور اگر جائز ہوتا کہ حضرت حسین کی موت
کا دن مصیبت کا دن بنایا جاوے تو دوشنبہ کا دن اسکے زیادہ
لائق تھا کیونکہ اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی محمد صلے اللہ علیہ وسلم کو قبض فرمایا
اسمیں صلی اللہ علیہ وسلم اور اسیطرح اسمیں حضرت ابوبکر صدیق قبض
کیے گئے اور وہ روایت ہے جو ہشام بن عروہ نے حضرت عائشہ سے کی کہا
حضرت ابوبکر نے فرمایا مجھ سے کس دن حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
فوت ہوئے ہیں میں نے کہا دوشنبہ کے دن فرمایا ابوبکر رضی اللہ عنہ نے
میں امید کرتا ہوں کہ میں اسیدن مروں سو آپ اسی دن مرے اور گم ہوا
حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا اور گم ہونا حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا
بہت زیادہ ہے اور دونوں کے سوا کے گم ہونے سے اور بیشک لوگوں
نے اتفاق کیا ہے دوشنبہ کو دن کی بزرگی اور اسکے روزہ کی بزرگی پر اور یہ
کہ اس دن میں عمل پیش کیے جاتے ہیں اور جمعرات کو دن میں بندوں کے عمل اٹھائے
جاتے ہیں اسیطرح عاشوراء کا دن مصیبت کا دن نہیں بنایا جاوے اور اسلیے کہ عاشوراء

وَفَضْلُهُ مِنْ اَنْ نَجّٰى اللّٰهُ تَعَالٰى فِيْهِ اَنْبِيَاءَهُ مِنْ
اَعْدَائِهِمْ وَاَهْلَكَ فِيْهِ اَعْدَاءَهُمُ الْكُفَّارَ مِنْ فِرْعَوْنَ
وَقَوْمِهٖ وَغَيْرِهِمْ وَاَنَّهُ تَعَالٰى خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ
اَيَّامٍ الشَّرِيْفَةِ فِيْهِ وَاٰدَمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَغَيْرَ ذٰلِكَ وَمَا اَعَدَّ اللّٰهُ
تَعَالٰى لِمَنْ صَامَهُ مِنَ الثَّوَابِ الْجَزِيْلِ وَالْعَطَاءِ الْوَافِرِ وَ
تَكْفِيْرِ الذُّنُوْبِ وَتَمْحِيْصِ السَّيِّئَاتِ فَصَارَ عَاشُوْرَاءُ بِهٰذِهِ
بَقِيَّةَ الْاَيَّامِ الشَّرِيْفَةِ كَالْعِيْدَيْنِ وَالْجُمُعَةِ وَعَرَفَةَ وَغَيْرِهَا
ثُمَّ لَوْ جَازَ اَنْ يَتَّخِذَ هٰذَا الْيَوْمَ مُصِيْبَةً لَاتَّخَذَهُ الصَّحَابَةُ
وَالتَّابِعُوْنَ لِاَنَّهُمْ اَقْرَبُ اِلَيْهِ مِنَّا وَاَخَصُّ بِهٖ وَقَدْ وَرَدَ
عَنْهُمُ الْحَثُّ عَلَى التَّوْسِعَةِ عَلَى الْعِيَالِ فِيْهِ وَالصَّوْمُ فِيْهِ
مِنْ ذٰلِكَ مَا رُوِيَ عَنِ الْحَسَنِ رض اَنَّهُ قَالَ صَوْمُ يَوْمِ
عَاشُوْرَاءَ فَرِيْضَةٌ وَكَانَ عَلِيٌّ يَاْمُرُ بِصِيَامِهٖ فَقَالَتْ
لَهُمْ عَائِشَةُ رض مَنْ يَاْمُرُكُمْ بِصَوْمِ يَوْمِ عَاشُوْرَاءَ قَالُوْا
عَلِيٌّ رض قَالَتْ اَنَّهُ اَعْلَمُ مَنْ بَقِيَ بِالسُّنَّةِ وَرُوِيَ
عَنْ عَلِيٍّ رض اَنَّهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ
سَلَّمَ مَنْ اَحْيَا لَيْلَةَ عَاشُوْرَاءَ اَحْيَاهُ اللّٰهُ مَا شَاءَ فَدَلَّ
عَلٰى بُطْلَانِ مَا ذَهَبَ اِلَيْهِ الْقَائِلُ وَاللّٰهُ تَعَالٰى اَعْلَمُ

مَجْلِسٌ فِيْ فَضَائِلِ يَوْمِ الْجُمُعَةِ

قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا نُوْدِيَ لِلصَّلٰوةِ مِنْ يَّوْمِ الْجُمُعَةِ
فَاسْعَوْا اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ وَذَرُوا الْبَيْعَ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ
كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ عَبَّاسٍ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ
اٰمَنُوْٓا يَعْنِيْ اَقَرُّوْا وَصَدَّقُوْا بِوَحْدَانِيَّةِ اللّٰهِ تَعَالٰى
اِذَا نُوْدِيَ لِلصَّلٰوةِ يَعْنِيْ اِذَا دُعِيْتُمْ بِالْاَذَانِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ
فَاسْعَوْا اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ يَعْنِيْ فَامْشُوْا اِلَى صَلٰوةِ
الْجُمُعَةِ وَذَرُوا الْبَيْعَ يَعْنِيْ وَاتْرُكُوا الْبَيْعَ بَعْدَ
النِّدَاءِ ذٰلِكُمْ يَعْنِي الصَّلٰوةَ خَيْرٌ لَّكُمْ مِّنَ الْكَسْبِ وَ
التِّجَارَةِ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ يَعْنِيْ تُصَدِّقُوْنَ وَسَبَبُ
نُزُوْلِ هٰذِهِ الْاٰيَةِ اَنَّ الْيَهُوْدَ اَفْتَخَرُوْا عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ
يَا شِيْعَةَ تِلْكَ بِاَحَدٍ فَقَالُوْا نَحْنُ اَحِبَّاءُ اللّٰهِ

اور بزرگی اسکے بیان کی یہ کہ اللہ تعالیٰ نے اسدن میں اپنے پیغمبروں کو
اپنے دشمنوں سے نجات دی اور اسدن میں ہلاک کیا اپنے دشمنوں
کافروں کو فرعون اور اسکی قوم اور انکے سوا اور کافروں میں سے اور یہ کہ
اللہ تعالےٰ نے اس شخص کے لیئے جو اسکا روزہ رکھے بڑا ثواب اور بڑی
بخشش اور گناہوں کا کفارہ اور برائیوں کا دور کرنا تیار کیا ہے پس
ہوگیا عاشورا، باقی کے اور بزرگ دنوں کے برابر عیدیں اور جمعہ اور عرفہ
وغیرہا کیطرح پھر اگر جائز ہوتا کہ اسدن کو ماتم کا دن بنایا جاوے تو صحابہ
کرام اور تابعین رضی اللہ عنہم اسکو بناتے کیونکہ وہ اسکی طرف ہم سے زیادہ
قریب تھے اور زیادہ خاص تھے اور بیشک اُن سے ترغیب وارد ہوئی
ہے کھانے میں فراخی کرنے کی عیال پر اُسدن میں اور اُسدن کو روزہ
رکھنے پر اسمیں سے وہ روایت ہے جو حسن سے کی گئی کہ کہا عاشورا کے دن
کا روزہ فرض ہے اور حضرت علی اسکے روزہ کا حکم کیا کرتے تھے۔
تو حضرت عائشہ رض نے کہا عاشورہ کے دن کے روزے کا تمکو کون حکم
کرتا ہے اُنہوں نے کہا علی عائشہ رض نے کہا وہ بیشک باقیماندوں سے
سنت کو زیادہ جاننے والے ہیں اور حضرت علی رض سے روایت ہے کہا حضرت
علی رض نے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص عاشورا کی
رات کو جاگتا رہے تو زندہ رکھیگا اسکو اللہ تعالیٰ جتنا چاہے پس دلالت
کرتی ہے اُسکے باطل ہونے پر جسکی طرف وہ قائل ہوگیا ہے اور اللہ تعالےٰ
زیادہ جاننے والا ہے

مجلس جمعہ کے دن کی بزرگیوں میں

اللہ تعالیٰ نے فرمایا
اے لوگو جو ایمان لائے ہو جب جمعہ کے دن نماز کے لیئے پکارا جاوے پس اللہ کے ذکر کیطرف
شتابی کرو اور خرید و فروخت چھوڑ دو یہ تمہارے لیئے بہتر ہے اگر جانتے ہو
حضرت ابن عباس نے (اس آیت کی تفسیر میں) کہا اے لوگو جو ایمان لائے ہو
یعنے تمنے اقرار کیا ہے اور اللہ تعالیٰ کے ایک ہونے کو دل سے سچا جانا ہے جب نماز کے
لیئے پکارا جاوے یعنی جب تم بلائے جاؤ اذان سے جمعہ کے دن پس اللہ کے ذکر کیطرف
شتابی کرو یعنے چلو جمعہ کی نماز کیطرف اور چھوڑ دو خرید و فروخت یعنی چھوڑ دو
خرید و فروخت اذان کے بعد یہ یعنی نماز تمہارے لیئے بہتر ہے کسب اور سوداگری
سے اگر تم جانتے ہو یعنے سچ جانتے ہو اور اس آیت کے اترنے کا سبب یہ ہے
کہ یہودیوں نے مسلمانوں پر تین چیزوں سے فخر کیا تھا پہلے انہوں نے کہا تھا
ہم اللہ کے دوست اور

وَاِخْوَانُهُ دُوْنَكُمْ وَالثَّانِيْ لَنَا كِتَابٌ وَلَكُمْ كِتَابٌ
وَالثَّالِثُ لَنَا سَبْتٌ وَلَا سَبْتَ لَكُمْ فَرَدَّ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ وَاَكْذَبَهُمْ
فِيْ هٰذِهِ الْاٰيَةِ فَقَالَ لِنَبِيِّهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُلْ
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ هَادُوْٓا اِنْ زَعَمْتُمْ اَنَّكُمْ اَوْلِيَآءُ لِلّٰهِ مِنْ دُوْنِ
النَّاسِ فَتَمَنَّوُا الْمَوْتَ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ
يَقُوْلُ كُنْتُمْ صَادِقِيْنَ فِيْ قَوْلِكُمْ نَحْنُ اَوْلِيَآءُ اللّٰهِ مِنْ دُوْنِكُمْ وَاَنْزَلَ عَزَّ وَجَلَّ
يَقُوْلُهُمْ اَنْتُمْ اُمِّيُّوْنَ لَا كِتَابَ لَكُمْ فَقَوْلُهٗ جَلَّ وَعَلَا هُوَ
الَّذِيْ بَعَثَ فِي الْاُمِّيّٖنَ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ وَذَمَّهُمْ فَقَالَ
تَعَالٰى مَثَلُ الَّذِيْنَ حُمِّلُوا التَّوْرٰىةَ ثُمَّ لَمْ يَحْمِلُوْهَا كَمَثَلِ
الْحِمَارِ يَحْمِلُ اَسْفَارًا الْاٰيَةَ وَاَنْزَلَ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى لِقَوْلِهِمْ
لَنَا سَبْتٌ وَلَا سَبْتَ لَكُمْ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا نُوْدِيَ
لِلصَّلٰوةِ مِنْ يَّوْمِ الْجُمُعَةِ اِلٰى قَوْلِهٖ تَعَالٰى ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ
الْاٰيَةَ ثُمَّ قَالَ عَزَّ وَجَلَّ وَاِذَا رَاَوْا تِجَارَةً اَوْ لَهْوًا انْفَضُّوْٓا
اِلَيْهَا الْاٰيَةَ وَذٰلِكَ اَنَّ الْعِيْرَ اِذَا قَدِمَتِ الْمَدِيْنَةَ اسْتَقْبَلُوْهَا
بِالطَّبْلِ وَالصَّفِيْقِ فَيَخْرُجُ النَّاسُ مِنَ الْمَسْجِدِ فَلَمَّا كَانَ
ذَاتَ يَوْمٍ جَآءَتِ الْعِيْرُ فَخَرَجَ النَّاسُ مِنَ الْمَسْجِدِ
غَيْرَ اثْنَيْ عَشَرَ رَجُلًا وَامْرَاَةٍ ثُمَّ جَآءَتْ عِيْرٌ اُخْرٰى
فَخَرَجُوْا اَيْضًا اِلَّا اثْنَيْ عَشَرَ رَجُلًا وَامْرَاَةً ثُمَّ دِحْيَةُ
ابْنُ خَلِيْفَةَ الْكَلْبِيُّ مِنْ بَنِيْ عَامِرِ بْنِ عَوْفٍ قَبْلَ بِتِجَارَةٍ
مِّنَ الشَّامِ قَبْلَ اَنْ يُّسْلِمَ وَكَانَ يَحْمِلُ مَعَهٗ مِنْ اَنْوَاعِ
التِّجَارَةِ وَكَانَ يَتَلَقَّاهُ اَهْلُ الْمَدِيْنَةِ بِالطَّبْلِ وَ
التَّصْفِيْقِ فَوَافَقَ قُدُوْمُهٗ يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَالنَّبِيُّ صَلَّى
اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَآئِمٌ عَلَى الْمِنْبَرِ يَخْطُبُ فَخَرَجَ اِلَيْهِ
النَّاسُ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ انْظُرُوْا
كَمْ تَرَوْنَ فِي الْمَسْجِدِ فَقَالُوْا اِثْنَا عَشَرَ رَجُلًا وَامْرَاَةً
فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ لَا هٰؤُلَآءِ
لَقَدْ سُرِقَتْ لَهُمُ الْحِجَارَةُ لَيَقِفَنَّ عَلَمَاتٌ عَلَى الْحِجَارَةِ
لَهُمْ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ وَاِذَا رَاَوْا تِجَارَةً اَوْ لَهْوًا
انْفَضُّوْٓا اِلَيْهَا وَتَرَكُوْكَ قَآئِمًا عَلَى الْمِنْبَرِ قُلْ مَا

اسکے پیارے ہیں نہ تم اور دوسری ہماری لیئے کتاب ہے اور تمہارے
کتاب نہیں ہے اور تیسرے ہمارے لیئے سبت (ہفتہ) کا دن ہے
تمہارے لیئے سبت نہیں پس اللہ نے انپر رد کیا اور انکو جھٹلایا اس آیت
میں اپنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے فرمایا کہ تو انہ دی ایت لوگوں کو جو یہودی
ہوئے ہیں اگر تم گمان کرتے ہو کہ تم اللہ کے دوست ہو لوگوں کے سوا
سو تم آرزو کرو موت کی اگر تم اپنے اس کہنے میں سچے ہو کہ ہم تمہارے سوا اللہ
کے دوست ہیں اور اللہ عزوجل نے اُنکے اس قول کے رد کرنے کو کہ تم اس لیئے
ہو تمہارے لیئے کتاب نہیں ہے اپنا قول نازل فرمایا بزرگ اور بلند اللہ
وہ ہے جسنے ان پڑھوں میں سے ہی رسول بھیجا اور ان کی مذمت کی
فرمایا ان لوگوں کی مثال جو توریت اٹھائی گئی پھر انہوں نے اسکو نہ اٹھایا
گدھے کی مثال ہے جو کتابیں اٹھاتا ہے آخر آیت تک اور اللہ تعالیٰ
نے اُتارا اُن کے اس قول رد کرنیکو کہ ہمارے لیئے ہفتہ کا دن ہے اور تمہارے
لیئے کوئی ہفتہ کا دن نہیں ہے اے لوگو جو ایمان لائے ہو جب نماز کے لیئے
پکارا جاوے جمعہ کے دن اللہ تعالےٰ کو اس قول تک یہ تمہارے لیئے بہتر
ہے اگر تم جانتے ہو پھر فرمایا اللہ عزوجل نے اور جب وہ سودا گری یا
کھیل دیکھ لیتے ہیں تو اسکی طرف دوڑ جاتے ہیں آخر آیت تک اور یوں ہے
کہ کوئی قافلہ جب مدینہ میں آیا کرتا تو اس سے لوگ جا ملا کرتے نقارہ یا تالیاں
بجاتے ہوئے تو مسجد سے لوگ نکل جایا کرتے پھر جب ایک روز قافلہ
آیا تو لوگ مسجد سے نکل گئے سوا بارہ مرد اور ایک عورت کے پھر ایک
اور قافلہ آیا پھر بھی نکل گئے سوا بارہ مرد اور ایک عورت پھر دحیہ
بن خلیفہ کلبی بنی عامر بن عوف میں سے شام سے تجارت کا مال لیکر آیا مسلمان ہونے سے
پہلے اور اس نے اپنے ساتھ اُٹھائے تھے قسم قسم کی تجارت کے مال اور اسکو جا ملا کرتے
تھے مدینہ والے نقارہ اور تالیاں بجاتے ہوئے سو اسکا آنا جمعہ کے دن موافق پڑا جب حضرت
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم منبر پر کھڑے خطبہ پڑھ رہے تھے تو لوگ اسکی طرف
نکل گئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دیکھو مسجد میں کتنے باقی رہے
ہیں، عرض کیا بارہ مرد اور ایک عورت حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم نے فرمایا اگر یہ نہ ہوتے تو بیشک اُن کے لیئے پتھر پر نشان کیا جاتا یعنی
پتھروں پر انکے ہلاک کرنے کے لیئے نشان کیا جاتا پس اتاری اللہ عزوجل نے یہ آیت
اور جب وہ تجارت یا کھیل دیکھ لیتے ہیں تو اسکی طرف دوڑ جاتے ہیں اور تجھکو کھڑا چھوڑ جاتے ہیں

کہہ دے جو

عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ مِّنَ اللَّهْوِ يَعْنِي الطَّبْلَ وَالتَّصْفِيقَ وَمِنَ التِّجَارَةِ الَّتِي جَاءَ بِهَا دِحْيَةُ وَاللّٰهُ خَيْرُ الرّٰزِقِينَ مِنْ خَيْرٍ وَقِيلَ مِنَ الْاِثْنَيْ عَشَرَ رَجُلًا بَقُوا فِي الْمَسْجِدِ مِنْهُمْ اَبُوْ بَكْرٍ وَعُمَرُ رِضْوَانُ اللّٰهِ تَعَالٰى عَلَيْهِمَا

فَصْلٌ فِي فَضَائِلِ الْجُمُعَةِ مِنْ طَرِيقِ الْاٰثَارِ

مِنْهَا رَوَى الْعَلَاءُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ رض قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَمْ تَطْلُعِ الشَّمْسُ وَلَمْ تَغْرُبْ عَلٰى يَوْمٍ اَفْضَلَ مِنْ يَوْمِ الْجُمُعَةِ وَمَا مِنْ دَابَّةٍ اِلَّا وَهِيَ تَفْرَقُ مِنْ يَوْمِ الْجُمُعَةِ اِلَّا الثَّقَلَيْنِ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ وَعَلٰى كُلِّ بَابٍ مِّنْ اَبْوَابِ الْمَسْجِدِ مَلَكَانِ يَكْتُبَانِ النَّاسَ الْاَوَّلَ فَالْاَوَّلَ فَاِذَا جَلَسَ الرَّجُلُ قَرَّبَ بَدَنَةً وَكَرَجُلٍ قَرَّبَ بَقَرَةً وَكَرَجُلٍ قَرَّبَ شَاةً وَكَرَجُلٍ قَرَّبَ دَجَاجَةً وَكَرَجُلٍ قَرَّبَ بَيْضَةً فَاِذَا قَامَ الْاِمَامُ طُوِيَتِ الصُّحُفُ وَعَنْ اَبِي سَلَمَةَ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ رض عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ خَيْرَ يَوْمٍ طَلَعَتْ فِيهِ الشَّمْسُ يَوْمُ الْجُمُعَةِ فِيهِ خَلَقَ اللّٰهُ تَعَالٰى اٰدَمَ وَفِيهِ اَدْخَلَهُ الْجَنَّةَ وَفِيهِ اَهْبَطَهُ مِنْهَا وَفِيهِ تَقُومُ السَّاعَةُ وَفِيهِ سَاعَةٌ لَا يُصَادِفُهَا مُؤْمِنٌ يَسْاَلُ اللّٰهَ تَعَالٰى فِيهَا شَيْئًا اِلَّا اَعْطَاهُ اِيَّاهُ قَالَ اَبُوْ سَلَمَةَ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَلَامٍ قَدْ عَرَفْتُ تِلْكَ السَّاعَةَ هِيَ اٰخِرُ سَاعَةٍ مِّنَ النَّهَارِ وَهِيَ لِلسَّاعَةِ الَّتِي خُلِقَ فِيهَا اٰدَمُ عَلَيْهِ السَّلَامُ قَالَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ خُلِقَ الْاِنْسَانُ مِنْ عَجَلٍ وَرَوٰى عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَنْدَهْ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمُ الْجُمُعَةِ سَيِّدُ الْاَيَّامِ وَاَعْظَمُهَا عِنْدَ اللّٰهِ تَعَالٰى وَهُوَ اَعْظَمُ عِنْدَ اللّٰهِ تَعَالٰى مِنْ يَوْمِ الْفِطْرِ وَفِيهِ خَمْسُ خِلَالٍ فِيهِ خَلَقَ اللّٰهُ تَعَالٰى اٰدَمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ فِيهِ اَهْبَطَ عَلَى الْاَرْضِ وَفِيهِ تُوُفِّيَ وَفِيهِ سَاعَةٌ لَا يَسْاَلُ الْعَبْدُ رَبَّهُ فِيهَا شَيْئًا اِلَّا اَعْطَاهُ اِيَّاهُ مَا لَمْ يَسْاَلْ حَرَامًا وَفِيهِ تَقُومُ السَّاعَةُ وَمَا مِنْ مَلَكٍ مُّقَرَّبٍ

جو کچھ اللہ تعالیٰ کے پاس ہے وہ کھیل سے بہتر ہے یعنی نقارہ اور تالیاں بجانے اور اس تجارت سے جسکو دحیہ کلبی لایا اور اللہ تعالیٰ بہتر ہے سب رزق دینے والوں سے اپنے غیر سے اور بعض نے کہا کہ بارہ مرد جو مسجد میں باقی رہ گئے تھے ان میں سے حضرت ابوبکر اور عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما ہیں فصل جمعہ کے دن کی فضیلتوں میں حدیثوں کے طریق سے ان میں ایک وہ روایت ہے جو علاء بن عبدالرحمٰن نے کی اپنے باپ سے اس نے ابوہریرہ سے کہ کہا حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سورج کسی دن پر نہ چڑھا اور نہ غروب ہوا جو جمعہ کے دن سے افضل ہو اور کوئی زمین پر چلنے والا نہیں مگر وہ جمعہ کے دن سے ڈرتا ہے دو گروہ کے سوا جنوں اور آدمیوں کے اور مسجد کے دروازوں میں سے ہر ایک دروازہ پر دو فرشتے ہوتے ہیں جو لوگوں کو لکھتے ہیں پہلے کو پھر پہلے کو جیسے کسی مرد نے اونٹ کی قربانی کی اور جیسے کسی مرد نے گائے کی قربانی کی اور جیسے کسی مرد نے بکری قربانی کی اور جیسے کسی مرد نے مرغی قربانی کی اور جیسے کسی مرد نے انڈا قربانی کیا پھر جب امام کھڑا ہوا امام تو وہ صحیفے لپیٹ جاتے ہیں اور روایت ہے ابوسلمہ سے اس نے ابوہریرہ سے اس نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے آپ نے فرمایا بہت بہتر دن جس میں سورج چڑھے جمعہ کا دن ہے اسی دن میں وہ اس سے اتارے گئے اور اسی دن میں قیامت قائم ہوگی اور اسی دن میں ایک گھڑی ہے جسکو نہیں پاتا مومن اللہ تعالیٰ سے اسمیں کچھ مانگتا ہے مگر وہ اسے دیتا ہے ابوسلمہ نے کہا عبداللہ بن سلام نے کہا میں اس گھڑی کو پہچانتا ہوں وہ آخر گھڑی ہے دن میں سے اور وہ گھڑی ہے جسمیں حضرت آدم علیہ السلام پیدا کیے گئے ہیں اللہ عزوجل نے فرمایا انسان شتابی سے پیدا کیا گیا ہے اور عبداللہ بن مندہ نے روایت کی کہا حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جمعہ کا دن دنوں کا سردار اور انکا بڑا بزرگ ہے اللہ تعالیٰ کے پاس دن سے عید الفطر کے اور اسمیں پانچ خصلت ہیں اللہ تعالیٰ نے اسمیں آدم علیہ السلام کو پیدا کیا اور اسی میں وہ زمین پر اتارے گئے اور اسی میں وہ فوت کیے گئے اور اسمیں ایک گھڑی ایسی ہے کہ بندہ اپنے رب سے نہیں مانگتا اسمیں کچھ مگر وہ اسکو دیدیتا ہے جبتک حرام نہ مانگے اور اسی میں قیامت قائم ہوگی اور کوئی فرشتہ مقرب اپنے رب عزوجل کے پاس نہیں ہے۔

عِنْدَ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ اِلَّا وَهُوَ يَفْرَقُ مِنْ يَوْمِ الْجُمُعَةِ وَلَا سَمَاءٌ
وَلَا اَرْضٌ اِلَّا وَهُوَ يُشْفِقُ مِنْ يَوْمِ الْجُمُعَةِ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رض
عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ خَيْرُ يَوْمٍ طَلَعَتْ فِيْهِ
الشَّمْسُ يَوْمُ الْجُمُعَةِ فِيْهِ خُلِقَ اٰدَمُ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَفِيْهِ
اُدْخِلَ الْجَنَّةَ وَفِيْهِ اُخْرِجَ مِنْهَا وَفِيْهِ تَقُوْمُ السَّاعَةُ وَعَنْ
اَبِيْ هُرَيْرَةَ رض اَيْضًا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ
قَالَ اَلْيَوْمُ الشَّاهِدُ يَوْمُ الْجُمُعَةِ وَالْمَشْهُوْدُ يَوْمُ عَرَفَةَ وَالْمَوْعُوْدُ
يَوْمُ الْقِيٰمَةِ مَا طَلَعَتْ شَمْسٌ وَلَا غَرَبَتْ عَلٰى يَوْمٍ اَفْضَلَ مِنْ يَوْمِ
الْجُمُعَةِ فِيْهِ سَاعَةٌ لَا يُوَافِقُهَا عَبْدٌ مُؤْمِنٌ يَسْاَلُ اللّٰهَ تَعَالٰى
فِيْهَا خَيْرًا اِلَّا اَعْطَاهُ اَوْ يَسْتَعِيْذُهٗ مِنْ شَرٍّ اِلَّا يُعِيْذُهٗ اَخْرَجَهُ
اَبُوْ نَصْرٍ عَنْ وَالِدِهٖ بِاِسْنَادِهٖ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ رض قَالَ اِذَا
كَانَ يَوْمُ الْجُمُعَةِ خَرَجَتِ الشَّيَاطِيْنُ يَرْفُوْنَ النَّاسَ اِلٰى اَسْوَاقِهِمْ
وَمَعَهُمُ الرَّايَاتُ وَتَخْرُجُ الْمَلٰئِكَةُ عَلٰى اَبْوَابِ الْمَسَاجِدِ يَكْتُبُوْنَ
عَلٰى قَدْرِ مَنَازِلِهِمُ السَّابِقَ وَالْمُصَلِّيَ وَالَّذِيْ يَلِيْهِ حَتّٰى يَخْرُجَ
الْاِمَامُ فَمَنْ دَنٰى مِنَ الْاِمَامِ فَنَصَتَ وَاسْتَمَعَ وَلَمْ يَلْغُ كَانَ
لَهٗ كِفْلَانِ مِنَ الْاَجْرِ وَمَنْ نَاٰى عَنْهُ فَاسْتَمَعَ وَنَصَتَ وَلَمْ
يَلْغُ كَانَ لَهٗ كِفْلٌ مِنَ الْاَجْرِ وَمَنْ دَنٰى مِنَ الْاِمَامِ فَلَغَا
وَلَمْ يَنْصُتْ وَلَمْ يَسْتَمِعْ كَانَ عَلَيْهِ كِفْلَانِ مِنَ الْوِزْرِ وَمَنْ
نَاٰى عَنْهُ فَلَغَا وَلَمْ يَنْصُتْ وَلَمْ يَسْتَمِعْ كَانَ عَلَيْهِ كِفْلٌ مِنَ الْوِزْرِ ثُمَّ
قَالَ لَهٗ فَقَدْ تَكَلَّمَ جُمُعَةَ لَهٗ ثُمَّ قَالَ عَلِيٌّ هٰكَذَا سَمِعْتُ مِنْ نَبِيِّكُمْ
مُحَمَّدٍ ص وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رض قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِذَا قُلْتَ لِصَاحِبِكَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَالْاِمَامُ
يَخْطُبُ اَنْصِتْ فَقَدْ لَغَوْتَ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ
عَنْ جَدِّهٖ رض قَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ
تَقِفُ الْمَلٰئِكَةُ عَلٰى اَبْوَابِ الْمَسَاجِدِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ يَكْتُبُوْنَ الْاَوَّلَ فَالْاَوَّلَ
النَّاسَ حَتّٰى يَخْرُجَ الْاِمَامُ فَاِذَا خَرَجَ الْاِمَامُ طَوَتِ الصُّحُفَ
وَرُفِعَتِ الْاَقْلَامُ قَالَ فَتَقُوْلُ الْمَلٰئِكَةُ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ
مَا حَبَسَ فُلَانًا وَمَا حَبَسَ فُلَانًا قَالَ فَتَقُوْلُ الْمَلٰئِكَةُ
بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ اَللّٰهُمَّ اِنْ كَانَ مَرِيْضًا فَاشْفِهٖ وَاِنْ

کسی چیز کو ملائکہ کے سوا کسی اور خدا کے سوا کسی چیز کی مثل نہ کہے کسی کے ساتھ آرام نہ پائے اور خدا کے سوا کسی کے ساتھ نہ ہو پس علماء نے اس سوال کی تبدیلی کو جائز کہا ہے اور بعض نے اس سوال کو اور بعض نے اس کو ناجائز کہا ہے اور بعض نے اس سوال کو اور اس کو جائز کہا ہے اور بعض نے اس سوال کو اور

كَانَ ضَالًّا فَاهْدِهِ وَإِنْ كَانَ غَائِبًا فَأَعِنْهُ وَقَالَ
جَعْفَرٌ حَدَّثَنَا ثَابِتٌ قَالَ بَلَغَنَا أَنَّ اللَّهَ تَعَالَى مَلَائِكَةً
مَعَهُمُ الْوَاحٌ مِنْ فِضَّةٍ وَأَقْلَامٌ مِنْ ذَهَبٍ يَكْتُبُونَ مَنْ
صَلَّى لَيْلَةَ الْجُمُعَةِ وَيَوْمَ الْجُمُعَةِ فِي جَمَاعَةٍ أَخْبَرَ الشَّيْخُ
أَبُو نَصْرٍ عَنْ وَالِدِهِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرِ بْنِ
عَبْدِ اللَّهِ قَالَ إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
قَالَ مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَعَلَيْهِ الْجُمُعَةَ فِي
يَوْمِ الْجُمُعَةِ إِلَّا مَرِيضًا أَوْ مُسَافِرًا أَوِ امْرَأَةً أَوْ صَبِيًّا
أَوْ مَمْلُوكًا وَمَنِ اسْتَغْنَى عَنْهَا بِلَهْوٍ أَوْ تِجَارَةٍ بِاسْتَغْنَى اللَّهُ
تَعَالَى عَنْهُ وَاللَّهُ غَنِيٌّ حَمِيدٌ وَعَنْ أَبِي الْجَعْدِ الضَّمْرِيِّ
عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ مَنْ تَرَكَ الْجُمُعَةَ ثَلَاثًا
تَهَاوُنًا بِهَا طَبَعَ اللَّهُ تَعَالَى عَلَى قَلْبِهِ أَخْبَرَنَا الشَّيْخُ
أَبُو نَصْرٍ عَنْ وَالِدِهِ بِإِسْنَادِهِ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ
جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ عَلَى مِنْبَرِهِ يَا أَيُّهَا النَّاسُ تُوبُوا إِلَى
اللَّهِ تَعَالَى قَبْلَ أَنْ تَمُوتُوا وَبَادِرُوا بِالْأَعْمَالِ الصَّالِحَةِ
قَبْلَ أَنْ تُشْغَلُوا وَصِلُوا الَّذِي بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ رَبِّكُمْ
بِكَثْرَةِ ذِكْرِكُمْ لَهُ تُسْعَدُوا وَأَكْثِرُوا مِنَ الصَّدَقَةِ فِي
السِّرِّ وَالْعَلَانِيَةِ تُوجَرُوا وَتُحْمَدُوا وَتُرْزَقُوا وَاعْلَمُوا
أَنَّ اللَّهَ تَعَالَى قَدْ فَرَضَ عَلَيْكُمُ الْجُمُعَةَ فَرِيضَةً مَكْتُوبَةً
فِي مَقَامِي هَذَا فِي شَهْرِي هَذَا فِي عَامِي هَذَا إِلَى يَوْمِ
الْقِيَامَةِ مَنْ وَجَدَ إِلَيْهَا سَبِيلًا فَمَنْ تَرَكَهَا فِي حَيَاتِي
أَوْ بَعْدِي جُحُودًا بِهَا أَوِ اسْتِخْفَافًا بِهَا وَلَهُ إِمَامٌ جَائِرٌ
أَوْ عَادِلٌ فَلَا جَمَعَ اللَّهُ لَهُ شَمْلَهُ وَلَا بَارَكَ لَهُ فِي أَمْرِهِ
أَلَا فَلَا صَلَاةَ لَهُ أَلَا وَلَا وُضُوءَ لَهُ أَلَا وَلَا زَكَاةَ لَهُ أَلَا
وَلَا حَجَّ لَهُ وَلَا بِرَّ لَهُ حَتَّى يَتُوبَ فَإِنْ تَابَ تَابَ اللَّهُ
تَعَالَى عَلَيْهِ أَلَا وَلَا تَؤُمَّنَّ امْرَأَةٌ رَجُلًا وَلَا يَؤُمَّنَّ
أَعْرَابِيٌّ مُهَاجِرًا وَلَا يَؤُمَّنَّ فَاجِرٌ مُؤْمِنًا إِلَّا أَنْ يَقْهَرَهُ
سُلْطَانٌ يَخَافُ سَيْفَهُ وَسَوْطَهُ وَأَخْبَرَنَا أَبُو نَصْرٍ عَنْ

گمراہ ہے تو اس کو ہدائت دی اور اگر وہ غائب ہے تو اسکو مدد دی اور جعفر نے کہا
ہم سے حدیث بیان کی ثابت نے کہا ہمکو پونہچا کہ اللہ تعالے کیلئے فرشتے ہین جن کے
ساتھہ چاندی کی تختیان ہوتی ہین اور سونے کی قلمین جو شخص جمعہ کی رات
کو اور جمعہ کے دن کو جماعت مین نماز پر ہتا ہے اس کو لکھتے ہین ہم کو خبر دی
شیخ ابو نصر نے اپنے باپ سے اپنے اسناد سے ابو الزبیر سے اس نے جابر بن
عبد اللہ سے کہا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص ایمان رکہتا ہے
اللہ سے اور پچہلے دن سے پس اسپر جمعہ ہے جمعہ کے دن مگر جو بیمار ہو یا مسافر
یا عورت یا لڑکا یا غلام اور جو شخص اس سے بے پروا ہو کہیل یا تجارت
مین تو اللہ تعالے اس سے بے پرواہے سراہا گیا ہے اور ابو الجعد
ضمری سے روایت ہے اس نے حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے
کہ آپ نے فرمایا جو شخص جمعہ ترک کرنے مین جمعہ حقیر جانکر تو اللہ تعالے
اسکے دل پر مہر کر دیگا اور ہم کو خبر دی شیخ ابو نصر نے اپنے باپ سے اپنی
اسناد سے سعید بن المسیب سے اس نے جابر بن عبد اللہ رض سے کہا کہا
نے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا منبر پر سے لوگو
اللہ تعالے کی طرف توبہ کرو مرنے سے پہلے اور نیک عملون مین
شتابی کرو مشغول ہونے سے پہلے اور ملاؤ اس چیز کو جو تمہارے
درمیان اور تمہارے رب کے درمیان ہے اس کو اپنے بہت
یاد کرنے سے سعادت مند ہو جاؤ گے اور بہت دو صدقہ پوشیدہ
اور ظاہر مین تو تم ثواب دیے جاؤ گے اور تعریف کیئے جاؤ گے
اور رزق دیئے جاؤ گے اور جان لو کہ بیشک اللہ تعالے نے تمپر جمعہ فرض
کیا ہے فرض لکہا ہوا میرے اس مقام مین میرے اس مہینے مین میرے
اس سال مین قیامت کے دن تک جو شخص اسکی طرف راہ پاوے پس جو شخص اسکو
ترک کرے میری زندگی مین یا میرے پیچہے اس سے انکار کرکے یا اسکو حقیر سمجہکر اور
اسکا امام بہی ہو ظالم ہو یا عادل پس اللہ تعالے اسکیلئے اسکی پریشانی جمع نہ
کرے اسکیلئے اسکے کام مین برکت کرے خبردار ہو اسکی کوئی نماز نہین خبردار ہو اسکا
کوئی وضو نہین خبردار ہو اور نہ اسکی زکوۃ خبردار ہو اور نہ اسکا حج خبردار ہو
اور نہ اسکیلئے کوئی برکت جب تک وہ توبہ نہ کرے پہر اگر توبہ کرے تو اللہ تعالے
اسکی توبہ قبول کریگا خبردار ہو عورت امامت کرے مرد کی اور اعرابی امامت کرے
مہاجر کی اور خبردار ہو نہ فاجر امامت کرے مومن کی مگر یہ کہ بادشاہ اسپر قہر کرے

قَالَ الدِّهْ بِاِسْنَادِهٖ عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ عَنْ طَاوُسٍ عَنْ اَبِيْ
مُوْسَى الْاَشْعَرِيِّ قَالَ اِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ
اللّٰهَ يَبْعَثُ الْاَيَّامَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَلٰى هَيْئَتِهَا وَيَبْعَثُ الْجُمُعَةَ
وَهِيَ زَاهِرَةٌ مُنِيْرَةٌ اَهْلُهَا يَحُفُّوْنَ بِهَا كَالْعَرُوْسِ تُهْدٰى
اِلٰى كَرِيْمِهَا تُضِيْئُ لَهُمْ يَمْشُوْنَ فِيْ ضَوْءِهَا اَلْوَانُهُمْ كَالثَّلْجِ
وَرِيْحُهُمْ كَالْمِسْكِ يَخُوْضُوْنَ فِيْ جِبَالِ الْكَافُوْرِ وَيَنْظُرُ
اِلَيْهِمُ الثَّقَلَانِ مَا يَطْرِفُوْنَ تَعَجُّبًا حَتّٰى يَدْخُلُوا الْجَنَّةَ
لَا يُخَالِطُهُمْ اَحَدٌ اِلَّا الْمُؤَذِّنُوْنَ الْمُحْتَسِبُوْنَ وَاَخْبَرَنَا
اَبُوْ نَصْرٍ عَنْ وَالِدِهٖ بِاِسْنَادِهٖ عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ عَنْ اَنَسِ
ابْنِ مَالِكٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ اِنَّ
لِلّٰهِ تَعَالٰى سِتُّمِائَةِ اَلْفِ عَتِيْقٍ مِنَ النَّارِ فِيْ كُلِّ يَوْمٍ وَّ
لَيْلَةِ الْجُمُعَةِ وَيَوْمَ الْجُمُعَةِ اَرْبَعٌ وَّعِشْرُوْنَ سَاعَةً فِيْ كُلِّ
سَاعَةٍ سِتُّمِائَةِ اَلْفِ عَتِيْقٍ مِنَ النَّارِ كُلُّهُمْ قَدِ اسْتَوْجَبُوا
النَّارَ وَفِيْ لَفْظٍ اٰخَرَ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ اَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ
